# کراس ایگزامینیشن

# (Cross-Examination)

## (فوجداری مقدمات)


ملک ریاض خالد

ایم اے ایل ایل بی



کامران پبلی کیشنز لاہور۔ ملتان فون: 061-6012524 0321-6307372 0321-6322629



Marfat.com

Marfat.com

# جرح

## (Cross -Examination )

### (فوجداری مقدمات)

منجانب ملک ریاض خالد
ایم اے ایل ایل بی

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مولف وناشر محفوظ ہیں

مولف وناشر: ملک ریاض خالد ایم اے ایل ایل بی

نام کتاب: جرح (فوجداری مقدمات)

سلسلہ مطبوعات: 11 84675

کتابت: الکتاب کمپیوٹر اینڈ گرافکس ملتان

طابع حافظ پرنٹنگ پریس ملتان

ٹائیٹل اللہ بخش احرار

تعداد 5000

قیمت -/200

## ملنے کا پتہ:

1۔ملک ریاض خالد 58۔کامران ہاؤس مظفر گڑھ

فون 0661-422813 - 0661-422242

2۔پولیس ٹریننگ سکول ملتان

3۔علمی کتب خانہ مظفر گڑھ

4۔پولیس ٹریننگ کالج سہالہ

5۔لکی پروویژن پولیس سٹور ملتان کچہری روڈ ملتان

6۔کاروان بک سنٹر ملتان کینٹ

Marfat.com

# انتساب

اپنے والدِ محترم کے نام جن کی محبت وشفقت نے مجھے باشعور کیا۔ اللہ رب العزت انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور انکی لحد پر رحمتوں کی بارش ہو۔ (آمین۔ ثمہ آمین)

یکم جنوری 2005ء　　　　　　ملک ریاض خالد

Marfat.com

Marfat.com

بسمه اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہر مقدمہ (Case) کے حالات و واقعات دوسرے مقدمے سے قطعی مختلف ہوتے ہیں اس لئے زیر نظر کتاب چراغ راہ ہے منزل نہیں ہے۔

معزز قارئین ہم وکلاء برادری کو تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(1) پہلا وہ طبقہ جو کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتا ہے جو فکر معاش سے آزاد ہوتا ہے یہ طبقہ صرف گپ شپ یا وقت گزارنے کے لئے کچہری آتا ہے۔

(2) دوسرا وکلاء برادری کا وہ طبقہ ہے جو کثیر تعداد میں موجود ہے جنہیں سیکھنے کا از حد شوق ہوتا ہے۔

(3) تیسرا طبقہ سینئر وکلاء صاحبان کا طبقہ ہے جو ہمارا سرمایا ہے اس طبقے کو اساتذہ کرام کا مقام بھی حاصل ہوتا ہے۔

معزز قارئین!! میں نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں بطور گورنمنٹ پلیڈر اپنے فرائض سرانجام دیے ہیں میں نے وکلاء صاحبان کے اس نوجوان طبقے کو سیکھنے کا شائق پایا ہے اس میں لگن اور تڑپ دیکھی ہے ان کے اس جذبے کو دیکھ کر کافی عرصہ سے میری خواہش تھی کہ اپنی اس برادری کے لئے کچھ کام کروں یہی تحریک اس کتاب کو لکھنے کا سبب بنی۔

آپ یقیناً اس بات سے اتفاق کریں گے کہ ہماری عوام زیادہ تر ان پڑھ

Marfat.com

ہے اردو ہماری قومی زبان ہے یہ وہ واحد زبان ہے جو ہمارے ملک کے ہر حصے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے ظاہر ہے کہ ہم نے جرح بھی اردو زبان ہی میں کرنی ہے اور کی جاتی ہے اس لئے میں نے اردو زبان ہی کو اولیت دی ہے میں نے مارکیٹ میں موجود کئی کتب کا مطالعہ کیا ہے جو انتہائی لائق، ذہین، تجربہ کار اور ماہر قانون دانوں نے مرتب کی ہیں ان کتابوں میں فن وکالت اور تعریفات پر زیادہ اکتفا کیا گیا ہے لیکن میں نے ان موضوعات سے ہٹ کر ایک کوشش ناتمام کی ہے مختلف تعریفات تو میجرا یکٹس (MAJOR ACTS) اور دیگر ACTS میں موجود ہیں میں نے چند سنگین مقدمات میں نمونے کے طور پر جرح کے سوالات تحریر کئے ہیں تاکہ میں اپنے جونیئر وکلاء صاحبان کی بہتر طور پر رہنمائی کر سکوں۔

میں اپنے آپ کو وکالت کے میدان میں ایک ادنیٰ سا طالب علم سمجھتا ہوں اردو زبان میں میری یہ حقیر کاوش انشاءاللہ آپ کے لئے روشنی کا مینار ثابت ہوگی۔

آپ سب سے درخواست ہے کہ محنت کو اپنا شعار بنائیں وکالت کا پیشہ ایک سمندر ہے اس میں آپ جتنے غوطے لگائیں گے اتنے موتی پائیں گے۔ اللہ رب العزت آپ کا حامی وناصر ہو۔ آپ کی قیمتی آراء کا منتظر رہوں گا۔

یکم جنوری 2005ء

ملک ریاض خالد

☆

Marfat.com

# انڈکس



| صفحہ نمبر | تفصیل | باب نمبر |
|---|---|---|
| 11 | جرح کے رہنما اصول | 1 |
| 15 | سماعت مقدمہ کے مراحل | 2 |
| 27 | منشیات کے مقدمات پر جرح | 3 |
| 35 | ناجائز اسلحہ کے مقدمہ میں جرح | 4 |
| 49 | حادثات کے مقدمات میں جرح | 5 |
| 61 | ضربات شدید کے مقدمہ میں جرح | 6 |
| 67 | غیر فطری فعل کی صورت میں جرح | 7 |
| 76 | پراپرٹی کے مقدمات میں جرح | 8 |
| 135 | اغواء اور زنا کے مقدمات میں جرح | 9 |
| 145 | قتل عمد کے مقدمہ میں جرح | 10 |



Marfat.com

| صفحہ نمبر | تفصیل | باب نمبر |
| --- | --- | --- |
| 231 | ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ پر جرح کے متوقع سوالات | 11 |
| 235 | منحرف گواہ پر جرح کے متوقع سوالات | 12 |
| 239 | فنگر پرنٹس ایکسپرٹ پر جرح کے متوقع سوالات | 13 |
| 243 | ضامن کی حیثیت اور 514 ض ف کی کاروائی | 14 |
| 255 | ماورائے عدالت اقبال جرم کی صورت میں گواہ رگواہان پر متوقع سوالات | 15 |
| 263 | شناخت پریڈ کی کاروائی کرنیوالے مجسٹریٹ پر جرح کے متوقع سوالات | 16 |
| 1 | Questions That may be Put to Medical Officer | 17 |


Marfat.com

# باب نمبر 1

# جرح کے رہنما اصول

Marfat.com

Marfat.com

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم

# باب نمبر 1

## جرح کے رہنما اصول

1۔ جرح کرنا ایک بہت بڑا آرٹ ہے جب گواہ آپ کے ہاتھ آئے تو انتہائی پیار ومحبت اور شفقت سے اس پر سوال کریں تا کہ اس کی گھبراہٹ ختم ہو اور وہ آپ کے سوالوں کے درست جواب دیتا چلا جائے۔

2۔ اگر گواہ کچھ حقائق اپنے بیان میں نہ بتا سکا ہے اور وہ باتیں آپ کے حق میں جاتی ہوں تو ان سے متعلق ہرگز ہرگز سوال نہ کریں۔

3۔ فائل کا اچھی طرح مطالعہ کر کے اہم سوالات تحریر کر لیں۔

4۔ اگر گواہ حقائق بیان کر رہا ہو تو کم سے کم سوالات کریں۔

5۔ آپ نے جرح میں جھوٹ اور سچ کو علیحدہ کرنا ہے ہمیشہ اپنے موکل کے مفاد کو سامنے رکھ کر گواہ پر سوالات کریں۔

6۔ آپ ایسے سوالات ہرگز نہ کریں جن سے مخالف فریق کو فائدہ پہنچتا ہو۔

7۔ گواہ کے معاشرتی مقام اور عزت نفس کو سامنے رکھ کر سوالات کریں۔

Marfat.com

گواہ کی دل آزاری ہرگز نہ کریں۔

8۔ ہر گواہ پر مختلف قسم کے سوال کریں۔ ایک جیسے سوالات سے گریز کریں۔

9۔ جرح مختصر مگر جامع ہو۔ سوالات صرف متعلقہ مقدمہ سے متعلق ہوں ۔ادھر ادھر کی باتوں سے اجتناب کریں۔

10۔ گواہ سے متعلق کبھی بھی کوئی سوال ڈائریکٹ نہ کریں۔

11۔ اپنے مخالف کو کبھی کمزور نہ سمجھیں بلکہ ہمیشہ ہوشیار رہیں۔

12۔ بلا مقصد اور بغیر سوچے سمجھے کبھی بھی کوئی سوال نہ کریں۔

13۔ گواہ کے ساتھ کبھی بھی بحث نہ کریں اور اگر گواہ آپ کے سوال کا جواب نہ دے تو عدالت سے درخواست کریں۔

14۔ گواہ کو بار بار نہ کہیں اس نے حلف اٹھایا ہوا ہے۔

15۔ جرح میں کبھی بھی جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں اور کبھی بھی ایسا سوال نہ کریں جس سے گواہ کے جذبات یا عزت نفس مجروح ہو۔

16۔ ہمیشہ ہمیشہ عدالت کی عزت ووقار اور آداب کا خیال رکھیں۔

Marfat.com

# باب نمبر 2

# فوجداری مقدمات میں سماعت کے مراحل

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 2

## فوجداری مقدمہ میں سماعت کے مراحل

1۔ملزمان کی حاضری:۔

چالان موصول ہونے پر سب سے پہلے عدالت ملزم/ملزمان کو طلب کرتی ہے جب ملزمان حاضر آجائیں تو پھر اگلی کاروائی شروع ہوتی ہے۔

2۔نقول وغیرہ کی تقسیم:۔

ملزم/ملزمان کے حاضر آنے پر انہیں درج ذیل نقول تقسیم کی جاتی ہیں۔

i۔ بیانات گواہان زیرِ دفعہ 161 ض ف۔

ii۔نقل کوائف ملاحظہ موقع۔

iii۔173 ض ف کی رپورٹ کی نقل۔

iv۔نقل FIR۔

v۔نقل کوائف جائے برآمدگی۔

vi۔ بیان/ بیانات گواہان زیر دفعہ 164 ض ف وغیرہ وغیرہ

اگر مقدمہ قابلِ سماعت مجسٹریٹ درجہ اول ہوتو یہ نقول زیر دفعہ 241 ض ف تقسیم کی جاتی ہیں اور اگر مقدمہ سیشن ٹرائیل ہوتو یہ نقول زیر دفعہ 265 سی ضابطہ فوجداری تقسیم کی جاتی ہیں اور عدالت یہ نقول تقسیم کرتے وقت ٹوکن کے طور پر ملزمان

Marfat.com

سے دستخط/نشان انگوٹھا ثبت کراتی ہے اور احکام درمیانی میں اسکا تذکرہ کیا جاتا ہے یہ نقول بمطابق تعداد ملزمان لف کی جاتی ہیں۔

3۔ فرد قرار دادِ جرم:۔

نقول تقسیم ہونے کے بعد ملزم/ملزمان پر سرسری فرد قرارداد جرم عائید کی جاتی ہے۔ نقول تقسیم ہونے کے بعد فرد جرم عائید کرنے کے لئے سات یوم کا وقفہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ہر جرم کا علیحدہ علیحدہ فرد جرم عائید کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد عدالت سوالاً جواباً استفسار ملزم قلمبند کرتی ہے۔ عموماً اس قسم کے سوالات پوچھے جاتے ہیں۔

سوال  کیا آپ نے مضمون فرد جرم سن اور سمجھ لیا ہے؟

جواب  جی ہاں

سوال  کیا آپ کو جرم سے اقبال ہے یا انکار ہے؟

جواب  انکار ہے۔

سوال  کیا آپ مزید کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

جواب  بے قصور ہوں۔

سوال  کیا آپ شہادت صفائی دیں گے؟

جواب  جی ہاں۔

Marfat.com

# فرد قرار دادِ جرم جس میں ایک الزام ہو!

(دیکھو دفعات 221-222-223 مجموعہ ضابطہ فوجداری)

شیڈول نمبر ۵ فارم نمبر ۲۵

جرم بمقدمہ ________________

بنام ________________

میں مجسٹریٹ ______________ اس تحریر کی رو سے

آپ ________ ملزم ________________

پرحسبِ تفصیل ذیل الزام قائم کرتا ہوں۔

کہ آپ نے تاریخ ________ ماہ ________ کو یا اس کے قریب موقعہ

پر ________________

________________

________________

________________

لہذا آپ اس جرم کے مرتکب ہوئے جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ________ میں مقرر ہے۔

اور جو ________ سماعت کے لائق ہے اور میں اس تحریر کے ذریعہ حکم دیتا ہوں کہ آپ کی تجویز بربنائے الزام مذکورہ ہماری عدالت کے روبرو عمل میں آئی۔

عدالت مجسٹریٹ ضلع

مورخہ 2002ء

(مہر) دستخط

مجسٹریٹ درجہ

(مہر عدالت)

Marfat.com

فرد جرم میں ملزم اگر اپنے جرم سے اقبال کرتا ہے تو عدالت اسے سوچنے سمجھنے کا موقع دے کر اس کے جرم کی نوعیت کے مطابق سزا تجویز فرمائے گی۔ اگر ملزم اپنے جرم سے انکاری ہوا ہو تو پھر عدالت شہادتِ استغاثہ طلب کرے گی۔

فرد جرم عائد ہونے کے روز بھی شہادتِ استغاثہ قلمبند کی جا سکتی ہے اور اگر ملزم نے کونسل مقرر کرنا ہے تو عدالت اگلی تاریخ کے لئے جو عدالت تجویز فرمائے گی شہادت استغاثہ قلمبند کرے گی۔

4۔ شہادت استغاثہ:۔

فرد جرم عائد ہونے کے بعد شہادت استغاثہ قلمبند کی جاتی ہے۔ یہ پر اسیکیوشن کی صوابدید پر ہوتا ہے کہ وہ کتنے گواہ پیش کرنا چاہتے ہیں؟ ان گواہان پر ڈیفینس کونسل جرح کرتا ہے۔ جو گواہ پیش عدالت نہ کئے جائیں انہیں بوجہ غیر ضروری یا ساز باز کی وجہ سے ترک کر دیا جاتا ہے اور انسپکٹر لیگل/ اٹارنی / یا پبلک پراسیکیوٹر اس سلسلے میں اپنا باقاعدہ بیان قلمبند کراتے ہیں کہ وہ فلاں فلاں گواہ کو بوجہ غیر ضروری یا بوجہ ساز باز ملزمان ترک کر رہے ہیں۔

5۔ بیان ملزم زیر دفعہ 342 ض ف:۔

شہادت استغاثہ ختم ہونے کے بعد بیان ملزم زیر دفعہ 342 ض ف قلمبند کیا جاتا ہے جو سوالاً جواباً ہوتا ہے نمونہ حسب ذیل ہے۔

بیان ملزم______ ولد______ قوم______ عمر______

ساکن______________________

(زیر دفعہ 342 ضابطہ فوجداری)

Marfat.com

(بلا حلف)

سوال: کیا یہ درست ہے کہ مورخہ ____________ کو

قریب______ بجے دن________________

________________________________

________________________________

________________________________

جواب: غلط ہے۔

سوال: کیا آپ نے شہادت استغاثہ آمدہ بر مثل سن اور سمجھ لی ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال: آپ کے خلاف مقدمہ کیوں بنایا گیا؟

جواب:________________________

سوال: گواہان نے آپ کے خلاف گواہی کیوں دی؟

جواب:________________________

سوال: نتیجہ کیمیکل ایگزامیز آپ کے خلاف مثبت کیوں موصول ہوا؟

جواب:________________________

(نوٹ اگر کوئی نتیجہ لف ہو تو یہ سوال کیا جائے گا)

سوال: کیا آپ مزید کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

جواب:________________________

سوال: کیا آپ شہادت صفائی دیں گے؟

Marfat.com

جواب: جی ہاں

سوال: کیا آپ اپنی صفائی میں خود بطور گواہ برحلف زیر دفعہ (2)340 ض ف پیش ہوں گے؟

جواب جی ہاں۔

سنکر درست تسلیم کیا (تاریخ)

دستخط/نشان انگوٹھا ملزم

دستخط مجسٹریٹ مع تاریخ

ومہر عدالت

سرٹیفکیٹ:

تصدیق کی جاتی ہے کہ بیان بالا ملزم ہماری سماعت میں ہمارے روبرو تحریر کیا گیا جس کو درست تسلیم کرتے ہوئے ملزم نے ہماری سماعت میں ہمارے روبرو اپنا نشان انگوٹھا/ دستخط ثبت کیے۔

دستخط مجسٹریٹ مع تاریخ

ومہر عدالت

Marfat.com

## 6۔ گواہان صفائی:۔

342 ضابطہ فوجداری کے تحت بیان قلمبند ہونے کے بعد ڈیفینس اپنی صفائی میں گواہ پیش کریں گے جن پر جرح کا حق انسپکٹر لیگل/ اٹارنی یا پبلک پراسیکیوٹر کو حاصل ہوتا ہے۔ گواہان صفائی پیش کرنا یا نہ کرنا ڈیفینس کی مرضی پر ہے۔

7۔ بیان ملزم زیر دفعہ (2)340 ض ف:

صفائی کے گواہان کے بعد ملزم اپنی صفائی میں اپنا بیان زیر دفعہ (2)340 ض ف قلمبند کرائے گا جو برحلف ہوگا۔ یہ بیان قلمبند کرانا یا نہ کرانا ملزم کی مرضی پر ہوتا ہے جس پر جرح کا حق انسپکٹر لیگل/ اٹارنی / پبلک پراسیکیوٹر کو حاصل ہوتا ہے۔ اگر ملزم پر جرح نہ کی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ملزم کا مؤقف تسلیم کرلیا گیا ہے۔

نمونہ بیان حسب ذیل ہے

بیان ملزم ________ ولد ________ قوم ________ عمر

________ ساکن ________

زیر دفعہ (2)340 ض ف

برحلف

بیان کیا کہ

________________

________________

Marfat.com

جرح منجانب انسپکٹر لیگل/ اٹارنی/ پبلک پراسیکیوٹر xxxxxxxx

سنکر درست تسلیم کیا

نشان انگوٹھا/ دستخط ملزم

دستخط مجسٹریٹ مع تاریخ

ومہر عدالت

**نوٹ:۔** اکثر سینئر وکلاء صاحبان کی رائے ہوتی ہے کہ نہ تو صفائی دینی چاہیے اور نہ ہی ملزم اپنی صفائی میں اپنا بیان زیر دفعہ (2)340 ضابطہ فوجداری قلمبند کرائے۔ ہوسکتا ہے آپ کی بھی یہی رائے ہو لیکن مجھے اس بات سے قطعی اختلاف ہے کہ ملزم کو ہر صورت گواہان صفائی پیش کرنے چاہئیں اور انہیں صفائی میں برحلف اپنا بیان زیر دفعہ (2)340 ض ف بھی قلمبند کرانا چاہیے اگر آپ نے اپنی صفائی کے

84675

Marfat.com

گواہان پیش نہ کیے ہوں تو عدالت کے سامنے صرف ایک ورشن ہوگی اس طرح ملزم کے سزا ہونے کا احتمال بھی بڑھ جاتا ہے اور آپ نے صفائی کے گواہان پیش کر دیے تو عدالت اپنا فیصلہ صادر کرتے ہوئے دونوں ورشن کو سامنے رکھ کر غور فرمائے گی اور اپنا فیصلہ صادر فرمائے گی اس طرح ملزم کے بچنے یا کم سزا ہونے کا چانس بڑھ جاتا ہے امید ہے کہ آپ میری اس بات سے ضرور اتفاق فرمائیں گے۔

7۔ بحث آخیر:

صفائی کا بیان قلمبند ہونے کے بعد ملزم اپنا بیان قلمبند کرائے گا کہ وہ اب شہادت صفائی ختم کرتا ہے اس کے بعد بحث آخیر ہوگی۔ انسپکٹر لیگل/ اٹارنی/ پبلک پر اسیکیوٹر۔ پراسیکیوشن کے حق میں اپنے دلائل پیش کرے گا اس کے بعد ڈیفینس کونسل ملزمان کے حق میں اپنے دلائل مکمل کریں گے اور ان خامیوں کی نشاندہی کریں گے جو جرح کے دوران سامنے آئی ہوں گی۔ اس طرح ہر گواہ کا دوسرے گواہ کے بیان سے تقابل بھی کرائیں گے۔ اس کے بعد عدالت اپنا فیصلہ صادر فرمائے گی۔

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 3

# منشیات کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 3

## منشیات کے مقدمات

(گواہان پر جرح کے متوقع سوالات)

جرم زیر دفعہ 3/4/4/79 امتناعِ منشیات آرڈیننس

11/4/79 امتناعِ منشیات آرڈیننس

اور جرائم زیر دفعہ C.N.S.A

1۔ تھانہ سے کب روانہ ہوئے رپٹ نمبر کیا ہے؟

2۔ کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

3۔ کس سواری پر روانہ ہوئے؟

4۔ جائے وقوعہ تھانہ سے کتنی دور ہے؟

5۔ کتنی دیر کے بعد جائے وقوعہ پر پہنچے؟

6۔ راستے میں کہاں کہاں رکے اور کس کس شخص کو چیک کیا؟

7۔ اس روز کتنے ریڈ کئے یا کتنے اشخاص کو گرفتار کیا؟

8۔ ملزم پولیس کے پہنچنے سے پہلے موقعہ پر موجود تھا یا بعد میں آیا؟

9۔ ملزم کس طرف سے آیا؟

10۔ کتنے فاصلے سے ملزم پولیس کو دیکھ سکتا تھا یا پولیس افسران اسے دیکھ سکتے تھے؟

Marfat.com

11۔ ملزم نے کپڑے کس رنگ کے اور کیا کیا پہن رکھا تھا؟

12۔ ملزم کو سب سے پہلے کس نے پکڑا؟

13۔ ملزم کی تلاشی کس نے لی؟

14۔ ملزم سے کیا کیا اشیاء برآمد ہوئیں؟

15۔ جو اشیاء ملزم سے برآمد ہوئی تھیں ان سب کی فہرست مرتب ہوئی تھی یا نہیں؟

16۔ فرد پر دستخط کس کس نے کیے؟

17۔ لکھ پڑھ کہاں ہوئی؟

18۔ لکھ پڑھ کے لئے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی؟

19۔ رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا؟

20۔ موقعہ پر کتنی دیر موجود رہے؟

21۔ ملزم کو گلی یا سڑک کی کس جانب سے دیکھا اور پکڑا گیا؟

22۔ منشیات کی صورت میں وزن کیسے کیا گیا اور کیا کیا باٹ استعمال ہوئے؟

23۔ موقعہ پر کون کون اور کتنے افراد آئے تھے؟

24۔ پبلک کے لوگوں میں سے کسی کو گواہ کیوں نہیں بنایا گیا اس بارے میں وجہ تحریر ہوئی ہے یا نہیں؟

25۔ تھانہ واپس کب پہنچے؟

26۔ واپسی پر کہاں کہاں رکے؟

27۔ استغاثہ لے کر تھانہ پر کون گیا تھا؟

28۔ پارسل پر مواہیر کتنی اور کس نام کی تھیں؟

Marfat.com

29۔ پارسل محرر کو کب دیئے گئے؟

30۔ محرر نے آئندہ پارسل کنسٹیبل کو بغرض پہنچانے دفتر کیمیکل ایگزامیز کب دیا تھا؟

31۔ کنسٹیبل نے وہ پارسل دفتر کیمیکل انگیزامیز کب پہنچایا؟

32۔ اس سلسلہ میں محرر اور کنسٹیبل پارسل کے بیانات تفتیشی نے کب اور کس وقت اور کہاں تحریر کیئے تھے؟

33۔ گواہان برآمدگی کے بیانات کب اور کہاں لکھے گئے تھے کیا تھانہ پر یا موقعہ پر؟

34۔ کیا آپ گرفتاری سے قبل ملزم کو جانتے تھے؟

35۔ مخبر کہاں ملا تھا؟

36۔ مخبر نے کہاں مخبری کی اور کس کو کی تھی؟

37۔ کیا گواہان برآمدگی بوقت مخبری موجود تھے اور مخبر کی گفتگو سن رہے تھے یا نہیں؟

38۔ کیا بوقت ریڈ مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

39۔ کیا بوقت گرفتاری مخبر نے ملزم کی طرف اشارہ کیا تھا یا نہیں؟

**نوٹ**: تمام شہادتیں تین چیزوں کے گرد گھومتی ہیں۔

i۔ تاریخ

ii۔ وقت

iii۔ جگہ

منشیات کے مقدمہ میں محرر پر جرح کے متوقع سوالات:۔

**نوٹ**: عام طور پر محرر پر جرح نہیں کرنی چاہیئے تاہم یہ سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

Marfat.com

i۔ تفتیشی افسر نے پارسل آپ کو کس تاریخ کو دیا؟

ii۔ آپ نے پارسل برائے تجزیہ کس تاریخ کو بھجوایا؟

iii۔ کیا آپ کا کوئی بیان تفتیشی افسر نے تحریر کیا تھا؟

iv۔ آپ کا بیان کس تاریخ کو تحریر کیا گیا تھا؟

منشیات کے مقدمہ میں پارسل لے جانے والے کانسٹیبل پر جرح کے متوقع سوالات:۔

**نوٹ**: عام طور پر پارسل لے جانے والے کانسٹیبل پر جرح نہیں کرنی چاہیئے پارسل جن جن ہاتھوں میں محفوظ رہ کر دفتر کیمیکل ایگزامینر پہنچتا ہے وہ ایک Chain ہوتی ہے جو اس طرح مکمل ہوتی ہے۔

i۔ تفتیشی افسر سے محرر۔

ii۔ محرر سے پارسل لے جانے والا کانسٹیبل۔

iii۔ پارسل لے جانے والے کانسٹیبل سے کیمیکل ایگزامینر۔

تاہم یہ سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

i۔ آپ کو پارسل محرر نے کس تاریخ کو دیا؟

ii۔ آپ نے پارسل کس تاریخ کو دفتر کیمیکل ایگزامینر پہنچایا؟

iii۔ کیا آپ نے پارسل دفتر کیمیکل ایگزامینر میں موجود ڈاک وصول کرنے والے کلرک کو دے دیا اور رسید حاصل کی؟

**نوٹ**: اس سوال سے Chain توڑنا ہوتی ہے کیونکہ پارسل صرف اور صرف کیمیکل ایگزامینر خود وصول کرتا ہے کوئی کلرک وغیرہ اسے وصول کرنے کا مجاز نہ ہے۔

4۔ آپ کا بیان تفتیشی افسر نے کس تاریخ کو لکھا؟

Marfat.com

# محرر یا ڈیوٹی افسر پر جرح کے متوقع سوالات:۔

**نوٹ**: عام طور پر محرر پر سوالات نہیں کیے جاتے۔ اکثر مقدمات میں محرر کو ترک کر دیا جاتا ہے اور اسکی درج کردہ ایف آئی آر کی تحریر اور دستخط تفتیشی افسر سے تصدیق کرائے جاتے ہیں۔ تفتیشی افسر کی تصدیق کے بعد محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے لیکن منشیات اور قتل عمد کے مقدمات میں جہاں پارسل کی حوالگی کا ذکر ہو وہاں محرر کی شہادت لازمی قلمبند کرانی چاہیے اور کی جاتی ہے۔ عام مقدمات میں محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے صرف تفتیشی افسر کے بیان میں تحریر اور دستخط شناخت کرانے کے بعد ایف آئی آر EXB کرا دی جاتی ہے اور محرر کو انسپکٹر لیگل یا ڈسٹرکٹ اٹارنی یا پیروکار سرکار غیر ضروری سمجھ کر ترک کر دیتا ہے پھر بھی ضرورت کے تحت چند نمونے کے سوالات ملاحظہ فرمائیں۔

1۔ آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔ جو ایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔ اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو کیا وہ مدعی کی تحریر تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

4۔ آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی/ مستغیث ان پڑھ ہے اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

5۔ کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی؟

Marfat.com

6۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث/مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طورر پورٹ تحریر کی؟

7۔پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے؟

8۔FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی؟

9۔جائے وقوعہ سے تھانہ تک کسی سواری کی سہولت میسر ہے؟

10۔کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی/مستغیث پہلے سے جانتا تھا؟

11۔کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں؟

12۔کیا مدعی/مستغیث نے ملزمان نامزد ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں؟

13۔کیا گواہان چشم دید ہیں؟

14۔رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی؟

15۔کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی؟

16۔FIR ٹیلی فون۔فیکس۔ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونے کی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی؟

17 کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی/مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا؟

18۔کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی/مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا؟

19۔کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرانے کا ارادہ کیا؟

20۔ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی؟

Marfat.com

21۔ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی ؟

22۔ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی؟

23۔کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی؟

25۔وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی تھی؟

26۔کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔کیا مدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یا نہیں؟

29۔کیا مدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

☆

دفعہ P.o. 11/4/79 (شراب نوشی) کے مقدمہ میں صفائی کے گواہ (ڈاکٹر) پر سوالات:۔

1۔کیا آپ ملزم کے فیملی ڈاکٹر ہیں؟

2۔کیا آپ مریضوں کو نسخہ لکھ کر دیتے ہیں اور وہ دوائی بازار سے لیتے ہیں یا خود دوائی دیتے ہیں؟

3۔کیا آپ کی تجویز کردہ دوائی مریض نے استعمال کی اور آپکو اس کی رپورٹ دی؟

Marfat.com

4۔ کیا ملزم نے آپ کو پولیس کے سامنے صفائی کے لیے پیش کیا؟

**نوٹ**:۔ یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس نسخہ پر تاریخ وغیرہ درج ہے یا نہیں نیز کیا یہ نسخہ وقوعہ سے پہلے تیار کیا گیا تھا یا اس پر بعد کی تاریخ درج ہے۔

نیز ملزم کے لئے ضروری ہے کہ وہ اگر دوائی وغیرہ استعمال کرنے کا ڈیفینس لینا چاہے تو اسے یہ بات اپنے بیان زیر دفعہ 342 ض ف میں لانی چاہیے۔

☆

Marfat.com

# باب نمبر 4

## ناجائز اسلحہ کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 4

## ناجائز اسلحہ

(1) جرم زیر دفعہ 13/20/65 آرمز آرڈیننس۔

(2) جرم زیر دفعہ (.S.I.A.A)7/21/91 وغیرہ۔

(گواہان پر جرح کے متوقع سوالات)

گواہان برآمدگی پر متوقع سوالات

1۔ جائے برآمدگی تھانہ سے کتنی دور ہے؟

2۔ جائے برآمدگی پر کتنی دیر بعد پہنچے؟

3۔ پولیس نے اس روز کتنے ریڈ کیے اور کتنے اشخاص کو گرفتار کیا؟

4۔ ملزم پولیس کے پہنچنے سے پہلے موقع پر موجود تھا یا بعد میں آیا؟

5۔ ملزم کس طرف سے آیا؟

6۔ کتنے فاصلہ سے ملزم پولیس کو دیکھ سکتا تھا؟ یا پولیس افسران اسے دیکھ سکتے تھے؟

7۔ ملزم نے کس رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے؟ اور کیا کیا پہن رکھا تھا؟

8۔ ملزم کو سب سے پہلے کس نے پکڑا؟

9۔ ملزم کی تلاشی کس نے لی؟

10۔ ملزم سے کیا کیا اور اشیاء برآمد ہوئیں؟

Marfat.com

11۔ جو اشیاء ملزم سے برآمد ہوئیں کیا ان سب کی فرد مرتب ہوئی تھی یا نہیں؟ فرد پر دستخط کس کس نے کیئے تھے؟

12۔ لکھ پڑھ کہاں ہوئی تھی؟

13۔ لکھ پڑھ کیلئے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی تھی؟

14۔ رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا تھا؟

15۔ موقع پر کتنی دیر موجود رہے؟

16۔ ملزم کو گلی کی کس جانب دیکھا اور پکڑا گیا؟

17۔ موقع پر کون کون اور کتنے افراد آئے تھے؟

18۔ تھانہ پر واپس کب پہنچے تھے؟

19۔ آپ میں سے سب سے پہلے ملزم کے گھر کون داخل ہوا تھا؟

20۔ ملزم کے گھر کی تلاشی کس کس نے لی تھی؟

21۔ کیا اسلحہ (پستول ۔ بندوق ۔ ریوالور وغیرہ) ملزم نے از خود نکال کر دیا یا اس کی نشاندہی پر تفتیشی افسر نے خود نکالا تھا؟

22۔ کیا آپ کے علم میں ہے کہ تفتیشی افسر نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا تھا؟

23۔ تھانہ پر واپس کہاں کہاں رکے تھے؟

24۔ استغاثہ تھانہ پر کون لے گیا تھا؟

25۔ کیا آپ گرفتاری سے قبل ملزم کو جانتے تھے؟

26۔ کیا بوقت گرفتاری مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

27۔ جہاں ملزم کھڑا تھا اس کے مشرق میں کیا تھا؟

Marfat.com

28۔مغرب میں کیا ہے؟ شمال اور جنوب میں کیا ہے؟

29۔فرد پر آپ نے کہاں دستخط کئے تھے؟

30۔پہلے کس گواہ نے دستخط کئے تھے؟

31۔کیا فرد پہلے سے مرتب شدہ تھی اور اس پر تفتیشی افسر کے دستخط موجود تھے؟

32 کیا تفتیشی افسر نے آپ کے دستخط کرنے کے بعد دستخط کئے یا پہلے سے کئے ہوئے تھے؟

33۔کیا مال مقدمہ آج موجود عدالت ہے؟

34۔آپ تھانیدار کے ساتھ کس مقام سے روانہ ہوئے تھے؟

35۔جائے برآمدگی اور تھانہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟

36۔کیا تھانہ اور جائے برآمدگی کے درمیان کوئی بڑا پل، نہر، ندی یا کوئی فیکٹری وغیرہ آتی ہے؟

37۔موقع پر اور کتنے لوگ اکٹھے ہو گئے تھے؟

38۔کیا تھانیدار نے انہیں گواہ بننے کو کہا؟

39۔آپ کا اور مدعی کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

40۔آپ کا گھر مدعی کے گھر سے کتنی دور ہے؟

41۔جائے وقوعہ اور جائے برآمدگی کا کتنا فاصلہ ہے؟

42۔اس سے قبل آپ نے کتنے مقدمات میں گواہی دی ہے؟

43۔کیا ملزم نے آپ کے سامنے اقرار جرم کیا تھا؟ اور مال مقدمہ برآمد کرانے کا وعدہ کیا تھا؟

Marfat.com

44۔کیا آپ ملزم کو پہلے سے جانتے ہیں؟

45۔کیا آپ پولیس کے ہمراہ پولیس کی گاڑی میں موجود تھے؟

46۔کیا وہاں گھر میں موجود کسی شخص نے مزاحمت کی تھی؟

47۔راستے میں آپ کہاں کہاں رکے؟

☆

Marfat.com

# تفتیشی افسر پر (ناجائز اسلحہ کے مقدمات میں جرح کے متوقع سوالات):۔

1۔ تھانہ سے کب روانہ ہوئے؟ اور رپٹ نمبر کیا ہے؟

2۔ کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

3۔ کس سواری پر روانہ ہوئے؟

4۔ جائے وقوعہ تھانہ سے کتنی دور ہے؟

5۔ جائے وقوعہ پر کتنی دیر بعد پہنچے؟

6۔ راستے میں کہاں کہاں رکے اور کس کس شخص کو چیک کیا؟

7۔ اس روز کتنے ریڈ کیے اور کتنے اشخاص کو گرفتار کیا؟

8۔ ملزم پولیس کے پہنچنے سے پہلے موقع پر موجود تھا؟ یا بعد میں آیا؟

9۔ ملزم کس طرف سے آیا؟

10۔ کتنے فاصلے سے ملزم پولیس کو دیکھ سکتا تھا یا پولیس افسران اسے دیکھ سکتے تھے؟

11۔ ملزم نے کس رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے اور کیا کیا پہن رکھا تھا؟

12۔ ملزم کو سب سے پہلے کس نے پکڑا تھا؟

13۔ ملزم کی تلاشی کس نے لی؟

14۔ ملزم سے کیا کیا اشیاء برآمد ہوئیں؟

15۔ کیا بوقت برآمدگی کچھ اور لوگ بھی اکھٹے ہو گئے تھے؟

16۔ کیا آپ اُن کے نام بتا سکتے ہیں؟

Marfat.com

**نوٹ:۔** اگر تفتیشی افسر پر آپ جرح کر رہے ہیں تو ان سے یہ سوال بھی ضرور پوچھیں۔

17۔ کیا آپ نے ضمنی میں ان اشخاص کے نام تحریر کیے؟

18۔ اگر آپ نے ان کے نام تحریر نہیں کیے تو کیوں نہیں کیے؟

19۔ کیا آپ نے موقع پر آنے والے اشخاص میں سے کسی ایک کی تلاشی لی تھی؟

20۔ کیا جائے برآمدگی کے ساتھ ملزم کا گھر ہے یا اس کے بھائی یا چچا کا گھر ہے؟

21۔ ملزم گلی کی کس جانب کھڑا تھا؟

22۔ آپ گلی میں کس جانب سے آئے تھے؟

23۔ جائے وقوعہ پر جو اشیاء ملزم سے برآمد ہوئی تھی ان سب کی فرد مرتب ہوئی تھی یا نہیں؟

24۔ فرد پر دستخط کس کس نے کیے؟

25۔ لکھ پڑھ کر کہاں ہوئی تھی؟

26۔ کیا گواہان برآمدگی نے دستخط تھانہ پر کیے تھے؟

27۔ کیا آپ نے مال مقدمہ پسٹل 30 بور اور گولیوں کا تھانہ میں سر بمہر پارسل تیار کیا؟

28۔ آپ کو ناجائز اسلحہ سے متعلق کس نے اطلاع دی تھی؟

29۔ لکھ پڑھ کے لئے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی تھی؟

30۔ رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا تھا؟

31۔ موقع پر کتنی دیر موجود رہے؟

Marfat.com

3-ملزم کو گلی یا سڑک کی کس جانب سے دیکھا اور پکڑا گیا؟

3- پبلک کے لوگوں میں سے کسی کو گواہ کیوں نہیں رکھا گیا؟ اس بارے میں آپ نے وجہ تحریر کی یا نہیں؟

3- کیا یہ درست ہے کہ آپ مدعی مقدمہ بھی ہیں اور اس مقدمہ کی تمام تفتیش آپ نے خود کی؟

3- تھانہ پر واپس کب پہنچے؟

3- مخبر آپ کو کہاں ملا تھا؟

- مخبر نے مخبری کس کو کی تھی؟ آپ کو یا ایس۔ایچ او کو؟

3- کیا گواہان برآمدگی بوقت مخبری موجود تھے اور مخبر کی گفتگو سن رہے تھے یا نہیں؟

3- کیا بوقت ریڈ مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

4- کیا بوقت گرفتاری مخبر نے ملزم کی طرف اشارہ کیا تھا یا نہیں؟

4- کیا آپ کو خفیہ ذرائع سے یہ اطلاع ملی تھی کہ ملزم کے پاس یا ملزم کے گھر ناجائز اسلحہ موجود ہے؟

<u>**نوٹ:۔** اگر ریڈ ملزم کے گھر کیا گیا اور ناجائز اسلحہ ملزم کے گھر سے برآمد ہوا تو یہ سوال ضرور کریں۔</u>

4- کیا آپ ملزم کے ہمراہ اس کے گھر میں داخل ہوئے؟

4- کیا آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا تھا یا نہیں؟

4- آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی کیوں نہیں لیا؟

4- کیا گواہان برآمدگی بھی آپ کے ہمراہ ملزم کے مکان کے اندر گئے تھے؟

Marfat.com

۔کیا گھر میں پردہ دار خواتین تھیں؟

47۔آپ نے ملزم کے گھر کس وقت ریڈ کیا؟

48۔ریڈ کے وقت آپ کس ذریعے سے ملزم کے کمرے تک پہنچے تھے؟ کیا دیوار پھلانگ کر یا دروازے سے؟

49۔کیا ملزم نے کوئی مزاحمت کی؟

50۔کیا ملزم نے ازخود اسلحہ اٹھا کر دیا یا اس نے صرف اشارہ کیا اور آپ نے خود اٹھایا؟

51۔ملزم کے گھر کے جانب مشرق کیا ہے؟

52۔ملزم کے گھر کے جانب مغرب کیا ہے؟

53۔ملزم کے گھر کے جانب شمال کیا ہے؟

54۔ملزم کے گھر کے جانب جنوب کیا ہے؟

55۔گشت کے بارے میں آپ نے کوئی رپٹ روزنامچہ میں تحریر کی تھی؟

56 آپ نے موقع پر اسلحہ کا پارسل کیوں تیار نہیں کیا؟

57۔میں یہ کہتا ہوں کہ اسلحہ (پستول۔بندوق۔ریوالور) قابل کار نہ ہے؟

58۔کیا اس بارے میں آپ نے اسلحہ ایکسپرٹ سے اس کے قابل کار ہونے کی رپورٹ حاصل کی ہے؟

59۔کیا آپ نے جب اسلحہ ایکسپرٹ کے پاس بھیجا تو کیا وہ دوبارہ آپ کو سیل شدہ موصول ہوا تھا؟

60۔آپ نے برآمدگی سے قبل کوئی ایسی شہادت اکٹھی کی جس سے یہ ظاہر ہو کہ ملزم

Marfat.com

کے پاس حکومت کے رعایتی پیریڈ (عرصہ) سے پہلے اسلحہ موجود تھا؟

61۔ کیا ضمنی میں ایسی کوئی شہادت موجود ہے؟

62۔ استغاثہ کون تھانہ لے کر گیا تھا؟

63۔ پارسل پر مواہیر کتنی اور کس نام کی تھیں؟

64۔ پارسل آپ نے محرر کو کس تاریخ کو دیا تھا؟

65۔ کیا اتنا عرصہ محرر نے پارسل اپنے پاس رکھا یا مالخانہ جوڈیشل میں جمع کرایا؟

66۔ مال خانہ جوڈیشل میں پارسل محرر نے کس تاریخ کو جمع کرایا؟

67۔ مال مقدمہ کا اندراج آپ نے کس کس رجسٹر میں کیا؟

68۔ کیا آپ نے محرر اور پارسل لے جانے والے کانسٹیبل کا بیان تحریر کیا اور کس تاریخ کو کیا؟

69۔ کیا آپ ملزم کو پہلے سے جانتے تھے یا نہیں؟

70۔ کیا آپ نے اسلحہ ایکسپرٹ کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا اگر نہیں کیا تو کیوں نہیں کیا؟

71۔ کیا آپ نے اسلحہ ایکسپرٹ کا نام فہرست گواہان میں رکھا؟

72۔ کیا آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی ملزم کو یا اسکے گھر کے کسی فرد کو دکھایا تھا؟

73۔ کیا نقشہ موقع میں آپ نے گواہان کی موجودگی کو ظاہر کیا ہے یا نہیں؟

74۔ کیا نقشہ میں آپ نے گواہان کی موجودگی کا فاصلہ تحریر کیا تھا یا نہیں؟

75۔ کیا آپ نے استغاثہ لیکر جانے والے کانسٹیبل کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا تھا؟

Marfat.com

## ناجائز اسلحہ کے مقدمات میں محرر یا ڈیوٹی افسر پر جرح:۔

**نوٹ:۔** عام طور پر محرر پر سوالات نہیں کیے جاتے اکثر مقدمات میں محرر کو ترک کر دیا جاتا ہے اور اسکی درج کردہ ایف آئی آر کی تحریر اور دستخط تفتیشی افسر سے تصدیق کرائے جاتے ہیں۔ تفتیشی افسر کی تصدیق کے بعد محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے لیکن منشیات اور قتل عمد کے مقدمات میں جہاں جہاں پارسل کی حوالگی کا ذکر ہو وہاں محرر کی شہادت لازمی قلمبند کی جاتی ہے۔ عام مقدمات میں محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے صرف تفتیشی افسر کے بیان میں تحریر اور دستخط شناخت کرنے کے بعد ایف آئی آر EXB کرادی جاتی ہے اور محرر کو انسپکٹر لیگل یا ڈسٹرکٹ اٹارنی یا پیروکار سرکار غیر ضروری سمجھ کر ترک کر دیتا ہے پھر بھی ضرورت کے تحت چند نمونے کے سوالات ملاحظہ فرمائیں۔

جرح کے متوقع سوالات:۔

1۔ آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔ جو ایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبانی بیان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔ اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو وہ مدعی کی تحریری تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

4۔ آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی مستغیث ان پڑھ تھا اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

Marfat.com

5۔ کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی ؟

6۔ کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث / مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طور پر یہ رپورٹ تحریر کی ؟

7۔ پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے ؟

8۔ FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی ؟

9۔ جائے وقوعہ سے تھانہ تک کس سواری کی سہولت میسر ہے ؟

10۔ کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی / مستغیث پہلے سے جانتا تھا ؟

11۔ کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں ؟

12۔ کیا مدعی / مستغیث نے ملزمان نامزد نہ ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں ؟

13۔ کیا گواہان چشم دید ہیں ؟

14۔ رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی ؟

15۔ کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی ؟

16۔ FIR ٹیلی فون ۔ فیکس ۔ اور ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونیکی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی ؟

17۔ کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی / مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا ؟

18۔ کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی / مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا ؟

19۔ کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرنے کو کہا ؟

20۔ ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی

Marfat.com

21۔ ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی؟

22۔ ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی؟

23۔ کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔ مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی؟

25۔ وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی؟

26۔ کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔ کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔ کیا مدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یا نہیں؟

29۔ کیا مدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

☆

Marfat.com

# باب نمبر 5

## حادثات کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 5

## تیز رفتاری، ڈرائیونگ میں غفلت

## اور حادثات کے گواہان پر جرح

جرم زیر دفعہ G-337-279 اور 320 ت پ

گواہان چشم دید پر جرح کے متوقع سوالات:۔

1۔ یہ حادثہ کس وقت رونما ہوا؟

2۔ متوفی کس جانب سے آ رہا تھا؟

3۔ حادثے والی گاڑی (جو بھی ہو) کس جانب سے آ رہی تھی؟

4۔ حادثہ سڑک کی کس جانب پیش آیا؟

5۔ حادثے کی جگہ آبادی کتنی ہے؟

6۔ موقع پر فوری طور پر کتنے لوگ آ گئے تھے؟

7۔ متوفی / مضروب کو کیا کیا زخم آئے؟

8۔ ان زخموں کی ظاہری حالت کیا تھی؟

9۔ کیا ڈرائیور بھی زخمی ہوا؟

10۔ ڈرائیور کو کہاں کہاں زخم آئے؟

Marfat.com

11۔ کیا ڈرائیور موقع پر موجود رہا؟

12۔ کیا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا تھا؟

13۔ کیا آپ نے ڈرائیور کو پکڑنے کی کوشش کی تھی؟

14۔ اگر ملزم کو آپ نے پکڑ لیا تھا تو کیا آپ اسے تھانہ لے گئے تھے یا موقع پر پولیس کے حوالے کر دیا تھا؟

15۔ اگر ملزم کو آپ نے پکڑ لیا تھا تو آپ اسے تھانہ لے گئے تھے یا موقع پر پولیس کے حوالے کر دیا تھا؟

16۔ کیا ملزم اپنی گاڑی میں فرار ہو گیا تھا؟

17۔ گاڑی کا رنگ اور نمبر کیا تھا؟

18۔ کیا مضروب/متوفی کو موقع پر طبی امداد دی گئی تھی؟

19۔ مضروب/متوفی کتنی دیر تک موقع پر رہا؟

20۔ مضروب کو کس ہسپتال میں علاج معالجے کے لئے گئے تھے؟

21۔ کس سواری پر لے کر گئے تھے؟

22۔ پولیس کے کس طرح اطلاع دی گئی؟

23۔ پولیس وقوعہ کے کتنی دیر بعد موقع پر پہنچی؟

24۔ کیا پولیس کے آنے تک آپ موقع پر موجود رہے؟

25۔ آپ کے اندازے کے مطابق گاڑی کتنی رفتار سے ہو گی؟

26۔ موقع پر کتنی جانیں ضائع ہوئیں؟

27۔ ہسپتال کتنے مضروب بھیجے گئے؟

Marfat.com

28۔ کیا ہسپتال میں کسی نے دم توڑا؟

29۔ مضروب/زخمی حضرات کتنی دیر ہسپتال میں رہے؟

30۔ نزدیک ترین ہسپتال کا کیا نام ہے؟

31۔ کیا گاڑیاں آمنے سامنے ٹکرائی تھیں؟

32۔ کیا موقع پر فوٹو بھی تیار کیے گئے تھے؟

33۔ متوفی کی جیب سے برآمد ہونے والی اشیاء وغیرہ پولیس نے قبضہ میں لی تھیں؟

34۔ گاڑی کتنی روز تک موقع پر کھڑی رہی؟

35۔ کیا پولیس نے گاڑی قبضہ میں لے کر فرد مرتب کی تھی؟

36۔ فرد پر آپ نے دستخط کیے تھے؟

37۔ فرد پر آپ نے کہاں دستخط کیے تھے؟

38۔ فرد پر پہلے کس گواہ نے دستخط کیے؟

39۔ کیا موقع پر پولیس نے جائے حادثہ کی ویڈیو فلم بھی تیار کی تھی؟

40۔ آپ کتنی دیر تک جائے حادثہ پر رہے؟

41۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر کیا کاروائی کی؟

42۔ کیا یہ حادثہ مضروب کی غلطی کی وجہ سے پیش آیا؟

43۔ کیا پولیس نے آپ کا بیان تحریر کیا تھا؟

44۔ کیا پولیس نے آپ کا بیان تھانہ میں تحریر کیا تھا؟

☆

Marfat.com

# حادثہ کی صورت میں تفتیشی افسر پر جرح کے متوقع سوالات:۔

1۔آپ کو وقوعہ کی اطلاع کس ذریعے سے پہنچی؟

2۔آپ کس وقت جائے وقوعہ پر پہنچے؟

3۔آپ نے موقع پر کیا کارروائی کی؟

4۔حادثے کا وقت کیا تھا؟

5۔کیا آپ نے مضروب کو ہسپتال بھجوایا یا مضروب کو پہلے سے ہی ہسپتال بھجوایا جا چکا تھا؟

6۔کیا آپ نے گاڑی کو قبضہ پولیس میں لیا اور موقع پر فرد مرتب کی؟

7۔گواہان نے فرد پر دستخط کہاں کئے تھے؟

8۔فرد پر پہلے کس نے دستخط کئے؟

9۔حادثہ کس کی غفلت سے پیش آیا؟ متوفی/مضروب کی غفلت تھی یا ڈرائیور کی؟

10۔موقع پر کتنے لوگ موجود تھے؟

11۔ان میں سے کتنے لوگوں کو آپ نے شامل تفتیش کیا؟

13۔کیا آپ نے وہیکل ایکسپرٹ سے گاڑی کا معائنہ کرایا؟

14۔کیا وہیکل ایکسپرٹ کا نام فہرست گواہان میں ہے؟

15۔حادثہ کا شکار گاڑی کتنی عرصہ جائے وقوعہ پر رہی؟

Marfat.com

16۔کیا آپ نے جائے وقوعہ کے فوٹو حاصل کیے؟

17۔کیا آپ نے فوٹو گرافر کو گواہ رکھا؟

18۔کیا آپ نے اس کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا؟

19۔کیا یہ درست ہے کہ استغاثہ آپ نے موقع پر جا کر تحریر کیا؟

20۔استغاثہ کون تھانہ لے کر گیا تھا؟

21۔کیا آپ نے استغاثہ لے کر جانے والے کانسٹیبل کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا تھا؟

22۔حادثہ کا شکار گاڑی کس جانب سے آ رہی تھی؟

23۔حادثہ سڑک کی کس جانب ہوا؟

24۔کیا یہ حادثہ صرف ڈرائیور کی غفلت سے پیش آیا یا متوفی کی غفلت تھی؟

25۔متوفی کس جانب سے آ رہا تھا؟

26۔کیا یہ حادثہ گاڑی کی فنی خرابی سے پیش آیا؟

27۔کیا آپ نے ڈرائیور کا طبی ملاحظہ کرایا؟

28۔کیا ڈرائیور موقع پر موجود تھا یا فرار ہو گیا تھا؟

29۔ڈرائیور وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد گرفتار ہوا؟

30۔کیا آپ نے ڈرائیور کا لائسنس قبضہ میں لیا یا ڈرائیور بلا لائسنس تھا؟

31۔ڈرائیور کی عمر کتنی ہے؟

32۔کیا آپ نے ڈرائیور کے منسوخی لائسنس کا کوئی تحرک کیا؟

33۔حادثہ ہونے کے بعد گاڑی کتنی دور تک جا کر رکی؟

Marfat.com

34۔کیا جائے حادثہ اور گاڑی کے رکنے کا فاصلہ آپ نے نوٹ کیا؟

35۔کیا وہیکل ایکسپرٹ نے گاڑی میں کسی نقص کی نشاندہی کی تھی جس وجہ سے یہ حادثہ پیش آیا؟

36۔کیا دونوں گاڑیاں جب ٹکرائیں تو وہ اپنے اپنے ہاتھ (سائیڈ) پر تھیں؟

37۔کیا حادثہ کی وجہ سے دونوں فریقین کی غفلت تھی؟

38۔کیا دونوں ڈرائیوروں کا آپ نے طبی ملاحظہ کرایا؟

39۔کیا کوئی ڈرائیور نشے کی حالت میں تو نہ تھا؟

40۔کیا یہ حادثہ ٹریفک سگنل کی خلاف ورزی کے باعث پیش آیا؟

41۔کیا فوٹوگراف سے جائے وقوعہ کی نشاندہی ہوتی ہے؟

42۔کیا آپ نے تمام فوٹو شامل مثل کئے تھے؟

43۔تمام فوٹو لف نہ کرنے کی کیا وجہ تھی؟

44۔کیا جائے وقوعہ کے ساتھ کوئی خاص ندی نالہ یا کوئی فیکٹری ہے؟

45۔نقشہ موقع مرتب کرتے وقت آپ نے کن کن لوگوں سے وقوعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کیں؟

46 متوفی کی شناخت کے لئے آپ نے کیا کاروائی کی؟

47۔کیا گاڑی کا معائنہ آپ نے کسی عام مکینک سے کرایا یا کسی لائسنس یافتہ ایکسپرٹ سے؟

Marfat.com

# حادثہ کی صورت میں وہیکل ایکسپرٹ پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ کیا آپ کے پاس معائنہ کرنے کا لائسنس ہے؟

2۔ کیا آپ نے موقع پر گاڑی/گاڑیوں کا معائنہ کیا تھا؟

3۔ کس گاڑی میں نقص پایا گیا؟

4۔ کیا جب گاڑی کو گھسیٹ کر تھانہ میں لایا گیا تو بعد میں آپ نے گاڑی/گاڑیوں کا معائنہ کیا؟

5۔ کیا یہ حادثہ کسی مخصوص نقص کی وجہ سے پیش آیا تھا؟

6۔ کیا دونوں گاڑیاں صحیح حالت میں پائی گئی تھیں؟

7۔ آپ کے نزدیک اس حادثہ کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

8۔ گاڑی کے ٹائیروں کی کیا حالت تھی؟

9۔ حادثہ کے کتنے عرصہ بعد آپ نے گاڑی/گاڑیوں کا معائنہ کیا؟

10۔ کیا پولیس نے آپ کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا تھا؟

11۔ آپ کی تعلیم کیا ہے؟

12۔ کیا رپورٹ منسلکہ آپ کی قلمی ودستخطی ہے یا آپ نے بول کر تحریر کرائی تھی؟

13۔ یہ رپورٹ آپ نے کس کو تحریر کرائی تھی؟

14۔ کیا یہ رپورٹ آپ نے کسی دباؤ کے تحت پولیس کے کہنے پر تو نہیں دی؟

Marfat.com

# حادثہ کی صورت میں ڈاکٹر پر جرح کے

# متوقع سوالات

1-آپ نے مضروب ج ______ کا طبی ملاحظہ کیا اس سلسلے میں آپ کے کیا مشاہدات ہیں؟

2-کیا یہ ضربات خودساختہ بھی ہوسکتی ہیں؟

3-ان تمام ضربات کا دورانیہ کتنا ہے؟

4-مضروب کے جسم پر کل کتنی ضربات پائی گئیں؟

5-ان ضربات میں کونسی ضرب شدید اور کونسی شدید نہ تھی؟

6-ان ضربات میں زندگی کے لئے مہلک کونسی ضرب تھی؟

7-کیا آپ نے متوفی کے کپڑے کیمیکل ایگزامیز کے پاس بھجوائے؟

8-متوفی وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد فوت ہوا؟

9-کیا یہ درست ہے کہ اگر متوفی کو موقع پر طبی امداد دی جاتی یا فوری طور ہسپتال لایا جاتا تو اس کے بچنے کے زیادہ امکانات تھے؟

Marfat.com

# باب نمبر 6

# ضربات شدید کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 6

## ضربات شدید کے مقدمہ میں ڈاکٹر پر

## جرح کے متوقع سوالات

جرم زیر دفعہ A-337 ت پ، F-337 ت پ، 324 ت پ وغیرہ وغیرہ

1۔آپ نے مضروب ج_____ کا طبی ملاحظہ کیا اس سلسلے میں آپ کے کیا مشاہدات ہیں؟

2۔کیا یہ ضربات خودساختہ بھی ہوسکتی ہیں؟

3۔مضروب ج_____ کے جسم پر کل کتنی ضربات ہیں؟

4۔یہ ضربات کس کس زاویہ سے لگائی گئی تھیں؟

5۔ان ضربات کے لئے کون سا ہتھیار استعمال کیا گیا؟

6۔کیا یہ ضربات اسی ہتھیار سے لگائی گئی ہیں جو آج عدالت میں پیش کیا گیا ہے؟

7۔ان ضربات میں کونسی ضرب/ضربات شدید تھیں یا تھی؟

8۔کتنے فاصلے سے یہ ضرب یا ضربات لگائی گئی تھیں؟

9۔آیا ان ضربات سے مضروب کا ہوش وحواس میں رہنا ممکن تھا؟

10۔مضروب کو لگنی والے ضربات ڈاکٹری ملاحظے کے دوران کتنا وقفہ تھا؟ بصورت دیگر آپ نے کتنے عرصہ بعد مضروب کا ملاحظہ کیا؟

Marfat.com

11 ۔ان ضربات کے نتیجے میں مضروب کی حالت کتنے دن بعد خطرے سے باہر قرار دی گئی تھی؟

12 ۔کیا یہ ضربات گرنے سے بھی آ سکتی ہیں؟

13 ۔کیا آپ نے مضروب کے کپڑے وغیرہ جو خون آلود تھے وہ کیمیکل ایگزامیز کے پاس بھجوائے؟

☆

Marfat.com

# محرر یا ڈیوٹی افسر یا ایف آئی آر درج کرانے والے افسر پر جرح کے متوقع سوالات

**نوٹ :۔** عام طور پر محرر پر سوالات نہیں کیے جاتے اکثر مقدمات میں محرر کو ترک کر دیا جاتا ہے اور اسکی درج کردہ ایف آئی آر کی تحریر اور دستخط تفتیشی افسر سے تصدیق کرائے جاتے ہیں۔ تفتیشی افسر کی تصدیق کے بعد محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے لیکن منشیات اور قتل عمد کے مقدمات میں جہاں جہاں پارسل کی حوالگی کا ذکر ہو وہاں محرر کی شہادت لازمی قلمبند کی جاتی ہے۔ عام مقدمات میں محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے صرف تفتیشی افسر کے بیان میں تحریر اور دستخط شناخت کرنے کے بعد ایف آئی آر EXB کرادی جاتی ہے اور محرر کو انسپکٹر لیگل یا ڈسٹرکٹ اٹارنی یا پیروکار سرکار غیر ضروری سمجھ کر ترک کر دیتا ہے پھر بھی ضرورت کے تحت چند نمونے کے سوالات ملاحظہ فرمائیں۔

<u>جرح کے متوقع سوالات :۔</u>

1۔ آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔ جو ایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبانی بیان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔ اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو وہ مدعی کی تحریری تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

Marfat.com

4۔ آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی مستغیث ان پڑھ تھا اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

5۔ کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی؟

6۔ کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث/ مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طور پر یہ رپورٹ تحریر کی؟

7۔ پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے؟

8۔ FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی؟

9۔ جائے وقوعہ سے تھانہ تک کس سواری کی سہولت میسر ہے؟

10۔ کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی/ مستغیث پہلے سے جانتا تھا؟

11۔ کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں؟

12۔ کیا مدعی/ مستغیث نے ملزمان نامزد نہ ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں؟

13۔ کیا گواہان چشم دید ہیں؟

14۔ رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی؟

15۔ کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی؟

16۔ FIR ٹیلی فون ۔ فیکس ۔ اور ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونیکی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی؟

17۔ کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی/ مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا؟

18۔ کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی/ مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا؟

Marfat.com

19۔ کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرنے کو کہا؟

20۔ ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی ؟

21۔ ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی ؟

22۔ ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی ؟

23۔ کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔ مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی ؟

25۔ وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی ؟

26۔ کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔ کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔ کیا مدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یا نہیں؟

29۔ کیا مدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 7
# غیر فطری فعل کی صورت میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 7

## غیر فطری فعل کی صورت میں جرح

جرم زیر دفعہ 377ت پ اور 12/7/79 زنا آرڈیننس

غیر فطری فعل کی صورت میں مفعول (Victom) پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ آپ کی عمر کتنی ہے؟

2۔ ملزم/ملزمان کو آپ کب سے جانتے ہیں؟

3۔ کیا ملزم/ملزمان آپ کے دوست ہیں؟

4۔ کیا آپ انہیں اکثر ملتے رہتے ہیں؟

5۔ وقوعہ کے روز ملزم/ملزمان نے کس بہانے سے آپ کو جائے وقوعہ پر بلایا؟

6۔ کیا آپ گھر والوں کو بتا کر گئے تھے؟

7۔ کس وقت ملزم آپ کو بلانے آیا؟

8۔ جائے وقوعہ پر کس وقت پہنچے؟

9۔ جائے وقوعہ پر پہنچ کر ملزم نے آپ سے کیا کہا؟

10۔ کیا آپ نے موقع سے بھاگنے کی کوشش کی؟

11۔ کیا ملزم آپ سے زیادہ طاقتور تھا؟

Marfat.com

12۔ کیا ملزم نے کوئی دھمکی دے کر آپ کو اس فعل پر مجبور کیا؟

13۔ کیا آپ نے موقع پر کوئی شور کیا؟

14۔ آپ کے شور پر کون کون گواہان آئے؟

15۔ سب سے پہلے کون گواہ آیا؟

16۔ یہ گواہان رشتے میں آپ کے کیا لگتے ہیں؟

17۔ کیا ملزم نے موقع پر اپنے تمام کپڑے اتار دیے تھے؟

18۔ کیا آپ نے بھی اپنے تمام کپڑے اتار دیے تھے؟

19۔ کیا گواہان کے آنے سے پہلے ملزم ڈسچارج ہو چکا تھا؟

20۔ کیا گواہان کے آنے پر ملزم بھاگ گیا؟

21۔ کیا ملزم کوئی چیز موقع پر چھوڑ گیا؟

22۔ کیا ملزم کے اِس فعل سے آپ کو درد اور تکلیف محسوس ہوئی؟

23۔ آپ کا معائنہ وقوعہ کے کتنے روز بعد ہوا؟

24۔ کیا آپ بھی ڈسچارج ہوئے تھے؟

☆

Marfat.com

# غیر فطری فعل کی صورت میں ڈاکٹر پر

# جرح کے متوقع سوالات

1۔ مفعول کا وقوعہ کے کتنی دیر بعد آپ نے طبی ملاحظہ کیا؟

2۔ کیا مفعول سیدھا آپ کے پاس آیا یا اس کا ملاحظہ پولیس کی معرفت کیا گیا؟

3۔ کیا داخلے کی جگہ کوئی تشدد یا زیادتی کے نشان/نشانات پائے گئے؟

4۔ کیا مفعول نے کوئی کشمکش کی اور اس کے جسم کے دیگر حصوں پر کشمکش کے نشانات پائے گئے تھے؟

5۔ مفعول کی عمر کیا ہے؟

6۔ کیا مفعول کے مخصوص حصوں پر بال تھے یا صاف جگہ تھی؟

7۔ کیا مفعول کسی بیماری میں مبتلا تو نہیں تھا؟

8۔ کیا اس بیماری کے آثار دخول کی جگہ پر تھے؟

9۔ کیا مفعول اس فعل کا عادی تو نہیں تھا؟

10۔ کیا آپ نے مفعول کے منی آلود کپڑے قبضہ میں لئے اور انہیں کیمیکل ایگزامینر کے پاس بھجوایا؟

11۔ کیا آپ نے ملزم کا طبی معائنہ کیا؟

12۔ کیا ملزم یہ فعل کرنے کے قابل تھا؟

Marfat.com

13۔ کیا ملزم اس فعل کا عادی تھا؟

14۔ کیا مفعول کی کشمکش کے نشانات کپڑوں پر بھی تھے؟

15۔ کیا ملزم نے اپنا آلۂ تناسل داخل کیا؟

16۔ کیا آلۂ تناسل داخل کرنے کے بعد ملزم ڈسچارج ہوا؟

17۔ کیا ملزم آلہ تناسل داخل کرنے سے پہلے ڈسچارج ہوا؟

18۔ کیا ملزم مفعول سے زیادہ صحت مند تھا؟

19۔ کس زاویہ سے آلۂ تناسل داخل کیا گیا؟

20۔ یہ زیادتی کتنے افراد نے کی؟

21۔ کیا ملزم کے کپڑوں پر بھی منی کے نشانات پائے گئے؟

22۔ کیا آپ نے ملزم کے کپڑے وغیرہ بھی کیمیکل ایگزامینر کو بھجوائے تھے۔

23 کیا مفعول چل کر آپ تک پہنچا؟

24۔ مفعول کتنا عرصہ داخل ہسپتال رہا؟ وغیرہ وغیرہ؟

☆

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 8

## پراپرٹی کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 8

# پراپرٹی کے مقدمات میں گواہان پر جرح کے متوقع سوالات

(جرم زیر دفعہ 379, 380، 411, 392, 394, 395،
397 ت پ اور 79-6-17 حرابہ۔)

## چوری کے مقدمات

مدعی مقدمہ پر جرح کے متوقع سوالات:۔

1۔ آپ کو چوری کا کس وقت علم ہوا؟

2۔ کیا آپ نے چوری کے علم ہونے کے بعد، شور وواویلا کیا؟

3۔ آپ کے شور وواویلا پر کون کون گواہان آئے؟

4۔ سب سے پہلے کونسا گواہ موقع پر آیا؟

5۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وقت وقوعہ کیا ہوگا؟

6۔ کیا آپ نے ملزم کو موقع پر پکڑ لیا تھا؟

7۔ کیا کوئی ملزم موقع سے بھاگ گیا تھا؟

8۔ کیا چوروں نے تالے توڑے یا نقب لگائی؟

9۔ کیا بوقت وقوعہ گھر کے دروازے کھلے ہوئے تھے؟

Marfat.com

10۔ کیا آپ برآمدگی کے گواہ بھی ہیں یا نہیں؟

11۔ کیا فرد برآمدگی پر دستخط آپ نے تھانہ پر کئے تھے؟

12۔ کیا تھانیدار نے فرد پہلے تیار کی ہوئی تھی جس پر آپ نے دستخط کئے تھے؟

13۔ فرد پر دیگر کس گواہ نے دستخط کئے؟

14۔ کیا جائے واردات پر ملزموں کے پاؤں کے نشانات پائے گئے تھے؟

15۔ کیا تفتیشی افسر نے پاؤں کے مولڈ تیار کئے تھے؟

16۔ کیا آپ ملزمان کو پہلے سے جانتے ہیں؟

17۔ آپ نے وقوعہ کے کتنی دیر بعد تھانہ میں ایف آئی آر درج کرائی؟

18۔ کیا آپ تھانہ گئے یا تھانیدار گشت کے دوران آپ سے ملاقاتی ہوا؟

19۔ بیان تحریر کراتے وقت کتنا ٹائم صرف ہوا؟

20۔ اگر تھانیدار گشت کے دوران ملاقاتی ہوا تو آپ کا بیان تحریر کرتے وقت میز کرسی کہاں سے منگوائی گئی تھی؟

21۔ آپ کے شور و واویلا پر کتنے لوگ اکٹھے ہو گئے تھے؟

22۔ کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

**نوٹ :۔** (اگر مدعی/مستغیث کچھ افراد کے نام لکھوائے تو ان میں سے کسی گواہ کو صفائی میں پیش کرنے کی کوشش کریں)۔

23۔ کیا تمام مال مقدمہ آپ کا ملکیتی ہے؟

24۔ وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد آپ کو مال مقدمہ موصول ہوا؟

25۔ کیا مال مقدمہ آج عدالت میں موجود ہے؟

Marfat.com

26۔ کیا کبھی کھوجی کو موقع پر بلایا گیا تھا؟

27۔ کیا ملزم کے پاؤں کے نشانات آپ کے گھر تک گئے تھے؟

28۔ کیا آپ نے چوری کی کل مالیت تحریر کرائی تھی؟

29۔ مقدمہ درج ہونے کے بعد تھانیدار کتنے عرصہ بعد موقع پر آیا تھا؟

30۔ نقشہ موقع وقوعہ کے کتنے روز بعد مرتب کیا گیا تھا؟

31۔ کیا تھانیدار نے آپ کا اور گواہان کا بیان تھانہ میں تحریر کیا تھا؟

32۔ آپ تھانہ پر کتنی مرتبہ گئے تھے؟

33۔ کیا مال مقدمہ اسی روز تھانیدار نے آپ کو حوالے کر دیا تھا؟

34۔ کیا آپ برآمدگی کے وقت بھی پولیس کے ہمراہ تھے؟

35۔ کیا پولیس نے موقع پر برآمد ہونے والی اشیاء کی فہرست تیار کی تھی؟

36۔ کیا مال مقدمہ ملزم کے گھر سے برآمد کیا گیا تھا؟

37۔ واردات میں کیا کوئی گاڑی یا سواری استعمال کی گئی تھی؟

38۔ مال مقدمہ کیوں برآمد نہ ہوا؟

39۔ کیا پولیس نے واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی وغیرہ قبضہ میں لی تھی؟

40۔ کس کس ملزم سے پولیس نے کیا کیا برآمد کیا؟

41۔ کیا ملزم نے مال مسروقہ کے بدلے آپ کو کوئی رقم دی؟

☆

Marfat.com

# تفتیشی افسر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ تاریخ وقت وقوعہ کیا ہے؟

2۔ واردات میں ملزم/ملزمان نے کون سی سواری استعمال کی؟

3۔ آپ کو مقدمہ ہذا کی تفتیش کس مقام پر ملی؟

4۔ کیا آپ فوری طور پر موقع پر پہنچے یا اس سے اگلے روز؟

5۔ کیا آپ نے ملزم/ملزمان کے پاؤں کے مولڈ اٹھائے؟

6۔ مال مقدمہ ملزم نے کہاں سے برآمد کرایا؟

7۔ فردات آپ نے کہاں تیار کیں؟

8۔ فرد پر پہلے دستخط کس گواہ نے کئے؟

9۔ کیا اس مقدمہ میں کھوجی کی خدمات حاصل کی گئی تھیں؟

10۔ کیا کھروں اور پاؤں کے نشانات ملزم کے گھر تک جاتے تھے؟

11۔ واردات کے کتنے عرصہ بعد آپ نے مولڈ تیار کرائے؟

12۔ کیا ملزمان کی گرفتاری کے بعد آپ نے ملزمان کے پاؤں کے مولڈ تیار کئے؟

13۔ کیا آپ نے مولڈ موازنے کے لئے بھجوائے؟

14۔ کیا آپ نے موقع پر کوئی فنگر پرنٹ ملزمان حاصل کئے؟

15۔ کیا آپ نے ملزمان کی گرفتاری کے بعد ان کے فنگر پرنٹ حاصل کئے؟

16۔ کیا آپ نے یہ فنگر پرنٹ موازنے کے لئے فنگر پرنٹ ایکسپرٹ کے پاس بھجوائے؟

Marfat.com

17۔ کیا مال مقدمہ آج موجود عدالت ہے؟

18۔ گواہان کے بیانات آپ نے کہاں تحریر کئے؟

19۔ کیا نقشہ موقع پر آپ نے گواہان کی موجودگی ظاہر کی ہے؟

20۔ برآمدگی مال مقدمہ کے لئے آپ تھانہ سے کب روانہ ہوئے اور رپٹ نمبر کیا ہے؟

21۔ کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

22۔ کس سواری پر روانہ ہوئے؟

23۔ جائے برآمدگی تھانہ سے کتنی دور ہے؟

24۔ راستے میں کہاں کہاں رکے اور کس کس شخص کو چیک کیا؟

25۔ اس روز کتنے ریڈ کیے اور کتنے اشخاص کو گرفتار کیا؟

26۔ کیا ملزم نے برآمدگی مال کی خودنشاندہی کی تھی؟

27۔ کیا آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا؟

28۔ آپ کی ٹیم میں سے ملزم کے گھر کی تلاشی کس نے لی؟

29۔ کیا آپ نے ملزم کے گھر کی تلاشی علاقہ کے دو معزز اشخاص کی موجودگی میں لی؟

30۔ کیا ان اشخاص کو آپ نے گواہ رکھا؟

31۔ کیا مال مقدمہ برآمد ہونے پر اس کی فہرست موقع پر مرتب کی؟

32۔ کیا یہ فہرست آپ نے مدعی کو موقع پر دی؟

33۔ کیا آپ نے فرد تھانہ پر تیار کی؟

34۔ گواہان برآمدگی نے کس مقام پر دستخط کئے؟

Marfat.com

35۔ کیا آپ نے پہلے فرد مرتب کی اور پھر گواہان کے دستخط کرائے یا پہلے گواہان نے دستخط کیئے اور پھر آپ نے فرد برآمدگی مرتب کی؟

36۔ نقشہ موقع اور ضمنیات کی تحریریں مختلف کیوں ہیں؟

37۔ کیا ملزمان نامزد ایف آئی آر تھے؟

38۔ آپ نے ملزمان کا سراغ کیسے لگایا؟

39۔ اس مقدمہ میں آپ نے کتنے لوگوں کو شامل تفتیش کیا؟

40۔ کیا آپ نے ضمنی میں ان اشخاص کے نام تحریر کیئے؟

41۔ آپ موقع پر کتنی دفعہ گئے تھے؟

42۔ فردات۔ نقشہ موقع۔ استغاثہ اور ضمنیات میں اندازِ تحریر مختلف کیوں ہے؟

43۔ کیا آپ نے فرد نشاندہی ملزم تیار کی؟

44۔ مال مسروقہ میں سے کونسا مال ایسا ہے جو برآمد نہیں کیا گیا؟

45۔ کیا مدعی اور ملزم/ملزمان نے اس سے قبل بھی ایک دوسرے کے خلاف مقدمات درج کرائے ہوئے ہیں؟

☆

Marfat.com

# محرر یا ڈیوٹی افسر یا ایف۔آئی۔آر درج کرانے والے افسر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔جوایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبانی بیان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو وہ مدعی کی تحریری تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

4۔آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی مستغیث ان پڑھ تھا اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

5۔کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی؟

6۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث/ مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طور پر یہ رپورٹ تحریر کی؟

7۔پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے؟

8۔FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی؟

9۔جائے وقوعہ سے تھانہ تک کس سواری کی سہولت میسر ہے؟

10۔کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی/ مستغیث پہلے سے جانتا تھا؟

11۔کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں؟

Marfat.com

12۔ کیا مدعی/ مستغیث نے ملزمان نامزد نہ ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں؟

13۔ کیا گواہان چشم دید ہیں؟

14۔ رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی؟

15۔ کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی؟

16۔ FIR ٹیلی فون ۔ فیکس ۔ اور ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونیکی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی؟

17۔ کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی/ مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا؟

18۔ کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی/ مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا؟

19۔ کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرنے کو کہا؟

20۔ ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی؟

21۔ ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی؟

22۔ ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی؟

23۔ کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔ مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی؟

25۔ وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی؟

Marfat.com

26۔ کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔ کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔ کیا مدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یا نہیں؟

29۔ کیا مدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

☆

Marfat.com

# ڈکیتی کے مقدمات میں جرح کے متوقع سوالات

جرم زیر دفعہ 392,394,395,398ت پ اور 458ت پ

## مدعی اور گواہان پر جرح کے متوقع سوالات:۔

1۔وقوعہ کس تاریخ کو اور کس وقت ہوا؟

2۔اس وقت موسم کیا تھا؟

3۔کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں؟ یا نامعلوم ہیں؟

4۔جائے وقوعہ اور تھانہ کا کتنا فاصلہ ہے؟

5۔کیا آپ نے تھانہ میں بیان دیا یا تھانیدار حسبِ معمول گشت پر کسی مقام پر آپ کو ملا؟

6۔کیا آپ بھی گواہان کے ہمراہ تھانہ گئے تھے؟

7۔ڈکیتی کی واردات میں کتنے ملزمان شامل تھے؟

8۔کیا آپ ملزمان کو پہلے سے جانتے تھے؟

9۔کیا ملزمان نے چہروں پر نقاب ڈالے ہوئے تھے؟

10۔کیا آپ نے مقدمہ درج کراتے وقت ملزمان کے حلیے تحریر کرائے تھے؟

11۔کیا آپ نے ایف آئی آر میں چھیننے والے مال کی مکمل تفصیل درج کرائی تھی؟

12۔وقوعہ کے کتنے روز بعد آپ نے مقدمہ درج کرایا؟ تاخیر کی وجہ؟

13۔رات کے وقت آپ نے ملزمان کو کیسے شناخت کیا؟

Marfat.com

14۔ واردات کے کتنے عرصہ بعد ملزمان گرفتار ہوئے؟

15۔ جائے واردات سے ملزمان کا گھر کتنے فاصلے پر ہے؟

16۔ ملزم/ملزمان سے گرفتاری کے وقت کیا کیا اشیاء برآمد ہوئیں؟

17۔ ملزمان کتنے عرصہ تک پولیس کے پاس بند تھانہ رہے؟

18۔ ملزمان کا گھر تھانہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

19۔ کیا آپ جملہ ملزمان کو پہلے سے جانتے ہیں؟

20۔ کیا یہ ملزمان آپ کے پاس آتے جاتے رہتے تھے؟

21۔ کیا آپ کی ملزم/ملزمان سے کوئی سابقہ دشمنی تھی؟

22۔ ملزمان نے کتنی دیر میں واردات مکمل کی؟

23۔ ملزمان کے پاس کون کون سا اسلحہ تھا؟

24۔ ملزمان نے کس رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے؟

25۔ ملزمان کون سی زبان بولتے تھے؟

26۔ ملزمان واردات کرنے کے بعد کس سواری پر سوار ہو کر فرار ہوئے؟

27۔ واردات مکمل ہونے تک ملزمان کا رویہ کیسا تھا؟

28۔ ملزمان کتنی دیر تک جائے واردات پر رہے؟

29۔ آپ کے شور پر سب سے پہلے کون سا گواہ موقع پر آیا تھا؟

30۔ کیا ملزمان نے موقع پر کوئی فائرنگ کی؟

31۔ کیا ملزمان کی فائرنگ سے کوئی زخمی ہوا؟

32۔ وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد ملزمان نے مال مقدمہ برآمد کرایا؟

Marfat.com

33۔ کیا آپ جائے برآمدگی پر پہلے سے موجود تھے؟

34۔ کیا تھانیدار نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا ہوا تھا؟

35۔ کیا تھانیدار نے وارنٹ خانہ تلاشی ملزم کو یا اس کے گھر کے کسی فرد کو دکھلایا تھا؟

36۔ ملزمان/ملزم کے گھر کی تلاشی کس نے لی تھی؟

37۔ کیا واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد ہوا؟

38۔ فرد برآمدگی پر آپ نے کہاں دستخط کیے تھے؟

39۔ فرد برآمدگی پر پہلے کس گواہ نے دستخط کیے؟

40۔ کیا ملزم/ملزمان کے گھر سے برآمد ہونے والی اشیاء کی تھانیدار نے باقاعدہ فہرست مرتب کی یا سامان اٹھا کر گاڑی میں رکھ دیا اور تھانہ میں آ کر فہرست تیار کی؟

41۔ آپ نے بھی تھانہ پر فرد/فردات پر دستخط کیے؟

42۔ کیا آپ نے شناخت پریڈ کی کاروائی میں حصہ لیا؟

43۔ گرفتاری کے کتنے عرصہ بعد شناخت پریڈ کی کاروائی عمل میں لائی گئی؟

44۔ کیا شناخت پریڈ کی کاروائی سے قبل ملزم اور گواہان کی آپس میں کوئی بات چیت ہوئی تھی؟

45۔ شناخت پریڈ کے وقت کتنے دیگر افراد کو ملزمان کے ساتھ کھڑا کیا گیا؟

46۔ کیا بوقت گرفتاری آپ نے تھانہ پر ملزمان کو دیکھ لیا تھا؟

47۔ شناخت پریڈ کی کاروائی کتنی مرتبہ عمل میں لائی گئی؟

48۔ کیا آپ نے کاروائی شناخت پریڈ کے دوران کتنے ملزمان کو شناخت کیا اور کتنے ملزمان کو شناخت نہ کیا؟

Marfat.com

49۔ کیا بوقت گرفتاری ملزم نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

50۔ کیا عدالت میں بھی ملزم/ملزمان نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

51۔ آپ میں سے کس گواہ نے ملزم کو غلط طور پر شناخت کیا تھا؟

52۔ ملزم کتنا عرصہ پولیس کے پاس بند تھانہ میں رہا؟

53۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ملزم کو کس تاریخ کو مجسٹریٹ کے پاس پیش کیا گیا؟

54۔ ملزم کتنا عرصہ جسمانی ریمانڈ پر رہا؟

55۔ کیا عدالت نے ملزم کو اپنا چہرہ ڈھانپ کر رکھنے کی ہدایت کی؟

56۔ کیا پولیس کی طرف سے بھی کوئی شناخت پریڈ کی کاروائی میں شامل ہوا؟

57۔ کیا ملزم نے مال مسروقہ اپنا ملکیتی بیان کیا؟

58۔ کیا پولیس نے فرد نشاندہی ملزم مرتب کی اور آپ کو گواہ رکھا؟

59۔ تھانیدار کتنی مرتبہ موقع پر آیا تھا؟

60۔ کیا مال مقدمہ آج موجود عدالت ہے؟

## گواہان برآمدگی پر متوقع سوالات

(پولیس ملازمین ہونے کی صورت میں)

1۔ تھانہ سے کب روانہ ہوئے؟ اور رپٹ نمبر کیا ہے؟

2۔ کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

3۔ کس سواری پر روانہ ہوئے؟

4۔ جائے وقوعہ تھانہ سے کتنی دور ہے؟

Marfat.com

5۔ جائے وقوعہ پر کتنی دیر بعد پہنچے؟

6۔ راستے میں کہاں کہاں رکے اور کس کس شخص کو چیک کیا؟

7۔ پولیس نے اس روز کتنے ریڈ کئے اور کتنے اشخاص کو گرفتار کیا؟

8۔ ملزم پولیس کے پہنچنے سے پہلے موقع پر موجود تھا یا بعد میں آیا؟

9۔ ملزم کس طرف سے آیا؟

10۔ کتنے فاصلہ سے ملزم پولیس کو دیکھ سکتا تھا یا پولیس افسران اسے دیکھ سکتے تھے؟

11۔ ملزم نے کس رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے اور کیا کیا پہن رکھا تھا؟

12۔ ملزم کو سب سے پہلے کس نے پکڑا تھا؟

13۔ ملزم کی تلاشی کس نے کی؟

14۔ ملزم سے کیا کیا اور اشیاء برآمد ہوئیں؟

15۔ جو اشیاء ملزم سے برآمد ہوئیں تھیں کیا ان سب کی فرد مرتب ہوئی تھی یا نہیں؟

16۔ فرد پر دستخط کس کس نے کئے تھے؟

17۔ لکھ پڑھ کہاں ہوئی تھی؟

18۔ لکھ پڑھ کے لئے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی تھی؟

19۔ رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا؟

20۔ موقع پر کتنی دیر موجود رہے؟

21۔ ملزم کو گلی کی کس جانب سے دیکھا اور پکڑا گیا؟

22۔ موقع پر کون کون اور کتنے افراد آئے تھے؟

23۔ تھانہ پر واپس کب پہنچے تھے؟

Marfat.com

24۔آپ میں سے سب سے پہلے ملزم کے گھر کون داخل ہوا تھا؟

25۔ملزم کے گھر کی تلاشی کس کس نے لی تھی؟

26۔کیا اسلحہ (پستول۔بندوق۔ریوالور وغیرہ) ملزم نے از خود نکال کر دیا یا اس کی نشاندہی پر تفتیشی افسر نے خود نکالا؟

27۔کیا آپ کے علم میں ہے کہ تفتیشی افسر نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا ہوا تھا؟

28۔تھانہ پر واپسی پر کہاں کہاں رکے تھے؟

29۔استغاثہ تھانہ پر کون لے کر گیا تھا؟

30۔کیا آپ گرفتاری سے قبل ملزم کو جانتے تھے؟

31۔کیا بوقت گرفتاری مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

32۔جہاں ملزم کھڑا تھا اس کے مشرق میں کیا ہے؟

33۔مغرب میں کیا ہے؟ شمال میں اور جنوب میں کیا ہے؟

☆

Marfat.com

# محرر یا ایف آئی آر درج کرنے والے گواہ پر جرح کے سوالات

**نوٹ**: عام طور پر محرر پر جرح نہیں کرنی چاہیے تاہم یہ سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

1۔ تفتیشی افسر نے اسلحہ کا پارسل آپ کو کس تاریخ کو دیا تھا؟

2۔ کیا آپ نے اسلحہ کا پارسل اسلحہ ایکسپرٹ کو بھجوایا؟

3۔ کیا آپ کا بیان تفتیشی افسر نے تحریر کیا تھا؟

4۔ آپ کا بیان کس تاریخ کو تحریر کیا گیا؟

☆

Marfat.com

# محرر یا ڈیوٹی افسر یا ایف۔آئی۔آر درج کرانے والے افسر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔جو ایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبانی بیان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو وہ مدعی کی تحریری تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

4۔آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی مستغیث ان پڑھ تھا اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

5۔کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی؟

6۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث/مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طور پر یہ رپورٹ تحریر کی؟

7۔پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے؟

8۔FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی؟

9۔جائے وقوعہ سے تھانہ تک کس سواری کی سہولت میسر ہے؟

10۔کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی/مستغیث پہلے سے جانتا تھا؟

11۔کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں؟

Marfat.com

12۔کیامدعی/مستغیث نے ملزمان نامزد نہ ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں؟

13۔کیا گواہان چشم دید ہیں؟

14۔رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی؟

15۔کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی؟

16۔FIR ٹیلی فون۔فیکس۔اور ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونیکی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی؟

17۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی/مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا؟

18۔کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی/مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا؟

19۔کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرنے کو کہا؟

20۔ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی؟

21۔ ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی؟

22۔ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی؟

23۔کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی؟

25۔وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی؟

Marfat.com

26۔ کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔ کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔ کیامدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یانہیں؟

29۔ کیامدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

☆

Marfat.com

# ڈکیتی کے مقدمہ میں تفتیشی افسر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ کیا آپ اس مقدمہ میں مدعی بھی ہیں اور تفتیشی افسر بھی؟

2۔ مدعی اور گواہان آپ کو کس مقام پر ملے تھے؟

3۔ جائے وقوعہ پر آپ کس تاریخ کو گئے تھے؟

4۔ کیا آپ نے جائے وقوعہ پر جانے سے قبل مدعی اور گواہان کے بیانات قلمبند کر لئے تھے؟

5۔ استغاثہ تھانہ کون لے کر گیا تھا؟

6۔ کیا آپ نے استغاثہ لے جانے والے کانسٹیبل کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا تھا؟

7۔ کیا یہ درست ہے کہ مدعی کا بیان تحریر کرنے کے بعد آپ واپس تھانہ آ گئے تھے؟

8۔ تھانہ سے کب روانہ ہوئے اور رپٹ نمبر کیا ہے؟

9۔ آپ کے ساتھ دیگر کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

10۔ آپ کو مقدمہ کی تفتیش کب سپرد ہوئی؟

11۔ جائے وقوعہ پر آپ کس تاریخ کو پہنچے؟

12۔ جائے وقوعہ تھانہ سے کتنی دور ہے؟

13۔ جائے وقوعہ پر آپ کتنی دیر بعد پہنچے؟

Marfat.com

14۔ جائے وقوعہ پر آپ کتنی مرتبہ گئے؟

15۔ موقع پر اور کتنے لوگ اکٹھے ہو گئے تھے؟

16۔ کیا ان اشخاص کے نام آپ نے اپنی ضمنی میں تحریر کئے تھے؟

17۔ آپ نے نقشہ موقع بلا سکیل کس تاریخ کو تیار کیا تھا؟

18۔ کیا اس میں آپ نے گواہان کی موجودگی کو ظاہر کیا تھا؟

19۔ کیا ملزم اور ملزمان نے موقع پر فائرنگ کی؟ کیا موقع پر کوئی خول برآمد ہوئے؟

20۔ کیا آپ نے اسلحہ۔ خول، ہتھیار وغیرہ وغیرہ موازنے کے لئے بھجوائے؟

21۔ آپ نے موقع پر کیا کیا اشیاء قبضہ میں لی تھیں؟

22۔ کیا یہ درست ہے کہ ان تمام اشیاء کے پارسل آپ نے تھانہ میں سیل کئے تھے؟

23۔ مدعی اور گواہان کے بیانات بھی آپ نے تھانہ میں لکھے؟

24۔ موقع پر کتنے لوگوں کو آپ نے شامل تفتیش کیا؟

25۔ جو اشیاء موقع پر برآمد کی گئی تھیں کیا آپ نے ان کی فرد مرتب کی؟

26۔ کن کن گواہان نے فرد پر دستخط کئے؟

27۔ لکھ پڑھ کہاں ہوئی تھی؟

28۔ کیا ان فردات پر گواہان نے تھانہ میں دستخط کئے تھے؟

29۔ آپ کتنی دیر موقع پر رہے؟

30۔ لکھ پڑھ کہاں بیٹھ کر کی تھی؟

31۔ لکھ پڑھ کے لئے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی تھی؟

32۔ رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا؟

Marfat.com

33۔آپ موقع پر کتنی دیر رہے؟

34۔تھانہ واپس کب پہنچے؟

35۔نقشہ کی تیاری کے وقت اور کتنے لوگ موقع پر اکٹھے ہو گئے تھے؟

36۔کیا آپ مدعی اور گواہان کو پہلے سے جانتے تھے؟

37۔کیا آپ ملزم/ملزمان کو پہلے سے جانتے تھے؟

38۔آپ نے پارسل کس تاریخ کو محرر کے حوالے کئے؟

39۔جائے وقوعہ کے مشرق میں کیا ہے؟

40۔جائے وقوعہ کے مغرب میں کیا ہے؟

41۔جائے وقوعہ کے شمال میں کیا ہے؟

42۔جائے وقوعہ کے جنوب میں کیا ہے؟

43۔نقشہ موقع مرتب کرتے وقت آپ نے کن کن لوگوں سے وقوعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کی تھیں؟

44۔کیا جائے وقوعہ کے نزدیک کوئی خاص سڑک یا ندی نالہ ہے؟

45۔کیا نقشہ مرتب کرتے وقت تمام گواہان چشم دید موجود تھے؟اور انہوں نے وقوعہ کی نشاندہی کی تھی؟

46۔کیا آپ نے جائے وقوعہ کے فوٹو تیار کرائے؟

47۔فوٹو کس نے تیار کئے؟

48۔کیا فوٹو گراف سے جائے وقوعہ کی نشاندہی ہوتی ہے؟

49۔کیا فوٹو گرافر کا بیان زیرِ دفعہ 161 ض ف آپ نے تحریر کیا تھا؟

Marfat.com

50۔ کیا اس کا نام فہرست گواہان میں شامل ہے؟

51۔ موقع پر کتنے فوٹو لئے گئے تھے؟

52۔ ان میں سے مثل مقدمہ کے ساتھ کتنے فوٹو لف کئے گئے ہیں؟

53۔ تمام فوٹو لف نہ کرنے کی کیا وجہ تھی؟

54۔ فوٹو گرافی آپ نے نقشہ مرتب کرنے سے قبل تیار کرائی یا نقشہ مرتب کرنے کے بعد؟

55۔ جائے واردات پر موجود اشیاء یعنی خول وغیرہ کی فوٹو گرافی آپ نے فوری طور پر کرائی یا یہ اشیاء اکٹھی کر کے بعد میں فوٹو گرافی کرائی تھی؟

56۔ کیا برآمدگی اسلحہ کے وقت آپ نے فوٹو گرافی کرائی؟

57۔ کیا کوئی موقع کی ویڈیو فلم تیار کی گئی تھی؟

58۔ برآمدگی کے وقت آپ نے فوٹو گرافی کیوں نہیں کرائی؟

59۔ آپ کتنی مرتبہ جائے وقوعہ پر گئے؟

60۔ وقوعہ کے کتنی دیر بعد ملزم/ملزمان گرفتار ہوئے؟

61۔ ملزم ______ نے اسلحہ کہاں سے برآمد کرایا؟

62۔ کیا آپ ملزم کے ہمراہ اس کے گھر میں داخل ہوئے؟

63۔ کیا آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا تھا؟

64۔ آپ نے ورانٹ خانہ تلاشی کیوں نہیں لیا؟

65۔ کیا گواہان برآمدگی بھی آپ کے ہمراہ ملزم کے مکان میں داخل ہوئے تھے؟

66۔ کیا گھر میں پردہ دار خواتین تھیں کیونکہ ملزم بہن بھائیوں اور ماں باپ کے ساتھ

Marfat.com

اکٹھے گھر میں رہتا ہے؟

67۔آپ نے ملزم کے گھر کس وقت ریڈ کیا؟

68۔ملزم کو گرفتار کرتے وقت ملزم کے کمرے تک کس ذریعے سے پہنچے؟یعنی دیوار پھلانگ کر یا گھر کے بڑے گیٹ کے ذریعے؟

69۔کیا ملزم نے کوئی مزاحمت کی؟ملزم کو پہلے کس نے پکڑا؟

70۔کیا ملزم نے ازخود اسلحہ اٹھا کر دیا یا اس نے صرف اشارہ کیا اور آپ نے خود اٹھایا؟

71۔ملزم کے گھر کے جانبِ مشرق کیا ہے؟

72۔ملزم کے گھر کے جانبِ مغرب کیا ہے؟

73۔ملزم کے گھر کے جانبِ شمال کیا ہے؟

74۔ملزم کے گھر کے جانبِ جنوب کیا ہے؟

75۔کیا آپ نے ملزم کو یا اس کے گھر کے کسی بڑے فرد کو وارنٹ خانہ تلاشی دکھایا تھا؟

76۔کیا اس بات کا اندراج آپ نے اپنی ضمنی میں کیا ہے؟

77۔کیا آپ نے بوقت گرفتاری ملزم اس کی جامع تلاشی لی تھی؟

78۔کیا آپ نے فرد برآمدگی جامع تلاشی ملزم مرتب کی تھی؟

79۔اس فرد پر کس کس گواہ نے دستخط کیے تھے؟

80۔برآمدگی کے لئے جاتے وقت آپ نے علاقے کے معزز لوگوں کو شامل کیا؟

81۔دیگر کتنے لوگ موقع پر اکٹھے ہو گئے تھے؟

82۔ان میں سے آپ نے گواہان برآمدگی کیوں نہیں رکھے؟

Marfat.com

83۔ پبلک کے گواہان میں سے آپ نے برآمدگی اسلحہ کا گواہ کیوں نہیں رکھا؟

84۔ ملزم کی گرفتاری کے لئے مخبر آپ کو کہاں ملا تھا؟

85۔ مخبر نے مخبری آپ کو کی تھی یا ایس۔ ایچ۔ او تھانہ کو؟

86۔ کیا گواہان برآمدگی بوقت مخبری موجود تھے اور مخبر کی گفتگو سن رہے تھے؟

87۔ کیا بوقت ریڈ مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

88۔ کیا بوقت گرفتاری ملزم مخبر نے ملزم کی طرف اشارہ کیا تھا یا نہیں؟

89۔ مخبر نے کتنے فاصلے پر ملزم کی نشاندہی کی تھی؟

90۔ فرد برآمدگی پر پہلے کس گواہ نے دستخط کیے تھے؟

91۔ کیا فرد پر پہلے آپ نے دستخط کیے یا گواہان برآمدگی نے؟

92۔ فردات پر کہاں دستخط کیے؟

93۔ ملزم کے گھر کی تلاشی کس کس نے لی تھی؟

94۔ ملزم کے گھر سے دیگر اشیاء، جو آپ نے قبضہ میں لی تھیں کیا ان کی فہرست موقع پر بنائی تھی؟

95۔ اگر ملزم/ملزمان نامعلوم تھے تو آپ نے ملزم/ملزمان کی گرفتاری کے کتنے عرصہ بعد شناخت پریڈ کی کاروائی کے لئے ملزم کو عدالت میں پیش کیا؟

96۔ شناخت پریڈ کی کاروائی کے لئے عدالت نے کیا حکم دیا؟

97۔ کیا عدالت ملزم سے مخاطب ہوئی؟

98۔ ملزم/ملزمان کو عدالت نے کیا کیا ہدایات دیں؟

99۔ گرفتاری کے کتنے عرصہ بعد شناخت پریڈ کرائی گئی؟

Marfat.com

100۔ کیا شناخت پریڈ کی کاروائی سے قبل ملزم اور گواہان کی آپس میں کوئی بات چیت ہوئی تھی؟

101۔ کیا جب ملزم تھانہ بند تھا تو اس دوران شامل تفتیش ہونے کے لئے گواہان اور مدعی تھانہ آتے رہتے تھے؟

102۔ آپ نے بوقت گرفتاری ملزم کو کوئی ہدایت کی ہو؟

103۔ کیا آپ نے شناخت پریڈ کی کاروائی میں حصہ لیا؟

104۔ کیا اس کاروائی کے دوران آپ مجسٹریٹ کے ہمراہ رہے یا جیل سے باہر؟

105۔ شناخت پریڈ کے وقت کتنے دیگر افراد کو ملزمان کے ساتھ کھڑا کیا گیا تھا؟

106۔ شناخت پریڈ کی کاروائی کتنی مرتبہ عمل میں لائی گئی؟

107۔ گواہان نے کس کس ملزم کو شناخت کیا اور کس کس ملزم کو شناخت نہ کیا؟

108۔ کس گواہ نے ملزم کو غلط طور پر شناخت کیا؟

109۔ کیا عدالت میں بھی ملزم/ملزمان نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

110۔ ملزم کتنا عرصہ تھانہ میں بند رہا؟

111۔ ملزم کو دوبارہ آپ نے ریمانڈ جسمانی حاصل کرنے کے لئے کس تاریخ کو عدالت میں پیش کیا؟

112۔ ملزم کتنا عرصہ جسمانی ریمانڈ پر رہا؟

113۔ کیا آپ نے فرد نشاندہی ملزم مرتب کی تھی؟

114۔ اس فرد پر کس کس گواہان نے دستخط کئے؟

115۔ کیا آپ نے ان گواہان کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف قلمبند کیا تھا؟

116۔ کیا آج مال مقدمہ موجود عدالت ہے؟

Marfat.com

117۔کیا جب اسلحہ آپ کو واپس موصول ہوا تو وہ سیل شدہ تھا یا نہیں؟

118۔پستول/ بندوق/ رائفل کے ساتھ آپ نے مزید کیا بھیجا؟

119۔ملزم نے دیگر کوئی اشیاء برآمد کرائیں؟

120۔اسلحہ کو کس کس گواہ نے شناخت کیا؟

121۔کیا ملزم نے اپنی صفائی پیش کی؟

122۔ملزم کی طرف سے صفائی کے کتنے گواہان پیش ہوئے؟

123۔ملزم نے اپنی صفائی میں کیا کہا؟

124۔کیا اسلحہ ایکسپرٹ کو آپ نے گواہ رکھا؟

125۔کیا آپ نے ان تمام گواہان کو شامل تفتیش کیا؟

126۔کیا اس بیان کی روشنی میں تمام ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں؟

127۔آپ نے کس بنیاد پر ملزم ______ کو بے قصور قرار دیا؟

128۔آپ پولیس فائل ملاحظہ کریں مدعی مقدمہ اس ملزم کو شامل ہونا بیان کرتا ہے؟

129۔تمام گواہان اس ملزم کو وقوعہ میں شامل ہونا بیان کرتے ہیں کیا یہ درست ہے؟

130۔کیا صفائی کے تمام گواہان ملزم کے رشتہ دار ہیں؟

131۔کیا یہ گواہان بوقت وقوعہ موقع پر تھے؟

132۔کس سینئر پولیس افسر نے تصدیق تفتیش کی؟

133۔کیا وہ افسر موقع پر بھی آیا تھا؟

134۔فردات۔ضمنی، نقشہ وغیرہ کی تحریریں مختلف انداز میں کیوں تحریر ہیں؟

135۔کیا ضمنی آپ نے خود لکھی یا بول کر تحریر کرائی؟

Marfat.com

Marfat.com

# ضربات کے مقدمات

# HURT CASES

Marfat.com

Marfat.com

☆ جرم امتناعی شق میں نہ آئے تو ضمانت منظور:۔

452/337 الف اور 337 ف (F) کے مقدمہ میں جب زخم جسم کے نازک حص
پر نہ تھا۔ سپریم کورٹ نے ضمانت لے لی۔

1993 SCMR 240

☆ شجہ موضوعہ میں ضمانت ہوگی:۔

جب ہڈی نہ ٹوٹی ہو اور زخم کی نوعیت شجہ موضوعہ ہو تو ضمانت اس لئے ہو جائے گی ک
جرم امتناعی شق میں نہیں آتا۔

1993 PCrLJ 2514 1993 SCMR 1994

جب کاری ضرب ملزم سے منسوب نہ تھی تو ضمانت منظور کر لی گئی۔

2002 PCrLJ 110 2002 MLD 150

☆ کراس مقدمات میں فریقین کی ضمانت منظور:۔

بلوہ اور مار پیٹ کے کراس مقدمات میں جب دونوں فریق جمع تھے تو دونوں ک
ضمانت لی گئی۔

2000 PCrLJ 478

☆ دونوں پارٹیاں زخمی:۔

دونوں نے مخالفین کے زخموں کی کوئی وضاحت نہ کی دونوں پارٹیوں کی ضمانت ہوگئی

1999 PCrLJ 810/1337

جن پر کوئی مخصوص ضرب لگانے کا الزام نہ تھا۔

1999 PCrLJ 65

Marfat.com

☆ حرابہ کے مقدمہ میں تاخیر فیصلہ کے سبب ضمانت منظور:۔

حرابہ کے مقدمہ میں ملزم زائد از ایک سال سے حوالات میں تھا اور مقدمہ کا فیصلہ نہ ہو پایا تو اس تاخیر فیصلہ کے سبب کراچی ہائی کورٹ نے ضمانت لے لی۔

2001 PCrLJ 1318

☆ جب مضروب لڑکے کے پوشیدہ جسم پر نشان نہ تھا تو ضمانت منظور:۔

377 ت پ کے مقدمہ میں جب پرچہ میں دو دن کی تاخیر تھی اور مضروب لڑکے کے پوشیدہ جسم پر نشان نہ تھا تو ضمانت منظور۔

1989 MLD 3978

☆ FF 337 365/324 ت پ کے مقدمہ میں ضمانت بعد از گرفتاری منظور:۔

جب ملزم پر غیر جائفہ متلاحمہ اور مدعیہ کی ضربات لگانے کا الزام تھا تو لاہور ہائی کورٹ نے اس وجہ سے ضمانت لے لی ایسے مقدمات میں 3 سال قید اور جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے جو امتناعی شق میں نہیں آتے۔

PLJ 1999 Cr. Cases 732

☆ ضرب شدید کے مقدمہ میں ضمانت منظور:۔

جب ضرب شدید اینٹ پھینکے سے لگی۔ تو ضمانت اس وجہ سے ہو گئی کہ جرم امتناعی شق میں نہیں آتا۔

1993 PCrLJ 1518

Marfat.com

☆ امتناعی شق میں نہ آنے والے ملزمان ضرب شدید کے مقدمات میں ضمانت نامنظور

اگرچہ ان مقدمات میں جو امتناعی شق دفعہ 497 الف کے تحت نہ آتے ہوں ملزمان کی ضمانت بعد از گرفتاری فیاضی سے لے لی جاتی ہے۔ لیکن مقدمہ کے حالات میں واقعات ملزمان کے طرز عمل کے سبب کبھی کبھی ایسے ملزمان کی ضمانت بھی نامنظور کردی جاتی ہے۔

1990 MLD 204 1987 PCrLJ 1014

PLD 1991 Criminal 745 1990 SCMR 299

1977 PCrLJ 325 PLD 1991 LHR 433

1993 PCrLJ 924 PLD 1993 LHR 110

1979 PCrLJ 36 1985 SCMR 1778

1986 PCrLJ 2275/2876 1984 PCrLJ 2067/2465

2002 PCrLJ 5

☆ عدم شناخت:۔

ملزمان سے کوئی برآمدگی نہ ہوئی تھی۔ ان سے منسوب ضرب بھی معمولی تھی۔ استغاثہ کے گواہوں بشمول مستغیث عدالت تجویز میں حلفاً بیان کیا کہ اندھیری رات کے سبب ملزمان کو پہچان نہ سکے۔ سرکاری وکیل کو بھی ضمانت پر کوئی اعتراض نہیں تھا۔ ان حالات میں ملزمان کو ضمانت پر رہا کردیا گیا۔

2001PCrLJ 1454

☆ دفعہ 324 ت پ کے تحت جرم میں ماخوذ ملزم کی ضمانت مسترد:۔

ملزم جو دفعہ 324 ت پ کے تحت جرم میں ماخوذ تھا۔ کی ضمانت مسترد کردی گئی کیونکہ

Marfat.com

ریکارڈ پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کچھ نہیں تھا کہ اس کے خلاف مقدمہ مزید تحقیقات طلب ہے۔

2001 PCrLJ 516

☆ نیابتی ذمہ داری:۔

دفعہ (3)337(الف) ت پ کے تحت جرم کی ضمانت جوڈیشنل مجسٹریٹ نے منظور کی۔لیکن ایڈیشنل سیشن جج نے منسوخ کر دی۔عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ ملزم کے خلاف کیس مزید تحقیقات طلب تھا ضمانت پر ہا کر دیا۔

2001 CrLJ 337

☆ جب جرم مزید تحقیق طلب ہو:۔

ملزم کا کیس جو نیابتی طور پر اس جرم کا ذمہ دار ہو جس کا ارتکاب ساتھی ملزم نے کیا ہو دفعہ (2) 497 کے تحت مزید تحقیقات طلب ہوگا۔ملزم جسے تعزیرات پاکستان کی دفعات 324/109/34 کے تحت جرائم کے الزام کا سامنا تھا کو عدالت عالیہ نے ضمانت پر رہا کر دیا۔

2001 CrLJ 688

☆ تین ملزمان سے ضرب شدید منسوب نہ تھی سب کی ضمانت منظور:۔

جب تین ملزمان پر پتھراؤ کا الزام تھا ضرب شدید صرف ایک تھی اور یہ معلوم نہ ہوسکتا تھا کہ یہ ضرب کس ملزم کے پتھر سے لگی تو سب کی ضمانت ہوگئی۔

PLD 1997 Peshawar 11

☆ ڈاکٹروں کی اختلاف رائے پر ضمانت منظور:۔

جب دانتوں کے ڈاکٹر نے دانت کی تلفی کا سٹیفکیٹ دے دیا لیکن میڈیکل بورڈ نے اس کے برعکس رپورٹ دی تو ملزمان کی ضمانت لی گئی۔

Marfat.com

2001 PCrLJ 1668

☆ مار پیٹ اور مداخلت کے مقدمہ میں ستر سالہ بوڑھے ملزم کی ضمانت منظور:۔

مسٹر جسٹس محمد فرخ محمود نے F-337 اور 452 کے مقدمہ میں گرفتار شدہ 70 سالہ بوڑھے ملزم کی ضمانت منظور کی وہ استغاثہ کی کہانی کے مطابق خالی ہاتھ تھا اور جس نے خود کوئی ضرب کسی کو نہ لگائی تھی۔

2001 MLD 1557

NLR 2002 CrLJ 70

☆ کون سی دفعہ لگے گی اس سوال پر ضمانت منظور:۔

جب ملزم کی ضرب سے مدعی کی ہڈی کا جوڑا کھڑ جانے کا الزام تھا تو اس وجہ سے ملزم کی ضمانت لی گئی کہ الزام 336 یا 337E ت پ یا L-337 ت پ ان تین دفعات میں سے کس دفعہ کے تحت آئے گا۔

1998 PCrLJ 32

☆ جب تفتیشی افسران نے ملزم کو بے گناہ قرار دیا ہو ضمانت منظور شد:۔

جب تین تفتیشی افسران نے ملزم کو بے گناہ قرار دیا اور اس سے کوئی ہتھیار برآمد نہ ہوا تو اس کی ضمانت ہوگئی۔

1995 PCrLJ 1221 2002 PCrLJ 108

☆ OPEN FIGHT ضمانت منظور:۔

جب دونوں فریق ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے۔ دونوں فریق زخمی ہوئے۔ تو ان

Marfat.com

ملزمان کی ضمانت لی گئی۔ جن پر براہ راست مہلک ضرب لگانے کی ذمہ داری نہ تھی۔

1991 PCrLJ 2248

☆ OPEN FIGHT دونوں پارٹیاں چالان ضمانت منظور:۔

جب تفتیشی افسر نے دونوں پارٹیوں کو OPEN FIGHT کا مرتکب قرار دیا اور دونوں کو چالان کیا۔ تو اس وجہ سے ضمانت منظور ہوئی۔

1989 PCrLJ 931

☆ جب ملزمان کے زخموں کی وضاحت نہ کی گئی تو ضمانت منظور:۔

جب کوئی ملزم زخمی تھا اور مقدمہ درج کرانے والے نے اس اہم حقیقت کو چھپایا اور ملزم کے زخموں کی وضاحت نہ کی تو اس وجہ سے ضمانت ہوئی۔

1990 SCMR 1097 1990 PCrLJ 1324

1970 PCrLJ 666 1990 PCrLJ 1465

1975 PCrLJ 162 1985 MLD 1602

1983 PCrLJ 86/87 1978 PCrLJ 80/388

1976 PCrLJ 1323 1976 SCMR 124

1983 PCrLJ 2281 1983 PCrLJ 2242

☆ دونوں پارٹیاں زخمی۔CROSS-CASES میں ضمانت منظور:۔

جب دونوں پارٹیاں زخمی ہوئیں دونوں نے ایک دوسرے کے خلاف مقدمات درج کرائے تو ان کی مجرمیت تحقیق طلب قرار دے کر ضمانت لی گئی۔

1989 PCrLJ 1003 1989 PLD Kar 37

Marfat.com

☆ حملہ آور پارٹی کون سی تھی:۔

جب دونوں پارٹیاں زخمی ہوئی ہوں اور دونوں مسلح پارٹی پائی گئی ہوں تو یہ بات مزید تحقیقات کی محتاج ہو جاتی ہے کہ کون سی پارٹی آخر کار حملہ آور اور ظالم قرار پائے گی اور کون سی پارٹی مظلوم اور ایسے مقدمات میں ضمانت ہو جاتی ہے۔

1982 PCrLJ 49/91 1981 PCrLJ 235/453/1158

1987 PCrLJ 1543 1986 PCrLJ 2630

1990 PCrLJ 911/917/1324 1989 PCrLJ 456

1990 PCrLJ 1465 1978 SCMR 171

1977 PCrLJ 517/519 1976 SCMR 12

1986 PCrLJ 446/1543 1990 PCrLJ 1169

1991 PCrLJ 1006

☆ چار زخم چھ ملزم ضمانت قبل از گرفتاری بحال ضمانت منظور:۔

جب گواہ کو صرف چار ضربات تھیں اور چھ ملزمان کو ملوث کیا گیا تو ان کی ضمانت قبل از گرفتاری بحال رکھی گئی۔

1998 PCrLJ 166

☆ پانچ ضربات چار ملزم سب کی ضمانت منظور:۔

جب مدعی کو صرف پانچ ضربات لگیں اور چار ملزمان پر مقدمہ درج ہوا تو ضمانت اس وجہ سے لی گئی کہ پانچ ضربات تو ایک ملزم بھی لگا سکتا تھا۔

1994 MLD 1299

Marfat.com

☆ چھرہ کا الزام:۔

جب زخم کم ہوں اور ملزمان زیادہ نامزد کیے جائیں تو عموماً ہاتھ پاؤں پکڑے یا چھرہ لگانے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ ایسے الزامات کے اعلیٰ عدالتیں شک کی نگاہ سے دیکھتی ہیں

PLD 1985 Kar 609    1876 PCrLJ 758

1978 SCMR 357    1981 SCMR 850/894

1994 SCMR 393/2161    1979 PCrLJ 190

1983 PCrLJ 324/1393    1995 SCMR 310/343

1995 PCrLJ 912/930    1987 PCrLJ 956/1019

1987 PCrLJ 1043/1168    1988 PCrLJ 1181

1989 PCrLJ 2458    1992 PCrLJ 543/545

1989 PCrLJ 182/446/487/490/554

1989 PCrLJ 614/877/963/1869

1989 PCrLJ 1893/2154/2352/2387

1981 PCrLJ 1189/1102/1209

1988 PCrLJ [illegible]29/1452/1592/1600

1994 PCrLJ 1411/1216/2491

1976 PCrLJ 177/835/1003/1059

☆ جب مہلک ضرب لگانے والے کا پتہ نہ چلے تو ضمانت منظور شد:۔

جب دو پارٹیوں میں اچانک لڑائی ہوئی اور یہ پتہ نہ چل سکا کہ سوٹے کی مہلک ضرب کس نے لگائی تو ضمانت شک کے سبب لی گئی۔

Marfat.com

1992 PCrLJ 2182

☆ جب مقدمہ مجسٹریٹ دفعہ 30 کی عدالت میں ہو تو ضمانت منظور ہوئی:۔

مجسٹریٹ دفعہ 30 زیادہ سے زیادہ سات سال تک کی سزا دے سکتا ہے۔ جب ملزم کی لگائی ہوئی ضرب شدید تو تھی مگر زندگی کے لئے خطرناک نہ کہی گئی اور مقدمہ دفعہ 30 کے مجسٹریٹ کے پاس تھا تو ضمانت لاہور ہائی کورٹ نے لی۔

1994 PCrLJ 2449

☆ اچانک لڑائی میں تین ملزمان کی ضمانت ہوگئی:۔

جب لڑائی اچانک ہوئی تو ان ملزان کی ضمانت ہوگئی۔ جن پر کوئی مخصوص الزام نہ تھا۔ دوسرے ملزم کی عمر ستر سال تھی اور تیسرے کو پولیس بنے بے گناہ قرار دیا۔

1991 PCrLJ 1317

☆ کس کو گولی لگی کا سوال ضمانت کے لئے کافی نہیں:۔

جب ملزم اور اس کے ساتھی نے فائرنگ کی اور یہ واضح نہ تھا۔ کہ دونوں میں سے مدعی کو کس کی گولی لگی تب بھی فائرنگ میں شریک ہونے کے سبب ملزم کی ضمانت مسترد کی گئی۔

1994 PCrLJ 785

☆ کتوں سے آدمیوں کو کٹوانے والے کی ضمانت منسوخ:۔

جب اس پر الزام تھا کہ اس نے خود بھی مارا پیٹا اور اپنے پالتو کتوں سے بھی کٹوایا اس کی ضمانت منسوخ کی گئی۔

1999 PCrLJ 200

☆ جرم امتناعی شق میں نہ بھی آتا ہو تب بھی ضمانت نامنظور کر دی گئی:۔

جب ملزمان نے دن دیہاڑے مدعی کو ڈانگیں مار کر اس کی ٹانگ توڑ دی اور یہ ٹانگ

Marfat.com

تین بار اپریشن کے باوجود درست نہ ہوئی تو لاہور ہائی کورٹ نے ملزم کی ضمانت مسترد کر دی۔

1999 PCrLJ 1348

☆ اتلاف عضو کے مقدمہ میں ضمانت مسترد:۔

جب ملزم نے مدعی کی ناک کا 3/4 حصہ کاٹ دیا ہو تو اس کی ضمانت مسترد کر دی گئی۔

2002 PCrLJ 28

جائفہ کے مقدمہ میں ضمانت مسترد

زخم کی نوعیت جائفہ لکھی گئی جس کی سزا دس سال تک ہو سکتی ہے۔اس لئے ضمانت مسترد کی گئی۔

1993 PCrLJ 924

☆ پولیس مقابلہ دونوں طرف سے فائرنگ ملزمان کی قبل از گرفتاری ضمانت کنفرم:۔

کراچی ہائیکورٹ نے پولیس مقابلے کے مقدمہ میں زیر دفعہ 148-332-324 ت پ میں ملزمان کی قبل از گرفتاری ضمانت اس وجہ سے کنفرم کر دی کہ پولیس پارٹی میں سے کسی کو بھی گولیوں کے زخم نہیں لگے تھے۔

2000 PCrLJ 462

☆ جسم کا ہر حصہ یکساں طور پر شریعت کے مطابق قابل تحفظ ہے:۔

لاہور ہائی کورٹ نے قرار دیا کہ جسم کے نازک اور غیر نازک سب حصے قابل تحفظ ہیں۔اس لئے جسم کے غیر نازک اور غیر اہم حصہ پر زخم لگانے والا ملزم بھی اسی طرح قابل سزا ہے جس طرح نازک حصے پر چوٹ لگانے والا ٹخنے پر گولی مارنے والے کی ضمانت مسترد کی گئی۔

1999 NLR Criminal 09

Marfat.com

☆ FIR میں نام نہ ہونے کے باوجود ضمانت مسترد:۔

ملزم دوران تفتیش قصور وار ثابت ہوا اور اسلحہ بھی برآمد ہوا اس بناء پر ضمانت منسوخ کردی گئی۔

2002 MLD 83

☆ جب مدعی کے بیان حلفی کی تردید نہ ہو تو ضمانت منسوخ ہو گئی:۔

درخواست منسوخی ضمانت جب اس بنیاد پر دی جائے کہ ملزم گواہوں کو ڈراتا دھمکاتا ہے اور اس الزام کی تائید میں بیان حلفی شامل درخواست ہوں تو ایسے بیانات حلفی کی تردید میں بیان حلفی ملزم کو داخل کرنا لازمی ہے۔ ورنہ سچ سمجھ کر ضمانت منسوخ کردی جائے گی۔

1977 SCMR 30 1981 SCMR 507

1977 PCrLJ 527

☆ جب ضمانت لیتے وقت اہم امور کو زیر غور نہ لایا گیا تو ضمانت منسوخ:۔

جب ضمانت منظور کرتے وقت بعض اہم امور کو نظر انداز کیا گیا تو ایسی ضمانت منسوخ کردی گئی۔

1977 SCMR 2 1979 SCMR 197

1979 SCMR 65 PLD 1970 SC 335

1988 SCMR 335 1990 SC 758

1990 SCMR 1140 1979 SCMR 235

1983 SCMR 341 1990 SCMR 1290

PLD 1987 LHR 225 1981 PCrLJ 984

☆ ضمانت کی رعایت کا ناجائز استعمال:۔

جب ملزم نے ضمانت پر آزاد ہو کر گواہوں کو ڈرایا دھمکایا تو اس کی ضمانت منسوخ کی جائے گی۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1977 PCrLJ 527 | 1977 PCrLJ 476 |
| 1981 SCMR 507 | 1977 SCMR 30 |
| 1981 PCrLJ 1043 | 1981 SCMR 780 |
| 1979 SCMR 65 | 1976 PCrLJ 609 |
| PLD 1975 LHR 680 | 1988 PCrLJ 1441 |
| PLD 2002 KAR. 1 | 1984 PCrLJ 755 |

☆ ماں کی بیماری کا جھوٹا بہانہ:۔

جب ملزم نے یہ جھوٹا بہانہ بنایا کہ اس کی ماں قریب المرگ ہے اور مجسٹریٹ نے اس وجہ سے ضمانت لے لی تو یہ ضمانت اس وجہ سے منسوخ کی گئی کہ کوئی مجسٹریٹ ملزم کی ماں کی بیماری کے بہانے ضمانت نہیں لے سکتا۔

PLD 1992 LHR 171

☆ سابقہ درخواست چھپا کر کرائی ہوئی ضمانت منسوخ:۔

جب ملزم نے پہلی درخواست کی نامنظوری چھپا کر دوسرے جج سے ضمانت کروائی تو ایسی ضمانت اس دھوکہ بازی کے سبب منسوخ کی گئی۔

| | |
|---|---|
| 1979 PCrLJ 665 | 1989 PCrLJ 1931 |
| 1984 PCrLJ 2676 | 1980 SCMR 133 |
| 1984 PCrLJ 3126 | 1987 PCrLJ 1453 |
| 1984 SCMR 1511 | PLD 1981 SC 240 |
| 1986 SCMR 1321 | 1985 MLD 855 |
| PLD 1986 SC 347 | 1989 PCrLJ 191 |

☆ ضمانت قبل از گرفتاری منسوخ:۔

قبل از گرفتاری ضمانت صرف اس صورت میں ہوسکتی ہے جب مقدمہ جھوٹا اور دشمنی

Marfat.com

پر مبنی معلوم ہوتا ہو یا پولیس کے خلاف بدنیتی اور دشمنی کا الزام ہو۔ جب ضربات لگائی گئی ہوں یا جرم امتناعی شق میں آتا ہو تو قبل از گرفتاری ضمانت منسوخ کی گئی۔

1983 PCrLJ 2139 1979 SCMR 55
1977 PCrLJ 520 1987 PCrLJ 458
PLD 1987 LAH 99 1989 MLD 4667
1967 PESH 321 PLD 1967 LHR 1132
1978 PCrLJ 118 1984 PCrLJ 721
1978 PCRLJ 818 1981 KAR 484
1979 PCrLJ 154 1979 PCrLJ 15
1989 PCrLJ 1695 1989 PCrLJ 1907
1984 PCrLJ 1635 1982 PCrLJ 495
PLD 1978 LHR 1405 PLD 1977 KAR 554/138
2002 MLD 162

☆ پولیس کی تصدیق بے گناہی پر لی ہوئی ضمانت منسوخ:۔

عام طور پر مجسٹریٹ سیشن جج اور ایڈیشنل سیشن جج ایسے ملزمان کی ضمانت لے لیتے ہیں جسے تفتیش کرنے والے پولیس افسر نے بے گناہ قرار دیا ہو۔ لیکن مندرجہ ذیل فیصلوں میں پولیس افسروں کی تصدیق بے گناہی کے باوجود ضمانت منسوخ کی گئی۔ جس کی دلیل یہ دی گئی کہ پولیس کی رائے عدالت پر قابل پابندی نہیں ہوتی اور کسی پولیس افسر کی یہ رائے کہ ملزم بے گناہ پایا گیا ہے۔ ٹھوس اور معقول وجوہات پر مبنی نہ تھی۔

1981 SCMR 849 1981 PCrLJ 448
1989 PCrLJ 2253 1992 PCrLJ 1321
1991 MLD 756 1988 SCMR 382

Marfat.com

1970 PCrLJ 680 1977 PLD PESH 15
1983 PCrLJ 1893 1991 PCrLJ 529
1988 MLD 2210 1990 PLD SC 959
1986 MLD 2413 1988 MLD 2210

☆ نابالغ ملزم کی ضمانت منسوخ:۔

نابالغ ملزمان کی ضمانت ان کی کم عمری کے سبب عموماً لے لی جاتی ہے۔لیکن مندرجہ ذیل فیصلوں میں نابالغ ملزمان کی ضمانت منسوخ کی گئی۔

1978 PCrLJ 539 1977 PCrLJ 393
1978 SCMR 435 1981 PCrLJ 803
1983 SCMR 791 1981 PCrLJ 1206
1983 PCrLJ 2474 1984 PCrLJ 171
1985 PCrLJ 2467 1984 PCrLJ 1137
1984 PCrLJ 1822

☆ جب ملزم کا عمل ظالمانہ ہو تو ضمانت منسوخ ہو گی:۔

جس ملزم نے چھری سے ضربات لگائیں یا استرے سے کسی کی ناک کاٹی یا کوئی دوسرا عضو کاٹ دیا ہو تو ایسے ملزم کی ضمانت اس کے ظالمانہ طرز عمل کے سبب منسوخ کردی جائے گی۔

1968 PCrLJ 1232 1977 SC 602
1977 PCrLJ 393 1975 PCrLJ 1145
PLD 1976 PESH 105 1981 PCrLJ 803
PLD 1981 KAR 483 1981 PCrLJ 1077
1981 SCMR 710 1981 SCMR 530
1978 PCrLJ 724 1988 SCMR 335

Marfat.com

PLD 1978 LHR 1273

☆ قرآن شریف پر قسم کے باوجود ضمانت منسوخ:۔

جب ہائی کورٹ نے قرآن شریف پر بے گناہی کی قسم اٹھوا کر اس حلف کی بناء پر ضمانت لی تو سپریم کورٹ نے یہ ضمانت اس وجہ سے منسوخ کر دی کہ حلف اٹھانے والے نے مدعیہ کو لگی ہوئی ضربات کی کوئی وضاحت نہ کی تھی۔

1990 SC 83

☆ گواہان کو دھمکانے کا الزام عموماً مسترد کیا جاتا ہے:۔

مندرجہ ذیل نظائر میں قرار دیا گیا کہ گواہوں کو ڈرانے دھمکانے کا الزام لگا کر ضمانت کی منسوخی کی درخواست دی جاتی ہے ایسے الزام کا ٹھوس ثبوت نہ ہو تو ضمانت منسوخ نہ ہوگی۔

1976 PCrLJ 265 1989 MLD 4085

PLD 1977 KAR 556 1981 SCMR 565

1984 PCrLJ 284/724 1982 PCrLJ 724

1993 PCrLJ 2327 PLD 1976 KAR 1168

1982 SCMR 198/205 1977 PCrLJ 337/914

1987 PCrLJ 221/1353

☆ ہائی کورٹ عموماً ضمانت منسوخ نہیں کرتی:۔

جب ضمانت کا حکم غیر قانونی یا غیر منصفانہ ہو اور سیشن کورٹ یا ہائی کورٹ نے معقول وجوہات کی بناء پر ضمانت لی ہو تو سپریم کورٹ ایسی ضمانت عموماً منسوخ نہیں کرتی۔ بحال رکھتی ہے۔

1982 SCMR 83 1997 MLD 279

1991 SCMR 80 1986 SCMR 1834

1987 SCMR 1879 1985 SCMR 979

1991 SCMR 322

Marfat.com

☆ ہائی کورٹ کی منسوخ کردہ ضمانت سپریم کورٹ عموماً بحال نہیں کرتی:۔

جب ہائی کورٹ نے ضمانت منسوخ کی ہو تو ایسے حکم منسوخی ضمانت میں سپریم کورٹ عموماً مداخلت نہیں کرتی اور ضمانت بحال نہیں کی جاتی۔

1971 SCMR 374    1968 SCMR 694

1985 SCMR 930    1976 SCMR 292/302

1986 SCMR 134    1990 SC 758

1975 SCMR 230    1969 SCMR 49

1980 SCMR 28    1977 SCMR 2/241

1987 SCMR 1860    1983 SCMR 199

1990 SCMR 315    1988 SCMR 335

1990 SCMR 346    1990 SCMR 343

1981 SCMR 710/507/780/820/1105

1979 SCMR 90/197/399

☆ جب مقدمہ مرنے والے نے درج کرایا تھا تو ضمانت منسوخ ہوگئی:۔

جب پرچہ خود مرنے والے نے درج کرایا ہو اور اس میں ملزمان نامزد کیے ہوں تو ایسے ملزمان کی ضمانت منسوخ کی گئی۔

PLD 1967 LHR 1132    PLD 1967 PESH 321

1979 PCrLJ 15    1968 PCrLJ 188

1986 PCrLJ 93    PLD 1984 KAR 223

☆ کراس کیس کے باوجود ضمانت منسوخ کی گئی:۔

جب دونوں پارٹیوں نے ایک دوسرے کے خلاف مقدمات درج کرائے اور سیشن جج نے ایک پارٹی کی ضمانت اس وجہ سے لی کہ ان کو غالباً حق دفاع حاصل تھا ایسی ضمانت

Marfat.com

منسوخ کی گئی۔ کیونکہ مقدمہ کے محاسن پر گہرا غور وفکر ضمانت کے معاملے میں ناپسندیدہ عمل ہوتا ہے۔

PLD 1965 PESH 23 PLD 1970 SC 335
1986 PCrLJ 90 1978 PCrLJ 1.18
1984 SCMR 206 1986 PCrLJ 208
1981 SCMR 1092 1978 SCMR 1416
PLD 1980 LHR 127 1980 PCrLJ 446
1987 PCrLJ 710 1987 PCrLJ 353
1976 PCrLJ 1064 1973 SCMR 217
1982 PCrLJ 344 1992 SCMR 501
1991 PCrLJ NOTE 153 1990 PCrLJ 532

☆ جب ملزم کے خلاف سنگین جرم میں شمولیت کا ثبوت ہو تو ضمانت منسوخ۔

جب ملزم کے خلاف مقدمہ ایسا ہو جس میں دس سال یا اس سے زیادہ معیاد کی قید ہو سکتی ہو اور ملزم کے خلاف ٹھوس شہادت موجود ہو تو اس کی ضمانت منسوخ کی جائے گی۔

PLD 1977 KAR 554 1971 PCrLJ 778
1981 PCrLJ 1077 1979 PCrLJ 213/244
1988 PCrLJ 922/1441 1988 PCrLJ 1794
1990 PCrLJ 1902 PLD 1990 LHR 249
1977 SCMR 1 1989 PCrLJ 289
1977 PCrLJ 126/727 1978 PCrLJ 739
1988 PCrLJ 694 1981 SCMR 530

Marfat.com

1991 PCrLJ 225 1988 PCrLJ 2015

1991 MLD 756/175 1985 SCMR 981

1991 NLR 745 1986 PCrLJ 2316/401

1989 PCRLJ 839/875/1695/1907

☆ جوش غیرت میں ضمانت منسوخ

عام طور سے جب کسی نے فوری جوش غیرت کے زیر اثر اپنی کسی رشتہ دار خاتون یا اس کے یار یا دونوں کو قتل کر دیا ہو تو عدالتیں ایسے ملزم کی ضمانت اس وجہ سے لے لیتی ہیں کہ سزا کم ہو گی۔ لیکن کبھی ایسی ضمانت منسوخ بھی کی جاتی ہے۔

NLR 1981 Criminal 199

☆ جب ساتھی ملزم کی ضمانت کو چیلنج نہ کیا جائے تو دوسرے ملزم کی ضمانت منسوخ نہ ہو گی۔

ایک مقدمہ میں جب بہت سے ملزمان ہوں اور چند ایک کی ضمانت ہو جائے جس کو منسوخ کرانے کی تحریک مدعی نہ کرے تو ازاں بعد دوسرے ملزم کی ضمانت اس وجہ سے منسوخ نہیں کی جائے گی کہ اصول مساوات کی بنا پر پھر اس کی ضمانت ہو جائے گی۔

1987 PCrLJ 289 1986 SCMR 1380

1987 PCrLJ 989 1987 PCrLJ 978

1987 PCrLJ 1115

☆ کن صورتوں میں ضمانت منسوخ نہ ہو گی۔

اعلیٰ عدالتیں ہمیشہ منظور شدہ ضمانت کو منسوخ کرنے میں تامل اور ہچکچاہٹ کرتی ہیں اور جب تک حکم ضمانت قانونی تقاضوں کے برعکس اور نامنصفانہ پایا جائے۔ ضمانت منسوخ نہیں کی جاتی۔

1982 PCrLJ 200 1979 SCMR 351

Marfat.com

PLD 1981 KAR 484
1990 PCrLJ 1857
1990 PCrLJ 630/1859
1985 PCrLJ 2844
1987 PCrLJ 905/1915
PLD 1984 PESH 199
1984 PCrLJ 149/1911
1983 PCrLJ 914/2392
1978 PCrLJ 71/285
1989 PCrLJ 1430/2158
2001 PCrLJ 320
1980 PCrLJ 1026/1022
PLD 2002 KAR. 1
2001 PCrLJ 1461
NLR 2002 CrLJ 42

☆ سابقہ درخواست چھپانے پر ضمانت منسوخ

جس ملزم کی درخواست ضمانت پہلے خارج ہو گئی تھی مگر اس نے یہ راز چھپا کر دوسرے جج سے بیماری کے عذر پر ضمانت کروالی۔ تو ہائی کورٹ نے اس کی ضمانت منسوخ کر دی۔

1993 PCrLJ 2311

☆ عورت ملزمہ کی ضمانت منسوخ کی گئی۔

جب زنا کاری میں ملوث عورت کی ضمانت ہو گئی اور اس الزام پر اس کی ضمانت کی منسوخی کے لیے درخواست دی گئی کہ وہ ضمانت کے بعد بھی اپنے یار کے گھر رہتی ہے تو عدالت نے اس وجہ سے ضمانت بحال رکھی کہ عورت اپنے سگے چچا کے گھر رہتی ہے۔

1994 PCrLJ 2335

☆ وکلاء کے بیانات حلفی مسترد ضمانت منسوخ

جب ہائی کورٹ نے بعض وکلاء کی تصدیق بے گناہی پر خاتون کو بے لباس کرنے کے مقدمہ میں ضمانت لی۔ تو یہ ضمانت منسوخ کر دی گئی۔

1990 SC 83

Marfat.com

قاتل پولیس والوں کی ضمانت مسترد

جب پولیس والے تفتیش کے بہانے مقتول کو اپنے ساتھ لے گئے۔اور بعد میں اس کی لاش ملی تو باوجودیکہ پرچہ میں ملزمان کا نام نہ تھا۔ملزم پولیس اہلکاروں کی ضمانت مسترد کر دی۔

1993 PCrLJ 1820

☆ پولیس کی رائے متعلق بے گناہی مسترد۔ضمانت نامنظور

پولیس چالان محض پولیس کی رائے ہوتی ہے اور جب ایسی رائے ٹھوس وجوہات پر مبنی نہ ہو ضمانت نہ ہوگی۔

1995 PCrLJ 259

☆ پولیس کی رائے مسترد کر کے ضمانت نامنظور:۔

جس ملزم پر براہ راست قتل کا الزام تھا۔اس کو پولیس نے بے گناہ تصدیق کیا تو پولیس کی یہ تصدیق مسترد کر کے ضمانت نامنظور کی گئی۔

1994 PCrLJ 1409 1994 SCMR 1147

☆ تفتیشی افسر کی غیر حاضری کے سبب ضمانت نہ ہوگی:۔

جب فیصلہ میں تاخیر اس لیے ہوئی کہ تفتیشی افسر حاضر نہ آ رہا تھا تو سپریم کورٹ نے تفتیشی افسر کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے اور اس کے محکمانہ سزا دینے کا حکم لکھا۔مگر ضمانت نہ لی۔

PLD 1994 SC 93

☆ جب ضمانت کی کوئی نئی وجہ نہ تھی تو ضمانت مسترد:۔

جب ہائی کورٹ نے ایک دفعہ ضمانت نامنظور کر دی ہو۔تو قتل کے مقدمہ میں کسی نئی وجہ کے بغیر ضمانت نہ ہوگی۔

PLD 1994 PESH 61

Marfat.com

☆ جب فیصلہ ہونے والا ہو تو تاخیر کے سبب ضمانت نہ ہوگی:۔

جب ملزم کے خلاف مقدمہ کی سماعت تقریباً مکمل ہوگئی تھی تو تاخیر فیصلہ کی بنیاد پر ضمانت نامنظور کی گئی۔

1992 MLD 2016

☆ پہلے ضمانت نامنظور پھر منظور نہایت ناپسندیدہ عمل ہے ضمانت منسوخ:۔

لاہور ہائی کورٹ نے پہلے جس ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری نامنظور کی اٹھارہ دنوں بعد بغیر کسی وجہ سے اسی سیشن جج نے ضمانت منظور کر لی۔ تو لاہور ہائی کورٹ نے ضمانت منسوخ کر دی۔

1999 PCrLJ 1218

☆ میڈیکل بورڈ کی تصدیق بیماری کے باوجود ضمانت نامنظور:۔

جب ملزم کی ضمانت میڈیکل بورڈ کی تصدیق پر لی گئی کہ اس کو انجائنہ ہے تو پشاور ہائی کورٹ نے ملزم کی ضمانت منسوخ کر دی کہ ملزم کا علاج جیل میں ہوسکتا ہے اور بیماری ایسی نہ تھی کہ جس سے جیل میں رہنے کی سبب ملزم کی جان کو خطرہ ہوسکتا ہے۔

1998 PCrLJ 763

☆ نئی وجہ کے بغیر منظور کردہ ضمانت منسوخ:۔

جب سیشن جج نے پہلے خود ضمانت نامنظور کی اور پھر بغیر کسی نئی وجہ کے خود ہی منظور کی تو لاہور ہائی کورٹ نے یہ ضمانت منسوخ کر دی سیشن جج کے خلاف محکمانہ کاروائی بھی کی گئی۔

1998 PCrLJ 152

☆ پولیس کی تصدیق بے گناہی پر لی ہوئی ضمانت مسنوخ:۔

لاہور ہائی کورٹ نے پولیس کی تصدیق بے گناہی پر لی ہوئی ضمانت منسوخ کر دی اور لکھا کہ پولیس والے شہادت پر تنقید کے مجاز نہیں۔

1998 PCrLJ 56

Marfat.com

☆ مدت کی بناء پر ضمانت :۔

ضمانت منسوخ کرانے کے لئے قانون معیاد کے مطابق کوئی قید نہیں کسی بھی وقت اور کبھی بھی درخواست دی جاسکتی ہے۔

1996 MLD 166, 37 NLR 1996 SD 106

☆ ناقابل ضمانت جرم میں مجسٹریٹ قبل از گرفتاری ضمانت نہیں لے سکتا :۔

جب کسی ملزم کے خلاف مقدمہ درج ہو اور ملزم پولیس کے پیش نہ ہو رہا ہو تو علاقہ مجسٹریٹ کے روبرو پیش ہونے سے علاقہ مجسٹریٹ کو اس کی ضمانت لینے کا حق نہیں ملے گا۔ قبل از گرفتاری ضمانت کا اختیار صرف سیشن کورٹ اور ہائی کورٹ کو ہے۔ مجسٹریٹ کی لی ہوئی ضمانت منسوخ کی گئی۔

PLD 1995 Lah 444 , 1995 PCrLJ 9 , 1991 SCMR 599

☆ ضمانت منسوخ ہوگی :۔

اگر مقدمے کی سماعت ضمانت کے لئے قانون کے مطابق نہ ہو تو سپریم کورٹ ہائی کورٹ کو دوبارہ سماعت کے لئے حکم کرے گی کہ وہ دوبارہ سماعت کے لئے بنچ کی تشکیل دے۔ جس میں پہلے حکم کرنے والا جج شامل نہ ہو۔

PLD 1996 SC 176

☆ مفرور کی ضمانت منسوخ :۔

جو ملزم چار سال تک مفرور رہا اور ساتھی ملزمان کی بریت کے بعد درخواست ضمانت ہائی کورٹ نے منسوخ کردی۔

1991 PCrLJ 2212

☆ جب تک یہ نہ کہا جاسکے کہ ملزم کے خلاف اس کو ملوث کرنے کے لیے کوئی ٹھوس اور معقول وجہ نہیں ہے مزید تحقیقات کے بہانے ضمانت نہیں لی جاسکتی :۔

پشاور ہائی کورٹ نے سیشن جج کی منظور کردہ ضمانت اس وجہ سے منسوخ کردی کہ

Marfat.com

سیشن جج نے ضمانت منظور کرتے وقت یہ قرار نہ دیا تھا کہ ملزم کے خلاف کوئی بھی معقول وجہ موجود نہ تھی جس سے اس کا مجرم ہونا ظاہر ہو۔

2001 MLD 1582 + 2001 LHR 45

☆ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی منظور کردہ ضمانت منسوخ:۔

جب 377 ت پ کے مقدمہ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ملزم کی ضمانت منظور کی حالانکہ ان کو کوئی اپنا اختیار نہ تھا تو کراچی ہائی کورٹ نے حکم ضمانت ناجائز قرار دیا۔ مگر پرانا مقدمہ ہونے کے سبب ضمانت بحال رکھی۔

1989 PCrLJ 2170

☆ پولیس کی تصدیق بیگناہی پر لی ہوئی ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں ہائی کورٹ نے صرف ایک تفتیشی کی تصدیق بے گناہی پر ہوئی ضمانت کو ناجائز قرار دیا۔

2001 PCrLJ 1694

☆ قتل میں پولیس کی رائے پر لی گئی ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں جب تفتیشی افسر نے چشم دید گواہوں پر تنقید کی اور ملزم کے حق میں رائے ظاہر کی جس پر عدالت سیشن نے ضمانت لی تو عدالت عالیہ نے منسوخ کر دی۔

1999 PCrLJ 1260

☆ للکارا مارنے والے ملزم کی ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں جس ملزم پر للکارا کا الزام تھا۔ اس کی ضمانت بھی منسوخ کی گئی۔

1993 PCrLJ 2112 = PLD 1997 SC 347

☆ واردات میں شمولیت کی شہادت ہو تو ضمانت نہیں ہوگی منسوخ کی گئی:۔

قتل کے مقدمہ میں جب ملزم کے خلاف واردات میں شمولیت کی شہادت موجود تھی سیشن کورٹ کی لی ہوئی ضمانت پشاور ہائی کورٹ نے منسوخ کر دی حالانکہ مقدمہ کی سماعت

Marfat.com

شروع ہونے والی تھی اور عام طور پر اس مرحلہ پر ضمانت منسوخ نہیں کی جاتی۔

2001 PCrLJ 875

☆ قتل کے مقدمہ میں ضمانت کی ممانعت ہے ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں سیشن جج کی لی ہوئی ضمانت ہائی کورٹ نے منسوخ کر دی۔

1999 PCrLJ 582

☆ پولیس کی تصدیق بے گناہی پر لی ہوئی ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں لاہور ہائی کورٹ نے سیشن جج کی منظور کردہ ضمانت ناجائز قرار دے کر منسوخ کر دی اس مقدمہ میں ملزم پر صرف للکارنے کا الزام تھا اور پولیس نے پنچائتی فیصلہ کے مطابق ملزم کو بے گناہ قرار دیا تھا ضمانت منسوخ کی گئی۔

PLJ 1999 Cr. Cases 464

☆ چالان میں تاخیر پر مجسٹریٹ کی لی ہوئی ضمانت منسوخ مجسٹریٹ کو نوٹس:۔

قتل کے مقدمہ میں مجسٹریٹ کو اختیار نہیں کہ وہ پندرہ دن تک چالان پیش نہ کرنے کے سبب ملزم کی ضمانت لے لے لاہور ہائی کورٹ نے مجسٹریٹ کی لی ہوئی ضمانت منسوخ کر دی اور مجسٹریٹ کو نوٹس بھی دیا۔

PLJ 1998 Cr. Cases LHR 1337

☆ بیماری کے سرٹیفکیٹ کے باوجود ضمانت منسوخ:۔

قتل کے مقدمہ میں جب پہلے ڈاکٹر نے اور پھر میڈیکل بورڈ نے ملزم کو بے گناہ قرار دیا اور مجسٹریٹ نے ضمانت لے لی تو یہ ضمانت سیشن جج نے منسوخ کر دی۔ ہائی کورٹ نے اس منسوخی کو بحال رکھا اور لکھا کہ ڈاکٹر سرٹیفکیٹ کو قابل پابندی نہ سمجھنا چاہیئے۔

1995 PCrLJ 502

☆ لواطت کے مقدمہ میں سپریم کورٹ نے ملزم کی ضمانت منسوخ کر دی:۔

ایک مقدمہ میں ملزم پر مدعی کے ساتھ بدفعلی کرنے اور مار پیٹ کرنے کا الزام تھا اس

Marfat.com

کی ضمانت ہائی کورٹ نے منظور کر لی تھی سپریم کورٹ نے اس بناء پر ضمانت منسوخ کر دی ک
مدعی کی کوئی مخالفت ملزم کے ساتھ نہ تھی اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ اس کے لگائے ہوئے الزام کو
سچ نہ سمجھا جائے۔

PLJ 1999 SC 1015

☆ اغلام کے مقدمہ میں 16 سالہ ملزم کی منظور کردہ ضمانت منسوخ کر دی گئی:۔

سپریم کورٹ نے دفعہ 377 میں چالان شدہ ایک ملزم جس کی ضمانت مقدمہ درج کرنے میں تاخیر اور ملزم کی عمر 16 سال ہونے کی بناء پر لی گئی تھی منسوخ کر دی۔

1999 SCMR 329

☆ پولیس کی تصدیق بے گناہی کے سبب منظور کردہ ضمانت مسنوخ کر دی گئی:۔

لاہور ہائی کورٹ اغلام کے مقدمہ میں سیشن کورٹ کی منظور کردہ ضمانت جو اس وجہ سے لی گئی تھی کہ پولیس نے ملزم کو بے گناہ قرار دیا تھا منسوخ کر دی گئی قرار دیا گیا کہ پولیس کی رائے عدالتوں کے لئے قابل پابندی نہیں ہے۔

2000 PCrLJ 33

☆ نکاح پر نکاح ضمانت منسوخ:۔

لاہور ہائی کورٹ نے نکاح پر نکاح کرنے والے ملزمان کی منظور کردہ ضمانت منسوخ کر دی اور قرار دیا کہ شہادت لکھے بغیر سیشن جج یہ قرار نہیں دے سکتا تھا کہ ملزم کا نکاح مدعی کے نکاح سے پہلے کا ہے کیونکہ عورت ملزمہ کے باپ نے اپنی لڑکی کا نکاح مدعی کے ساتھ ہونا تسلیم کیا تھا۔

1997 PCrLJ 1810

☆ اغلام کے مقدمہ میں شریک ملزم کی ضمانت منسوخ:۔

جب ایڈیشنل سیشن جج نے 377 ت پ کے مقدمہ میں گرفتار شدہ ملزم کی ضمانت اس وجہ سے لی کہ اس پر براہ راست اغلام کا الزام نہ تھا تو ہائی کورٹ نے جرم میں شراکت کے سبب ضمانت منسوخ کر دی۔

Marfat.com

1997 NLR CriminaL 118

☆ ہیروئن کے مقدمہ میں عورت ملزمہ کی ضمانت منسوخ:۔

جب عورت ہیروئن کی تجارت میں ملوث پائی گئی تو عورت ہونے کے باوجود سیشن کورٹ کی منظور کردہ ضمانت منسوخ کردی گئی۔

1989 Queeta 60

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 9

## اغواء اور زنا کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 9

## اغواء اور زنا کے مقدمات میں جرح

جرائم زیر دفعہ 79-7-10,79-7-11

اور 79-7-16 زنا آرڈیننس

## اغواء کے مقدمہ میں مغویہ پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ آپ کی عمر کتنی ہے؟

2۔ ملزم سے آپ کا کیا رشتہ ہے؟

3۔ کیا ملزم کا آپ کے گھر آنا جانا تھا؟

4۔ کیا ملزم سے آپ کی دوستی تھی؟

5۔ وقوعہ کے روز ملزم نے آپ سے کیا کہا؟

6۔ وقوعہ سے قبل آپ ملزم سے کتنی دیر تک گپ شپ کرتی تھیں؟

7۔ ملزم آپ کو کس سواری پر لے کر گیا تھا؟

8۔ ملزم نے آپ کو کہاں کہاں رکھا؟

9۔ کیا آپ کسی شہر سے یا کسی آبادی سے بھی گذری تھیں؟

Marfat.com

10۔ کیا وہ جگہ جہاں آپ کو ملزم نے رکھا وہ ویران تھی یا اردگرد آبادی تھی؟

11۔ کیا ہمسایوں کا اس گھر میں آنا جانا تھا؟

12۔ کیا آپ نے والدین کو کوئی پیغام بھیجا؟

13۔ کیا ملزم نے آپ سے کوئی زیادتی کی؟

14۔ ملزم نے آپ کو کیوں اغواء کیا؟

15۔ ملزم نے کتنے روز آپ کو اپنے پاس رکھا؟

16۔ کیا آپ کا طبی معائنہ ہوا تھا؟

17۔ آپ نے اپنا طبی معائنہ کیوں نہیں کرایا؟

18۔ کیا پولیس نے آپ کا بیان تحریر کیا تھا؟

19۔ کیا ملزم نے آپ سے نکاح پڑھوایا تھا؟

20۔ نکاح کے گواہان کون تھے؟

21۔ کیا آپ نے اپنی مرضی سے انگوٹھا/ دستخط ثبت کیے؟

22۔ کیا آپ کو کسی عدالت میں بھی پیش کیا گیا؟

23۔ کیا آپ نے کسی عدالت میں اپنا بیان تحریر کرایا؟

24۔ کیا اس سے قبل بھی کوئی ایسا وقوعہ آپ کے ساتھ پیش آ چکا تھا؟

25۔ آپ کا گھر ملزم کے گھر سے کتنا دور ہے؟

Marfat.com

# اغواء اور زنا کے مقدمات میں مدعی اور گواہان پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ آپ کو وقوعہ اغواء کی بابت کس نے بتایا؟

2۔ مغویہ ______ کی عمر کتنی ہے؟

3۔ ملزم ______ کی عمر کتنی ہے؟

4۔ کیا ملزم کا مغویہ کے گھر آنا جانا تھا؟

5۔ کیا ملزم اور مغویہ آپس میں بات چیت کرتے تھے؟

6۔ کیا ان کی آپس میں دوستی تھی؟

7۔ اغواء کے بارے میں آپ نے وقوعہ کے کتنے روز بعد رپورٹ درج کرائی؟

8۔ پولیس کتنے یوم بعد موقع پر آئی؟

9۔ ملزم نے مغویہ کو کیوں اغواء کیا؟

10۔ وقوعہ کے کتنے روز بعد مغویہ برآمد ہوئی؟

11۔ کیا مغویہ کو دھوکہ دے کر بلایا گیا تھا؟

12۔ کیا مغویہ نے آپ کو کوئی پیغام بھیجا؟

13۔ ملزم نے مغویہ کو کس کس مقام پر رکھا؟

14۔ کیا مغویہ اس سے قبل بھی اغواء ہوئی تھی؟

15۔ ملزم اور مغویہ کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

Marfat.com

16۔ وقوعہ کی اطلاع ملنے پر آپ نے مغویہ کو کہاں کہاں تلاش کیا؟

17۔ مغویہ کہاں سے برآمد ہوئی؟

18۔ برآمدگی کے فوراً بعد مغویہ نے آپ سے کیا کہا؟

19۔ کیا مغویہ کا آپ نے طبی ملاحظہ کرایا؟

20۔ کیا تفتیشی افسر نے مغویہ کا بیان قلمبند کیا؟

21۔ کیا کسی عدالت میں مغویہ کا بیان قلمبند کرایا گیا؟

22۔ کیا مغویہ پردہ دار خاتون ہے یا آزادی سے پھرتی رہتی ہے؟

23۔ وقوعہ کے روز تھانیدار نے کتنے لوگوں کا بیان قلمبند کیا؟

24۔ تھانیدار کتنی دفعہ موقع پر آیا؟

25۔ کیا مغویہ کی عزت محفوظ رہی؟

26۔ جب مغویہ برآمد ہوئی تو اس کی کیا حالت تھی؟

27۔ کیا ملزم نے مغویہ سے کوئی نکاح تو نہیں کیا تھا؟

28۔ ان میں نکاح کے کون کون سے گواہان ہیں؟

☆

Marfat.com

# اغواء مقدمہ میں تفتیشی افسر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ مدعی نے آپ کو کہاں اپنا بیان تحریر کرایا؟

2۔ آپ اطلاع ملتے ہی موقع پر کب پہنچے؟

3۔ گواہان کے بیانات آپ نے کب لکھے؟

4۔ وقوعہ کے کتنے یوم/عرصہ بعد مقدمہ درج کرایا گیا؟

5۔ مغویہ کی کیا عمر تھی؟

6۔ ملزم کی کیا عمر تھی؟

7۔ کیا آپ نے مغویہ کا طبی ملاحظہ کرایا؟

8۔ مغویہ نے طبی ملاحظہ سے کیوں انکار کیا؟

9۔ کیا آپ نے مغویہ کو کسی عدالت مجاز میں پیش کیا؟

10۔ مغویہ کو کہاں کہاں رکھا گیا؟

11۔ کیا آپ نے ان جگہوں کا ملاحظہ بھی کیا؟

12۔ مغویہ کو کتنے عرصہ بعد برآمد کیا گیا؟

13۔ برآمدگی کے وقت مغویہ کی کیا حالت تھی؟

14۔ اغواء کے کیا اسباب تھے؟

15۔ کیا آپ نے ملزم کی قوتِ مردی کا ملاحظہ کرایا؟

Marfat.com

16۔ مغویہ نے آپ کو کیا بیان تحریر کرایا؟

17۔ کیا مغویہ شادی شدہ تھی یا غیر شادی شدہ؟

18۔ کیا ملزم نے مغویہ سے کوئی نکاح پڑھوایا؟

19۔ کیا آپ نے نکاح کے گواہان کو شامل تفتیش کیا؟

20۔ کیا نکاح خواں کو آپ نے شامل تفتیش کیا؟

☆

Marfat.com

# زنا بالجبر کے مقدمہ میں لیڈی ڈاکٹر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔آپ نے خاتون مسماۃ الف ب کا طبی ملاحظہ کیا۔آپ کے خیال میں زنا کے کتنے عرصہ بعد یہ ملاحظہ کیا گیا۔اس بارے میں آپ کے کیا مشاہدات ہیں؟

2۔کیا مسماۃ الف ب کے جسم پر تشدد کے نشانات تھے؟

3۔کیا متاثرہ لڑکی بالغ تھی یا نابالغ تھی اور اس وقت اس کی عمر کیا تھی؟

4۔کیا مسماۃ الف ب کے جسم کے اندرونی حصوں یعنی اندامِ نہانی پر تشدد کے نشانات پائے گئے تھے؟

5۔کیا یہ نشانات صرف زنا بالجبر کی صورت میں رونما ہو سکتے تھے؟

6۔کیا لڑکی مذکورہ کا پردہ بکارت سالم تھا؟

7۔خاتون کی عمومی صحت کیسی تھی؟ کیا وہ مزاحمت کرنے کے قابل تھی یا نہیں؟

8۔کیا ملزم کے بال وغیرہ متاثرہ لڑکی کے جسم پر پائے گئے تھے؟

9۔کیا ان بالوں کو آپ نے تجزیہ کے لئے بھجوایا؟

10۔کیا متاثرہ لڑکی/عورت کے جسم پر منی کے داغ تھے؟

11۔کیا آپ نے منی آلود کپڑے برائے تجزیہ کیمیکل ایگزامینر کو بھجوائے تھے؟

12۔اگر متاثرہ لڑکی/عورت کنواری تھی تو کیا اس کا پردہ بکارت سالم تھا اور موجود تھا؟

13۔کیا متاثرہ لڑکی/عورت کسی جسمانی بیماری یا اعصابی بیماری میں مبتلا تو نہیں تھی؟

Marfat.com

14۔ کیا آپ نے ملزمہ کے جسم سے منی اور ملزم کی منی تجزیہ کے لئے بھجوائی تھی؟ اور اگر بھجوائی گئی تو کیا نتیجہ موصول ہوا؟

15۔ کیا آپ صوائب کیمنکل ایگزامینر کے پاس بھیجے؟

16۔ کیا مسماۃ الف بے کے جسم پر منی خون آلود پائی گئی؟

17۔ کیمیکل ایگزامینر کا کیا نتیجہ موصول ہوا؟

18۔ جب آپ نے ملزم کی منی اور متاثرہ لڑکی/عورت کی منی مطابقت کے لئے نہ بھجوائی تو کیسے کہا جا سکتا ہے کہ ملزم ______ نے زنا بالجبر کیا ہے؟

19۔ کیا آپ کے نزدیک زنا بالجبر کا ارتکاب ہوا یا نہیں؟

20۔ کیا آپ نے متاثرہ لڑکی کا ملاحظہ اس کی مرضی سے کیا اس کی مرضی کے خلاف ورثا کے کہنے پر کیا؟

21۔ کیا اس بارے میں آپ کو کوئی عدالتی حکم موصول ہوا؟

☆

Marfat.com

# زنا بالجبر کے مقدمہ میں ڈاکٹر پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ کیا آپ نے ملزم ______ کا طبی ملاحظہ کیا؟

2۔ کیا ملزم ______ کے جسم پر کسی قسم کے تشدد کے نشانات پائے گئے؟

3۔ کیا آپ نے ملزم ______ کی قوتِ مردمی کا ملاحظہ کیا؟

4۔ کیا وہ زنا کرنے کے قابل تھا یا نہیں؟

5۔ کیا ملزم کسی جنسی بیماری یا اعصابی بیماری میں مبتلا تو نہیں تھا؟

6۔ کیا ملزم کے جسم پر متاثرہ لڑکی کے بال وغیرہ تو نہ پائے گئے تھے؟

7۔ کیا آپ نے ان بالوں کو تجزیہ کے لئے بھجوایا؟

8۔ کیا آپ نے ملزم وغیرہ کے کپڑے منی آلود کا معائنہ کیا؟

9۔ کیا آپ نے یہ کپڑے کیمیکل ایگزامینر کے پاس بھجوائے؟

10۔ کیا نتیجہ کیمیکل موصول ہوا؟ اس نتیجے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

11۔ وقوعہ کے کتنے روز یا کتنے وقت بعد آپ نے ملزم کا طبی ملاحظہ کیا؟

12۔ آپ کے خیال میں ملزم جنسی ملاپ کرنے کے قابل تھا یا نہیں؟

13۔ ملزم کا توازن کیسا تھا؟

☆

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 10

# قتل عمد کے مقدمات میں جرح

Marfat.com

Marfat.com

# باب نمبر 10

## قتلِ عمد 302 ت پ

(گواھان پر جرح کے متوقع سوالات)

### قتلِ عمد (302 ت پ) کے مقدمہ میں چشم دید گواہان پر جرح:۔

1۔ کس تاریخ کو اور کس وقت وقوعہ رونما ہوا؟

2۔ اس وقت موسم کیا تھا؟

3۔ آپ موقع پر کیا کر رہے تھے؟

4۔ آپ کا گھر جائے وقوعہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

5۔ موقع پر سب سے پہلے کون پہنچا؟

6۔ متوفی.................آپ سے کتنے فاصلے پر تھا؟

7۔ ملزم/ملزمان کو آپ کتنے فاصلے سے دیکھ سکتے تھے؟

8۔ پہلا وار کس نے کیا؟

9۔ دوسرا وار کس نے کیا؟

10۔ تیسرا وار کس نے کیا؟

11۔ کیا اور لوگ بھی موقع پر آئے تھے؟

12۔ کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

Marfat.com

13۔ دوسرا گواہ.............. آپ کا رشتے میں کیا لگتا ہے؟

14۔ کس کام کے لئے آپ اکٹھے جارہے تھے؟

15۔ کیا آپ اس گواہ کے گھر گئے تھے یا وہ گواہ آپ کے گھر آیا تھا؟

16۔ گواہ کس وقت آپ کے گھر آیا تھا؟

17۔ وہ آپ کے گھر کتنی دیر رہا؟

18۔ کیا آپ نے اسے چائے وغیرہ بھی پلائی؟

19۔ راستے میں آپ کہاں کہاں رکے؟

20۔ کن کن افراد سے آپ کی ملاقات ہوئی؟

## اگر وقوعہ دیہات کا ہو تو یہ سوالات بھی آپ پوچھ سکتے ہیں۔

21۔ موقع پر کونسی فصل کاشتہ تھی؟

22۔ کیا اسے پانی لگا ہوا تھا یا خشک تھی؟

23۔ کیا آپ کے علاوہ قریبی گھروں سے بھی کچھ لوگ آئے تھے؟

24۔ کیا آپ اُن کے نام بتا سکتے ہیں؟

25۔ یہ رقبہ کس کا ملکیتی ہے؟

26۔ کیا آپ اس رقبہ کا قلعہ نمبر یا ایکڑ نمبر یا مربع نمبر بتا سکتے ہیں؟

27۔ جائے وقوعہ کے شمال میں کیا ہے؟

28۔ جائے وقوعہ کے جنوب میں کیا ہے؟

29۔ جائے وقوعہ کے مشرق میں کیا ہے؟

Marfat.com

30۔ جائے وقوعہ کے مغرب میں کیا ہے؟

31۔ جائے وقوعہ پر کوئی درخت وغیرہ بھی تھے؟

32۔ کیا جائے وقوعہ کے نزدیک ایک ہی قبیلہ کے لوگ رہتے ہیں؟

33۔ کیا اگر متوفی کو فوری طبی امداد دی جاتی تو اس کے بچنے کے کیا امکانات تھے؟

34۔ کیا متوفی نے مرنے سے پہلے تفتیشی افسر کو کوئی بیان دیا تھا؟

35۔ ملزم/ملزمان کس سواری پر آئے تھے؟

36۔ اگر کار/موٹر سائیکل تھی تو اس کا کونسا ماڈل اور رنگ تھا؟

37۔ ملزم/ملزمان واپس کس سواری پر گئے؟ اور کس جانب گئے؟

38۔ جب آپ متوفی کے پاس پہنچے تو اس کی کیا حالت تھی؟

39۔ کیا اس نے آپ سے کوئی بات چیت کی؟

40۔ کیا موقع پر کوئی طبی امداد دی گئی؟

41۔ کیا آپ متوفی کو پہلے تھانہ لے گئے یا ہسپتال؟

42۔ ہسپتال کس سواری پر لے کر گئے؟

43۔ کون کون آپ کے ساتھ ہسپتال گیا؟

44۔ ہسپتال کتنی دیر رہے؟

45۔ متوفی کتنی دیر ہسپتال رہا؟

46۔ کیا متوفی نے آپ کے سامنے اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کی؟

47۔ کیا مدعی کے ساتھ تھانہ بھی گئے تھے؟

48 ۔ کیا نعش کا پوسٹ مارٹم ہوا تھا؟

Marfat.com

49۔ کس وقت نعش کا پوسٹ مارٹم کیا گیا؟

50۔ مقتول کے جسم پر کس رنگ کے کپڑے تھے؟

51۔ کیا مقتول ............ ملزم/ملزمان کو دیکھ کر بھاگا تھا؟

52۔ کتنے فاصلے تک بھاگا تھا؟

53۔ کیا آپ کے علم میں ہے کے مقتول اور قاتل کی آپس میں کیا دشمنی تھی؟

54۔ کیا مقتول نے اس دشمنی کا اظہار اس سے قبل بھی آپ کے سامنے کیا تھا؟

55۔ کیا مقتول کے کپڑوں میں سوراخ تھے؟ اور کتنے سوراخ تھے؟

56۔ کیا پولیس نے مقتول کے کپڑے قبضہ میں لئے تھے؟

57۔ کیا فرد پر آپ نے بھی دستخط کیے تھے؟

58۔ یہ دستخط آپ نے کس مقام پر کیے تھے؟

59۔ کیا تھانہ میں بھی آپ کا بیان ہوا تھا؟

60۔ کیا تھانیدار نے مٹی خون آلودہ وغیرہ قبضہ میں لی تھی؟

61۔ کیا موقع پر آپ کے سامنے سر بمہر پارسل تیار کیا تھا یا تھانہ میں تیار کیا گیا تھا؟

62۔ کیا آپ مقدمہ درج کرانے مدعی ............ کے ساتھ تھانہ بھی گئے تھے؟

63۔ وقوعہ کے کتنی دیر بعد مقدمہ درج ہوا؟

64۔ تھانیدار موقع پر کس تاریخ کو آیا تھا؟

65۔ موقع پر تھانیدار نے کن کن افراد کو بلایا؟

66۔ تھانیدار کس سواری پر آیا تھا؟ اور اس کے ساتھ کتنے پولیس ملازمین تھے؟

67۔ کیا یہ درست ہے کہ تھانہ پر تھانیدار نے آپ کا بیان لکھا تھا؟

Marfat.com

68۔ کیا آپ کا بیان آپ کو پڑھ کر سنایا اور سمجھایا گیا تھا؟

69۔ کیا تفتیشی افسر نے آپ کا بیان پہلے سے لکھا ہوا تھا جس پر آپ نے دستخط کئے؟

70۔ تفتیشی افسر نے موقع پر کیا کیا چیزیں اکٹھی کی تھیں؟

71۔ کیا ملزم/ملزمان آلہ قتل ............ موقع پر چھوڑ گیا تھا؟

72۔ آپ کا بیان تفتیشی افسر نے وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد لکھا تھا؟

73۔ تفتیشی افسر موقع پر کتنی دفعہ آیا تھا؟

## اگر ملزمان نا معلوم ہوں اور انہوں نے چہرے ڈھانپے ہوئے ہوں تو یہ سوال ضرور پوچھیں۔

74۔ کیا ملزمان نے چہروں پر نقاب ڈالے ہوئے تھے؟

75۔ کیا آپ نے بیان میں ملزمان کے حلیے بیان کئے تھے؟

76۔ رات کے وقت آپ نے ملزمان کو کیسے شناخت کیا؟

77۔ واردات کے کتنے عرصہ بعد ملزمان گرفتار ہوئے؟

78۔ ملزمان کے پاس کون کون سا اسلحہ تھا؟

79۔ واردات مکمل کرنے کے بعد ملزمان کا کیا رویہ تھا؟

80۔ کیا آپ نے شناخت پریڈ کی کاروائی میں حصہ لیا؟

81۔ گرفتاری کے کتنے عرصہ بعد شناخت پریڈ کی کاروائی عمل میں آئی؟

82۔ کیا شناخت پریڈ کی کاروائی سے قبل آپ کی ملزم/ملزمان سے کوئی بات چیت ہوئی؟

Marfat.com

83۔ شناخت پریڈ کی کاروائی میں دیگر کتنے افراد کو ملزم/ملزمان کے ساتھ کھڑا کیا گیا تھا؟

84۔ کیا جب پولیس ملزم/ملزمان کو پکڑ کر تھانہ لائی تو آپ تھانہ میں موجود تھے؟

85۔ کیا یہ درست ہے کہ تھانہ پر آپ نے ملزم/ملزمان کو دیکھ لیا تھا؟

86۔ شناخت پریڈ کی کاروائی کتنی مرتبہ عمل میں لائی گئی؟

87۔ کیا آپ نے کاروائی شناخت پریڈ کے دوران کتنے ملزمان کو شناخت کیا اور کتنے ملزمان کو شناخت نہ کیا؟

88۔ کیا بوقت گرفتاری ملزم نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

89۔ کیا عدالت میں بھی ملزم/ملزمان نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

90۔ آپ میں سے کس گواہ نے ملزم/ملزمان کو شناخت نہ کیا؟

91۔ کیا آپ اس کی وجہ بیان کر سکتے ہیں؟

92۔ ملزم کتنا عرصہ پولیس کے پاس تھانہ میں رہا؟

93۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ملزم کو کس تاریخ کو مجسٹریٹ کے روبرو پیش کیا گیا؟

94۔ ملزم کتنا عرصہ جسمانی ریمانڈ پر رہا؟

95۔ کیا آپ کے سامنے عدالت نے ملزم کو اپنا چہرہ ڈھانپ کر رکھنے کی ہدایت کی تھی؟

96۔ کیا شناخت پریڈ کی کاروائی میں پولیس کی طرف کوئی شامل تھا؟

☆

Marfat.com

# قتل عمد میں برآمدگی کے گواہ پر جرح

## برآمدگی پر جرح کے گواہ پر جرح کے متوقع سوالات

1۔ کیا آپ گواہ چشم دید بھی ہیں؟

2۔ آپ مدعی کے ساتھ کتنی مرتبہ تھانہ گئے؟

3۔ وقوعہ کے کتنے روز بعد مقدمہ درج رجسٹر ہوا تھا؟

4۔ تاریخ اور وقت وقوعہ کیا ہے؟

5۔ ملزم سے برآمدگی کس مقام پر ہوئی تھی؟

6۔ کیا تھانیدار نے برآمد ہونے والی اشیاء کی فہرست مرتب کی تھی؟

7۔ کیا موقع پر کسی چیز کے بارے میں ملزم نے کہا تھا کہ یہ میری ہے؟

8۔ کیا مال مقدمہ آج موجود عدالت ہے؟

9۔ فرد پر پہلے کس نے دستخط کیے؟

10۔ فرد پر آپ نے کہاں دستخط کیے؟

11۔ کیا تھانیدار نے یہ فرد پہلے سے مرتب کر رکھی تھی؟

12۔ کیا آپ نے سفید کاغذ پر دستخط کیے تھے؟

13۔ مدعی سے آپ کا کیا رشتہ ہے؟

14۔ آپ جائے برآمدگی پر کتنے بجے پہنچے؟

15۔ ملزم کے گھر کی تلاشی کس نے لی تھی؟

16۔ کیا آپ نے بھی پولیس کے ہمراہ ملزم کے گھر کی تلاشی لی؟

Marfat.com

17۔ کیا وہاں گھر میں موجود کسی شخص نے مزاحمت کی؟

18۔ آپ کے سامنے کیا کیا اشیاء برآمد کی گئی تھیں؟

19۔ کیا آپ برآمدگی کے وقت تھانہ سے پولیس کے ہمراہ روانہ ہوئے یا پہلے سے موقع پر موجود تھے؟

20۔ راستے میں کہاں کہاں رکے؟

21۔ کیا آپ پولیس کے ہمراہ پولیس کی گاڑی پر سوار تھے؟

22۔ کیا آپ ملزم/ملزمان کو پہلے سے جانتے تھے؟

23۔ تھانہ سے جائے برآمدگی کا کتنا فاصلہ ہے؟

24۔ جائے وقوعہ سے جائے برآمدگی کا کتنا فاصلہ ہے؟

25۔ آپ کتنی دیر میں جائے برآمدگی پر پہنچے؟

26۔ کیا تھانیدار کے پاس وارنٹ خانہ تلاشی موجود تھا؟

27۔ کیا تھانیدار نے وارنٹ خانہ تلاشی ملزم کو یا اس کے گھر کے کسی فرد کو دکھلایا؟

28۔ آپ کتنی مرتبہ تھانہ گئے؟

29۔ اس سے قبل پولیس نے آپ کو کتنے مقدمات میں گواہ رکھا ہے؟

30۔ کیا آپ ملزم/ملزمان کو پہلے سے جانتے ہیں؟

31۔ آپ کا گھر مدعی کے گھر سے کتنے فاصلے پر ہے؟

32۔ کیا ملزم نے آپ کے سامنے اقرارِ جرم کیا تھا؟ اور مال مقدمہ برامد کرانے کا وعدہ کیا تھا؟

Marfat.com

# قتل عمد میں نقشہ موقع اور پٹواری

## /نقشہ نویس پر جرح

Pwl بیان ازاں خالق داد پٹواری موضع بھوٹا پور

(برحلف)

بیان کیا کہ مورخہ 12/11/2001 کو موضع بھوٹا پور میں پٹواری تعینات تھا۔ اسی روز مقامی پولیس نے مجھے نقشہ موقع باسکیل تیار کرنے کے لیے کہا۔ میں موقع پر گیا۔ پولیس اور گواہان کی نشاندہی پر مستغیث______ کی موجودگی میں نقشہ موقع باسکیل 1-Karam="1 تیار کیا۔ E*.P.A پر کالی سیاہی سے نوٹ تحریر کیا نوٹ 1 تا 5 میرے قلمی و دستخطی ہیں۔

xxxx جرح منجانب کونسل ملزم/ملزمان

(جرح کے متوقع سوالات)

1: آپ موقع پر کس تاریخ کو اور کتنے بجے پہنچے تھے۔؟

2: سب سے پہلے موقع کی نشاندہی کس نے کی تھی؟

3: کیا ملزمان میں سے یا اس کا کوئی رشتہ دار وہاں موجود تھا؟

4: کیا نقشہ میں آپ نے گواہان چشم دید کی موجودگی کو ظاہر کیا ہے؟

5: کیا مدعی اور گواہان نے آپ کو اس مقام کی نشاندہی کی تھی کہ وقوعہ سے پہلے وہ کس جگہ جا رہے تھے؟

Marfat.com

6: کیا نقشہ آپ نے صحیح سکیل سے تیار کیا ہے یا اندازہ سے بنایا ہے؟

7: جائے وقوعہ پر کوئی فصل یا درخت تھے؟

8: اگر کوئی فصل یا درخت موجود تھے تو کیا آپ نے انہیں نقشہ میں ظاہر کیا ہے؟

9: آپ اس موضع میں کتنے عرصے سے تعینات ہیں؟

10: کیا اس موضع میں ایک ہی قبیلہ کے لوگ آباد ہیں؟ یا مختلف قبیلوں اور اقوام کے لوگ رہتے ہیں؟

11: کیا یہ درست ہے کہ مربع نمبر 58 اور کلہ نمبر 8 پر ملزمان کاشت کرتے تھے؟

12: کیا نقشہ موقع باسکیل آپ نے اسی روز تیار کیا تھا جس روز آپ نے موقعہ ملاحظہ کیا؟

13: کتنی دفعہ موقع پر پہنچے؟

**نوٹ:۔**

کونسل ملزم/ملزمان پر لازم ہے کہ وہ جائے وقوعہ کا بذات خود جا کر ملاحظہ کریں۔ اس کے مطابق تمام معلومات اکٹھی کریں اور پھر گواہان پر جرح کریں۔ اس سے جرح میں آسانی ہوگی اور آپ اعتماد سے گواہان پر جرح کر سکیں گے۔

پٹواری بطور گواہ:۔

مقدمہ قتل میں نقشہ موقعہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ نقشہ موقعہ مدعی اور گواہان چشم دید کا موقعہ پر ہونا ظاہر کرتا ہے۔ بوقت وقوعہ متوفی/متوفیہ کس جگہ پر موجود تھے اور ملزم/ملزمان نے کس جگہ پر کھڑے ہو کر حملہ کیا۔ اسی طرح جائے قتل کا تعین کیا جاتا

Marfat.com

ہے۔ نقشہ موقعہ میں وہ جگہ بھی ظاہر کی جاتی ہے جہاں سے مٹی خون آلود قبضہ میں لی جاتی ہے۔ خول کارتوس وغیرہ کا موقعہ پر پڑا ہونا ظاہر کیا جاتا ہے۔ ملزم/ملزمان کا فلاں سمت کی طرف بھاگنا ظاہر کیا جاتا ہے۔ طرفین کا محل وقوعہ بھی ظاہر کیا جاتا ہے۔ فاصلے اور سمتیں بھی ظاہر کی جاتی ہیں۔

وکیل صفائی کا پٹواری پر جرح کرنے سے پہلے اہم نکات کا مطالعہ:۔

1: سب سے پہلے وکیل صفائی پر لازم ہے کہ وہ نقشہ موقعہ مرتبہ تفتیشی اور نقشہ با سکیل مرتبہ پٹواری دونوں کو اپنے سامنے رکھے اور دونوں میں تضادات نوٹ کرے۔ اور پھر وہ تضادات گواہ پر put کرے اور صفحہ مثل پر لائے اور اگر دونوں نقشہ جات بالکل ایک جیسے ہوں تو عدالت کو باور کرایا جائے کہ دونوں نقشہ جات ایک دوسرے کی نقل ہیں یعنی جو نقشہ تفتیشی نے بنایا ہے اس کی نقل پٹواری سے تھانہ میں کرائی گئی ہے۔ جو کہ عموماً ایسا ہوتا ہے۔ جتنے امتیازی نوٹس تفتیشی کے نقشہ بلا سکیل میں ہوتے ہیں۔ اتنے ہی پٹواری نے نقشہ با سکیل میں دیے ہوتے ہیں۔

2: اس امر کو جانچنے کے لیے پٹواری موقعہ پر گیا تھا یا نہیں؟ یہ ضروری ہے کہ جس تاریخ کو پٹواری نے اپنی شہادت قلم بند کرائی ہو۔ اس تاریخ پیشی پر عدالت کو درخواست کے ذریعے اس کا رجسٹر روزنامچہ واقعاتی طلب کرایا جائے۔

3: جس طرح تفتیشی افسر اپنی کاروائی، آمدورفت کا روزنامچہ میں اندراج کرتا ہے اسی طرح پٹواری بھی اپنی کاروائی اور کارگزاری روزنامچہ میں درج کرتا ہے۔

4: اگر پٹواری بیان کرتا ہے کہ وہ ہمراہ تفتیشی مورخہ 17 ستمبر 2001ء کو موقع پر گیا تو اس کے روزنامچہ میں 17 ستمبر 2001ء کی تاریخ کو چیک کیا جائے آیا وہاں

Marfat.com

مقدمہ قتل کے موقعہ پر روانگی اور آمد کی بابت اندراج ہے یا نہیں؟ اگر اندراج پایا جاتا ہے تو اس کے بیان کی تائید ہو گئی بصورت دیگر واضح ہو گیا کہ پٹواری صاحب موقعہ پر ہرگز نہیں گئے۔ میں یہ بات پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ 90% اس بابت اندراج ہرگز نہیں ہوتا۔

احتیاطاً اس روز شہادت سے پہلے پراسیکیوٹر صاحب سے ملاقات کر کے وہ روز نامچہ دیکھ لیا جائے اگر اندراج ہو تو بہتر ہے۔ روز نامچہ کا سوال صفحہ مثل پر نہ لائے اور اگر اندراج نہیں تو پھر ہر صورت یہ سوال صفحہ مثل پر نہ لایا جائے۔ اکثر وکلاء صفائی کا اس امر کی طرف دھیان نہیں ہوتا۔

5: پٹواری صاحب سے شروع میں ہی یہ پوچھ لینا چاہیے کہ آیا موقعہ پر اس نے نوٹس لئے تھے یا موقعہ پر ہی نقشہ باسکیل تیار کیا تھا۔ نوٹس لینے کی صورت میں نوٹس اور نقشہ باسکیل دونوں کے تضادات کو صفحہ مثل پر لایا جائے۔

6: یہ بھی تجربے میں آیا ہے کہ جس طرح تفتیشی افسران کی ضمنیاں ریٹائرڈ پولیس افسر لکھتے ہیں اسی طرح پٹواری صاحبان بھی نقشہ باسکیل اپنے اپنے استادوں سے تیار کراتے ہیں۔ اور انہیں پیمانہ کے سینٹی میٹر پڑھنے تک نہیں آتے۔ تو وکیل صفائی کو پٹواری پر یہ سوال کرنا چاہیے کہ آپ کتنے عرصے سے بطور پٹواری کام کر رہے ہیں اور پہلے کتنے نقشہ جات تیار کر چکے ہیں؟ اب پٹواری کے سامنے پیمانہ رکھیں۔ اور ان سے پوچھیں سینٹی میٹر کیا ہوتا ہے؟ ایک انچ میں کتنے سینٹی میٹر ہوتے ہیں؟ اس سے پٹواری نروس ہو سکتا ہے اور آپ کے حسب منشا جواب دے گا۔

7: عموماً تفتیشی صاحبان وقوعہ کے کئی کئی ماہ بعد پٹواری سے نقشہ باسکیل

Marfat.com

بنواتے ہیں بلکہ بعض اوقات تو یہ ہوتا ہے کہ جب چالان پر اسکیوشن برانچ میں چیک ہوتا ہے تو نشاندہی کی جاتی ہے کہ نقشہ موقعہ باسکیل تیار کرا کر لف چالان کیا جائے۔ او رپھر تفتیشی عدالت میں اپنی اس غفلت اور کوتاہی کا جرح میں یہ جواب دیتا ہے کہ پٹواری نہیں ملتا تھا اس لئے تاخیر ہوئی۔ حالانکہ پٹواری سے اس امر کے بارے میں پوچھا جائے تو وہ کہے گا میں ہر وقت ڈیوٹی پر موجود رہا ہوں۔ تو پٹواری کا یہ جواب بھی پراسیکیوشن کے خلاف ہوگا۔

8: عموماً کھیتوں میں جو قتل ہوتے ہیں اور گواہان اپنے آپ کو چشم دید بتاتے ہیں اور ان کی یہ شہادت ہوتی ہے کہ ہم دوڑ کر آئے ہیں ملزمان کو متوفی پر حملہ کرتے دیکھا۔ پٹواری صاحب سے یہ پوچھنا ضروری ہوگا کہ بوقت وقوعہ کن فصلات کے موسم تھے اور اس علاقہ میں کون سی کون سی فصل ہوتی ہے؟ اور فصل کا قد کتنا تھا۔ وقوعہ والی جگہ اور گواہان جہاں سے دوڑ کر آئے درمیان میں کونسی فصل کاشتہ تھی اور کتنے قد کی تھی جس کی وجہ سے وقوعہ دیکھا ہی نہیں جا سکتا اسی طرح شرقاً، غرباً، شمالاً، جنوباً کونسی کونسی فصل تھی کو صفحہ مثل پر لایا جائے۔

ایک زنا بالجبر کے مقدمہ میں ایک دفعہ ایسا ہوا کہ متاثرہ ______ نے بیان کیا کہ ملزم نے اس کے ساتھ فصل جوار میں زنا بالجبر کیا اور گواہان نے بھی یہ بیان دیا کہ ہم نے وقوعہ بچشم خود دیکھا۔ لیکن کونسل صفائی نے اپنی شہادت صفائی میں نقل خسرہ گرداوری پیش کی کہ جس ایکڑ میں فصل جوار کا ہونا اور وقوعہ کا ہونا بتایا گیا تھا وہاں تو فصل جوار کاشتہ ہی نہیں تھی لہٰذا اس نقل خسرہ گرداوری کے پیشِ نظر ملزمان باعزت بری ہوئے۔

Marfat.com

اس واقعہ کے ذکر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جائے وقوعہ کی شہادت استغاثہ سے نقل خسرہ گرداوری حاصل کر لی جائے اور پٹواری صاحب سے شہادت کے وقت تائید خسرہ کرائی جائے۔

9: اگر مقدمہ قتل میں پٹواری گواہ سے یہ پوچھ لیا جائے کہ اردگرد فصلات تھی یا کھال پانی خشک تھا یا کوئی کھولا تھا۔ اور وہاں متوفی زنا کا مرتکب یا رنگ رلیوں میں مصروف تھا تو ملزم نے جائے وقوعہ دیکھا اور غیرت فوری اشتعال میں قتل کیا۔ یعنی ان فصلات اور کھال/کھولا کی موجودگی سے یہ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

10: عموماً پٹواری نقشہ باسکیل میں اپنے امتیازی نوٹس میں تحریر کرتا ہے کہ مدعی و گواہان کی نشاندہی پر نقشہ تیار کیا ہے یعنی وہ نہ تو وقوعہ کے نام پر اور نہ ہی گواہان کے ناموں کا ذکر کرتا ہے۔ حتیٰ کہ جرح میں بھی وہ مدعی اور گواہان کے نام نہیں بتلا سکتا۔

11: باقی سوالات کونسل صفائی اپنے ذہن کے مطابق گواہ پر کرے گا یعنی فاصلے گواہ چشم دید اور متوفی کے درمیان۔ پھر متوفی اور ملزم کے درمیان، مدعی کے گھر اور ملزم کے گھر کا فاصلہ اور ان کی سمتیں وغیرہ وغیرہ۔

12: فاصلے کی پیمائش کیسے کی گئی یعنی قدموں کے ذریعے جریب کے ذریعے وغیرہ۔ تضاد بیان کے لیے چشم دید گواہان سے پوچھا جائے کہ فاصلوں کی پیمائش کیسے کی گئی تھی۔

13: بعض پٹواری تفتیشی افسران کی طرح جو نقشہ اور امتیازی نوٹس تیار/تحریر نہیں کرتے بلکہ صرف دستخط کر دیتے ہیں جواب میں یہ کہتے ہیں کہ ہاتھ میں درد تھا یا کہا جاتا ہے کہ خط خراب ہونے کی وجہ سے دوسرے ساتھی سے تیار کرایا۔ لہٰذا یہ تصدیق کر

Marfat.com

لی جائے کہ نقشہ پٹواری گواہ کا واقعی تحریر کردہ ہے کہ نہیں؟

14: ایسا بھی تجربے میں آیا ہے کہ نقشے باسکیل پر تفتیشی اور پٹواری کے جو دستخط ہوتے ہیں وہ ایک دوسرے کو نہیں جانتے۔ لیکن شہادت میں یہ کہہ دیتے ہیں کہ تفتیشی افسر کے حکم پر نقشہ تیار کیا۔ پٹواری گواہ سے تفتیشی کا نام پوچھنا چاہیے۔ بعض اوقات تفتیشی تبدیل ہوتے ہیں۔ تو اصل تفتیشی کی بجائے دوسرا تفتیشی اپنا نام نقشہ موقعہ میں لکھ دیتا ہے ان نقائص کو صفحہ مسل پر لایا جائے۔

☆

Marfat.com

# محرر یا ڈیوٹی افسر ایف آئی آر درج کرانے والے افسر پر جرح

**نوٹ :۔** عام طور پر محرر پر سوالات نہیں کیے جاتے اکثر مقدمات میں محرر کو ترک کر دیا جاتا ہے اور اسکی درج کردہ ایف آئی آر کی تحریر اور دستخط تفتیشی افسر سے تصدیق کرائے جاتے ہیں۔ تفتیشی افسر کی تصدیق کے بعد محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے لیکن منشیات اور قتل عمد کے مقدمات میں جہاں جہاں پارسل کی حوالگی کا ذکر ہو وہاں محرر کی شہادت لازمی قلمبند کی جاتی ہے۔ عام مقدمات میں محرر کی شہادت کی ضرورت نہ رہتی ہے صرف تفتیشی افسر کے بیان میں تحریر اور دستخط شناخت کرنے کے بعد ایف آئی آر EXB کرادی جاتی ہے اور محرر کو انسپکٹر لیگل یا ڈسٹرکٹ اٹارنی یا پیروکار سرکار غیر ضروری سمجھ کر ترک کر دیتا ہے پھر بھی ضرورت کے تحت چند نمونے کے سوالات ملاحظہ فرمائیں۔

جرح کے متوقع سوالات :۔

1۔ آپ نے کس تاریخ کو کس وقت رپورٹ ابتدائی کا اندراج کیا؟

2۔ جو ایف آئی آر آپ نے تحریر کی وہ زبانی بیان سے تحریر کی یا آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہوئی؟

3۔ اگر اطلاع تحریری موصول ہوئی تو وہ مدعی کی تحریری تھی یا اسے کسی نے لکھ کر آپ کے پاس بھیجا تھا؟

Marfat.com

4۔آپ کے کہنے کے مطابق کہ مدعی مستغیث ان پڑھ تھا اور درخواست پر اس کا انگوٹھا ثبت تھا تو تحریری رپورٹ کسی عرضی نویس یا کسی دیگر شخص سے لکھوائی گئی تھی؟

5۔کیا FIR کسی ماہر پولیس افسر نے آپ کو تحریر کرائی؟

6۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ کا اندراج جس طرح مستغیث/ مدعی بتاتا گیا ساتھ ساتھ تحریر کرتے گئے یا مکمل واقعہ سننے کے بعد آپ نے اپنے طور پر یہ رپورٹ تحریر کی؟

7۔پولیس سٹیشن سے جائے وقوعہ کتنے فاصلے پر ہے؟

8۔FIR درج کرانے میں کتنی تاخیر ہوئی؟

9۔جائے وقوعہ سے تھانہ تک کس سواری کی سہولت میسر ہے؟

10۔کیا تمام ملزمان نامزد ایف آئی آر ہیں جن کو مدعی/ مستغیث پہلے سے جانتا تھا؟

11۔کیا ایف آئی آر میں ملزمان نامزد نہ ہیں؟

12۔کیا مدعی/ مستغیث نے ملزمان نامزد نہ ہونے کی صورت میں ملزمان کا حلیہ تحریر کرایا تھا یا نہیں؟

13۔کیا گواہان چشم دید ہیں؟

14۔رپورٹ ابتدائی تحریر کراتے وقت کتنے یوم یا کتنے گھنٹے کی تاخیر ہوئی؟

15۔کیا رپورٹ ابتدائی میں جائیداد کے نقصان کی مالیت بیان کی گئی تھی؟

16۔FIR ٹیلی فون۔فیکس۔اور ٹیلی گرام کے ذریعے موصول ہونیکی صورت میں اس کی کتنے عرصہ بعد تصدیق کی گئی؟

17۔کیا آپ نے ابتدائی رپورٹ میں مدعی/ مستغیث کا مکمل بیان تحریر کیا تھا؟

18۔کیا رپورٹ ابتدائی تحریر کرنے کے بعد مدعی/ مستغیث کو اس کا بیان سنایا تھا؟

Marfat.com

19۔کیا مدعی نے بیان سننے کے بعد کوئی اور بات تحریر کرنے کو کہا؟

20۔ابتدائی رپورٹ درج کرنے کے کتنی دیر بعد آپ نے تفتیشی افسر کے حوالے کی ؟

21۔ ابتدائی رپورٹ درج ہونے کے کتنی دیر بعد اس کی کاپی علاقہ مجسٹریٹ کو بھیجی گئی؟

22۔ابتدائی رپورٹ کی کاپی کتنی دیر بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا ایس پی کو ارسال کی گئی؟

23۔کیا فوری طور پر ایس پی ضلع کی طرف سے جرم ترمیم کرنے کا حکم صادر ہوا یا نہیں؟

24۔مدعی یا مستغیث سے کتنی دیر بعد تفتیش کی گئی؟

25۔وقوعہ کے کتنے عرصہ بعد یہ رپورٹ ابتدائی تحریر کی گئی؟

26۔کیا آپ نے رپورٹ ابتدائی میں تاخیر کی وجہ تحریر کی؟

27۔کیا آپ نے وقوعہ سرزد ہونے کی وجہ یا وجہ عناد تحریر کی تھی؟

28۔کیا مدعی/مستغیث چشم دید گواہ بھی ہے یا نہیں؟

29۔کیا مدعی/مستغیث کے ساتھ گواہان چشم دید بھی تھانہ آئے تھے؟

Marfat.com

# قتل عمد میں تفتیشی افسر پر جرح

**302 ت پ کے مقدمہ میں تفتیشی افسر پر جرح کے متوقع سوالات:۔**

1 کیا آپ اس مقدمہ میں مدعی بھی ہیں اور تفتیشی افسر بھی؟

2 مدعی اور گواہان آپ کو کس مقام پر ملے تھے؟

3 جائے وقوعہ پر آپ کس تاریخ کو گئے تھے؟

4 کیا آپ نے جائے وقوعہ پر جانے سے قبل مدعی اور گواہان کے بیانات قلم بند کر لئے تھے؟

5 استغاثہ تھانہ کون لے کر گیا تھا؟

6 کیا آپ نے استغاثہ لے جانے والے کانسٹیبل کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کیا تھا۔؟

7 کیا یہ درست ہے کہ مدعی کا بیان تحریر کرنے کے بعد آپ واپس تھانہ آ گئے تھے؟

8 تھانہ سے کب روانہ ہوئے اور رپٹ نمبر کیا ہے؟

9 آپ کے ساتھ دیگر کتنے ملازمین روانہ ہوئے؟

10 آپ کو مقدمہ کی تفتیش کب سپرد ہوئی؟

11 جائے وقوعہ پر آپ کس تاریخ کو پہنچے؟

12 جائے وقوعہ تھانہ سے کتنی دور ہے؟

13 جائے وقوعہ پر آپ کتنی دیر کے بعد پہنچے؟

Marfat.com

14 جائے وقوعہ پر آپ کتنی مرتبہ گیے؟

15 موقع پر اور کتنے لوگ موجود تھے؟

16 کیا ان اشخاص کے نام آپ نے اپنی ضمنی میں تحریر کیے تھے؟

17 آپ نے نقشہ موقع بلا سکیل کس تاریخ کو تیار کیا تھا؟

18 کیا اس میں آپ نے گواہان کی موجودگی کو ظاہر کیا ہے؟

19 کیا موقع پر کوئی خول برآمد ہوئے؟

20 کیا آپ نے اسلحہ، خول ہتھیار و غیرہ وغیرہ موازنے کے لیے بھجوائے؟

21 آپ نے موقع پر کیا کیا اشیاء قبضہ میں لی تھیں؟ یہ درست ہے ان تمام اشیاء کے پارسل آپ نے تھانہ میں سیل کیے تھے؟

22 مدعی اور گواہان کے بیانات بھی آپ نے تھانہ میں لکھے؟

23 موقع پر کتنے لوگوں کو آپ نے شامل تفتیش کیا؟

24 جو اشیاء موقع پر برآمد کی گئی تھیں کیا آپ نے ان کی فرد مرتب کی؟

25 کن کن گواہان نے فرد پر دستخط کیے؟

26 لکھ پڑھ کہاں ہوئی تھی؟

27 کیا ان فردات پر گواہان نے تھانہ میں دستخط کیے تھے؟

28 آپ کتنی دیر موقع پر رہے؟

29 لکھ پڑھ کہاں بیٹھ کر ہوئی؟

30 لکھ پڑھ کے لیے میز اور کرسی کہاں سے حاصل کی گئی تھی؟

31 رات کی صورت میں روشنی کا کیا انتظام کیا گیا؟

Marfat.com

32 آپ موقع پر کتنی دیر رہے؟

33 تھانہ واپس کب پہنچے؟

34 کیا یہ درست ہے کہ نقشہ بلا سکیل آپ ہی نے پٹواری/ نقشہ نویس کو دیا جس پر اس نے نقشہ باسکیل مرتب کیا؟

35 کیا نقشہ باسکیل کی تیاری کے وقت آپ بھی موقع پر موجود رہے؟

36 نقشہ کی تیاری کے وقت اور کتنے لوگ موقع پر اکٹھے ہو گئے تھے؟

37 کیا پٹواری/ نقشہ نویس نے صرف موقع پر نوٹس لیے تھے اور نقشہ گھر جا کر تیار کیا؟

38 وقوعہ کے کتنے عرصہ کے بعد نقشہ موقع باسکیل تیار کیا گیا؟

39 اس تاخیر کی وجہ؟

40 نقشہ موقع باسکیل اور نقشہ موقع بلاسکیل میں فرق کیوں ہے؟

41 کیا آپ نے امتیازی نشانات تصدیق کے طور پر نقشہ موقع باسکیل میں تحریر کیے ہیں؟

42 کیا آپ مدعی اور گواہان کو پہلے سے جانتے تھے؟

43 کیا ملزم/ ملزمان کو پہلے سے جانتے تھے؟

44 آپ نے پارسل کس تاریخ کو محرر کے حوالے کیے؟

45 جائے وقوعہ کی مشرق میں کیا ہے؟

46 جائے وقوعہ کی مغرب میں کیا ہے؟

47 جائے وقوعہ کے شمال میں کیا ہے؟

Marfat.com

48 جائے وقوعہ کے جنوب میں کیا ہے؟

49 نقشہ موقع مرتب کرتے وقت آپ نے کن کن لوگوں سے وقوعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کی تھیں؟

50 کیا جائے وقوعہ کے نزدیک کوئی خاص سڑک یا ندی نالہ ہے؟

51 کیا نقشہ مرتب کرتے وقت تمام گواہان چشم دید موجود تھے؟

52 کیا آپ نے جائے وقوعہ کے فوٹو تیار کرائے؟

53 فوٹو کس نے تیار کیئے؟

54 کیا فوٹو گراف سے جائے وقوعہ کی نشاندہی ہوتی ہے؟

55 کیا فوٹو گرافر کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف آپ نے تحریر کیا تھا؟

56 کیا اس کا نام فہرست گواہان میں شامل ہے؟

57 موقع پر کتنے فوٹو لئے گئے تھے؟

58 ان میں سے مثل مقدمہ کیساتھ کتنے فوٹو لف کئے گئے ہیں؟

59 تمام فوٹو لف نہ کرنے کی وجہ کیا تھی؟

60 فوٹو گرافی آپ نے نقشہ مرتب کرنے سے قبل تیار کرائی یا نقشہ مرتب کرنے کے بعد؟

61 جائے واردات پر موجود اشیاء یعنی خول وغیرہ کی فوٹو گرافی آپ نے فوری طور پر کرائی، یا اشیاء اکٹھی کر کے بعد میں فوٹو گرافی کرائی ہے؟

63 کیا برآمدگی اسلحہ کے وقت آپ نے فوٹو گرافی کرائی؟

Marfat.com

63 کیا کوئی موقعہ کی ویڈیو فلم تیار کی گئی تھی؟

64 آپ کتنی دیر جائے وقوعہ پر گئے؟

65 مٹی خون آلود وغیرہ کے پارسل پر آپ نے کس نام کی اور کتنی مواہیر لگوائی تھیں؟

66 وقوعہ کے کتنی دیر بعد ملزمان/ملزم گرفتار ہوئے؟

67 ملزم نے اسلحہ کہاں سے برآمد کرایا؟

68 کیا آپ ملزم کے ہمراہ اس کے گھر میں داخل ہوئے؟

69 کیا آپ نے وارنٹ خانہ تلاشی حاصل کیا تھا؟

70 کیا گواہان برآمدگی بھی آپ کے ہمراہ ملزم کے مکان میں داخل ہوئے تھے؟

71 کیا گھر میں پردہ دار خواتین بھی تھیں کیونکہ ملزم بہن بھائیوں اور ماں باپ کیساتھ اکٹھے گھر میں رہتا ہے؟

72 آپ نے ملزم کے گھر کس وقت ریڈ کیا؟

73 ملزم کو گرفتار کرتے وقت ملزم کے کمرے تک کس ذریعے سے پہنچے دیوار پھلانگ کر یا گھر کے بڑے گیٹ کے ذریعے؟

74 کیا ملزم نے کوئی مزاحمت کی؟ ملزم کو پہلے کس نے پکڑا؟

75 کیا ملزم نے ازخود اسلحہ اٹھا کر دیا؟ یا اس نے صرف اشارہ کیا اور آپ نے خود اٹھایا؟

76 ملزم کے گھر کے جانب مشرق کیا ہے؟

Marfat.com

77 ملزم کے گھر کے مغرب میں کیا ہے؟

78 ملزم کے گھر کے شمال میں کیا ہے؟

79 ملزم کے گھر کے جنوب میں کیا ہے؟

80 کیا آپ نے ملزم کو یا اس کے گھر کے کسی بڑے فرد کو وارنٹ خانہ تلاشی دکھایا تھا؟

81 کیا اس بات کا اندراج آپ نے اپنی ضمنی میں کیا؟

82 کیا آپ نے بوقت گرفتاری ملزم کی جامع تلاشی لی تھی؟

83 کیا آپ نے فرد برآمدگی جامع تلاشی ملزم تیار کی تھی؟

84 اس فرد پر کس کس نے دستخط کیے تھے؟

85 برآمدگی کے لیے جاتے وقت آپ نے علاقے کے معزز لوگوں کو شامل کیا تھا؟

86 دیگر کتنے لوگ موقع پر اکٹھے تھے؟

87 ان میں سے آپ نے گواہان برآمدگی کیوں نہیں رکھے؟

88 پبلک کے گواہان میں سے آپ نے برآمدگی اسلحہ کا گواہ کیوں نہیں رکھا؟

89 ملزم کی گرفتاری کے لیے مخبر آپ کو کہاں ملا تھا؟

90 مخبر نے مخبری آپ کو کی تھی یا ایس ایچ او تھانہ کو؟

91 کیا گواہان برآمدگی بوقت مخبری موجود تھے اور مخبر کی گفتگو سن رہے تھے؟

92 کیا بوقت ریڈ مخبر ساتھ تھا یا نہیں؟

93 کیا بوقت گرفتاری ملزم ______ مخبر نے ملزم کی طرف اشارہ کیا تھا یا نہیں

Marfat.com

؟

94 مخبر نے کتنے فاصلے پر ملزم کی نشاندہی کی تھی؟

95 فرد برآمدگی پر پہلے کس گواہ نے دستخط کیے تھے؟

96 کیا فرد پر پہلے آپ نے دستخط کیے یا گواہان برامدگی نے؟

97 فردات پر آپ نے کہاں دستخط کیے؟

98 ملزم کے گھر کی تلاشی کس نے لی تھی؟

99 ملزم کے گھر سے دیگر اشیاء جو آپ نے قبضہ میں لی تھیں کیا ان کی فہرست موقع پر بنائی تھی؟

100 اگر ملزم/ملزمان نامعلوم تھا تو آپ نے ملزم/ملزمان کی گرفتاری کے کتنے عرصے بعد شناخت پریڈ کی کاروائی کے لیے ملزم کو عدالت میں پیش کیا؟

101 شناخت پریڈ کی کاروائی کے لیے عدالت نے کیا حکم دیا؟

102 کیا عدالت ملزم سے مخاطب ہوئی؟

103 ملزم/ملزمان کو عدالت نے کیا کیا ہدایات دیں؟

104 گرفتاری کے کتنے عرصہ کے بعد شناخت پریڈ کرائی گئی؟

105 کیا شناخت پریڈ کی کاروائی سے قبل ملزم اور گواہان کی آپس میں کوئی بات چیت ہوئی تھی؟

106 کیا جب ملزم تھانہ بند تھا اس دوران تفتیش میں شامل ہونے کے لیے گواہان اور مدعی تھانہ آتے رہتے تھے؟

107 آپ نے بوقت گرفتاری ملزم کو کوئی ہدایت کی ہو؟

Marfat.com

108 کیا آپ نے شناخت پریڈ کی کاروائی مین حصہ لیا؟

109 کیا اس کاروائی کے دوران آپ مجسٹریٹ کے ہمراہ رہے یا جیل سے باہر؟

110 شناخت پریڈ کے وقت کتنے دیگر افراد کو ملزمان کے ساتھ کھڑا کیا گیا تھا؟

111 شناخت پریڈ کی کاروائی کتنی مرتبہ عمل میں لائی گئی؟

112 گواہان نے کس کس ملزم کو شناخت کیا اور کس کس ملزم کو شناخت نہ کیا؟

113 کس گواہ نے ملزم کو غلط طور پر شناخت کیا؟

114 کیا عدالت میں بھی ملزم/ملزمان نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا؟

115 ملزم کتنا عرصہ تھانہ میں بند رہا؟

116 ملزم کو دوبارہ آپ نے ریمانڈ جسمانی حاصل کرنے کے لیے کس تاریخ کو عدالت میں پیش کیا؟

117 ملزم کتنا عرصہ جسمانی ریمانڈ پر رہا؟

118 کیا آپ نے فرد نشاندہی ملزم مرتب کی تھی؟

119 اس فرد پر کس کس گواہ نے دستخط کیے؟

120 کیا آپ نے ان گواہان کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف قلمبند کیا تھا؟

121 کیا آج مال مقدمہ موجود عدالت ہے؟

122 کیا جب اسلحہ آپ کو واپس وصول ہوا تو وہ سیل شدہ تھا یا نہیں؟

123 پستول/بندوق/رائفل کیساتھ آپ نے مزید کیا بھیجا؟

124 5 عدد گولیاں نئی آپ نے کہاں سے خریدی تھیں؟

125 ان گولیوں کی رقم آپ نے اپنی جیب سے دی یا پولیس کی طرف سے کوئی

Marfat.com

ز ہوتا ہے؟

126 ملزم نے دیگر کوئی اشیاء برامد کرائیں؟

127 اسلحہ کو کس کس گواہ نے شناخت کیا؟

128 آپ نے مٹی فون آلود اور کپڑے مقتول وغیرہ کس تاریخ کو بھیجے؟

129 کتنے یوم کی تاخیر سے آپ نے یہ پارسل بھجوائے؟

130 اس تاخیر کی وجہ؟

131 کیا آپ نے اسلحہ پر فنگر پرنٹ حاصل کرنے کی کوشش کی؟

132 کیا رپورٹ سرالوجسٹ چالان مرتب کرنے سے قبل وصول ہوگئی تھی؟

133 کیا آپ نے ملزم کے بھی فنگر پرنٹ حاصل کیے تھے؟

134 نتیجہ کیا موصول ہوا؟

135 کیا ملزم نے اپنی صفائی پیش کی؟

136 ملزم کی طرف سے صفائی کے کتنے گواہان پیش ہوئے؟

137 ملزم نے اپنی صفائی میں کیا کہا؟

138 کیا اسلحہ ایکسپرٹ کو آپ نے گواہ رکھا؟

139 کیا متوفی ہسپتال میں فوت ہوا؟

140 آپ نے اس کا بیان کس تاریخ کو تحریر کیا تھا؟

141 کیا متوفی نے کوئی بیان نزعی تحریر کرایا تھا؟

142 بیان نزع کے کون کون سے گواہان تھے؟

143 کیا آپ نے ان تمام گواہان کو شامل تفتیش کیا؟

Marfat.com

144 کیا اس بیان کے روشنی میں تمام ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں؟

145 آپ نے کس بنیاد پر ملزم کو بے قصور قرار دیا؟

146 آپ پولیس فائل ملاحظہ کریں مدعی مقدمہ اس ملزم کو اپنے بیان میں شامل ہونا بیان کرتا ہے؟

147 تمام گواہان اس ملزم کو وقوعہ میں شامل ہونا بیان کرتے ہیں کیا یہ درست ہے؟

148 کیا صفائی کے تمام گواہان ملزم کے رشتہ دار ہیں؟

149 کیا یہ گواہان بوقت وقوعہ موقع پر موجود تھے؟

150 کس سینئر پولیس افسر نے تصدیق تفتیش کی؟

151 کیا وہ افسر موقع پر بھی آیا تھا؟

152 فردات، ضمنی، نقشہ وغیرہ کی تحریریں مختلف انداز میں کیوں تھیں؟

153 کیا ضمنی آپ نے خود لکھی یا بول کر تحریر کرائی؟

Marfat.com

# اقدامِ قتل میں ملزم / ملزمان کی ضمانت

## (دفعہ 324ت پ)

Marfat.com

Marfat.com

1995 PCrLJ 1345 1994 PCrLJ 994/1424

1994 PCrLJ 987 1994 PCrLJ 2449

1994 PCrLJ 108 1995 PCrLJ 862

1994 PCrLJ 1461/1293/625

1994 PCrLJ 2285(بیوی ساس اور سالہ کو ضربات)

1994 PCrLJ 2124 (باپ کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے 46 ضربات لگائیں)

☆ جب گولی ٹخنہ پر ماری گئی تو ضمانت منظور کی گئی:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جب گولی ٹخنہ پر لگی تو ملزم کا ارادہ قتل محتاج تحقیقات قرار دے کر ضمانت لی گئی۔

1994 SCMR 2051

☆ جب ملزم بھی زخمی تھے تو ضمانت منظور ہوئی:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جب ملزم بھی زخمی تھے تو اس سوال پر ضمانت لی گئی کہ شہادت لکھنے سے پہلے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کونسی پارٹی ظالم تھی اور کونسی مظلوم۔

1994 PCrLJ 2283

☆ جب ہڈی آر پار نہ کٹی تھی تو ضمانت منظور کی گئی:۔

اقدام قتل کے مقدمے میں جب ڈاکٹر نے تیز دھار آلہ سے ہڈی ٹوٹنے کا یہ سرٹیفکیٹ دیا لیکن یہ نہ لکھا تھا کہ ہڈی آر پار ٹوٹی ہوئی پائی گئی تو ضمانت منظور ہوئی۔

PLD 1961 Lah 506 1992 PCrLJ 2182

☆ اقدام قتل میں خفیف ضرب لگانے والے کی ضمانت منظور۔

Marfat.com

1998 PCrLJ 11

☆ اقدام قتل میں قبل از گرفتاری ضمانت منظور۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جب پولیس نے پرچہ 15 دن دیر سے درج کیا اور فریقین میں دیوانی مقدمہ بازی چل رہی تھی تو اس ملزم کی قبل از گرفتاری ضمانت منظور کر لی گئی جس پر ہوائی فائرنگ کا الزام تھا۔

2001 PCrLJ 1291/1723/1349/1341+2001 SCMR 1544

☆ سر پر کلہاڑیاں۔ مارنے والے کی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم

جس ملزم نے مدعی کے سر پر دو کلہاڑیاں ماریں مگر ضربات خفیف تھیں تو چونکہ اس نے مزید ضربات نہ لگائیں۔ ارادہ قتل کی نفی ہونے کے سبب لاہور ہائی کورٹ نے ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کر دی۔

1989 PCrLJ 603

☆ اقدام قتل کے مقدمات میں قبل از گرفتاری ضمانت کنفرم:۔

جب ارتکاب جرم کی ٹھوس شہادت موجود نہ ہو اور الزام دشمنی یا سیاسی مخالفت کے سبب لگایا ہوا معلوم ہوتا تو اقدام قتل کے مقدمات میں بھی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کی گئی۔

1986 PCrLJ 460/50

1984 PCrLJ 923/3207

1987 MLD 2662

1987 PCrLJ 809

1988 PCrLJ 805

1987 PCrLJ 1336

1970 PCrLJ 188

1975 PCrLJ 392

Marfat.com

ارادہ قتل کا نہ مانتے ہوئے ضمانت لے لی۔

1997 PCrLJ 524

NLR 2002 CrLJ 83

☆ F-میں ضمانت لازمی ہیں:۔

جب ضربات سے یہ اندازہ ہو جائے کہ ارادہ قتل کا نہ تھا تو جرم 324 کی بجائے 337-F میں ہوگا۔

1999 PCrLJ 230

☆ جس نے فائر نہ کیا اس کی ضمانت منظور کی گئی:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جس ملزم نے بندوق سے مسلح ہونے کے باوجود فائر نہ کیا اس کی ضمانت لی گئی کیونکہ اس کا قاتلانہ ارادہ مزید تحقیقات طلب تھا۔

1998 PCrLJ 11

☆ قتل میں اکسانے والے کی ملزم کی ضمانت منظور کی گئی:۔

جس ملزم پر الزام تھا کہ اس نے ساتھی ملزم کو اشارہ کر کے فائرنگ پر اکسایا اس کی ضمانت اس وجہ سے ہوگئی کہ سازش کا الزام عموماً مزید تحقیقات طلب سمجھا جاتا ہے۔

1998 PCrLJ 179

☆ للکارا اور سازش کی ضمانت ہوگی:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جہاں فائرنگ کی گئی وہاں لاہور کے ایک ڈویژن بنچ نے ان ملزمان کی ضمانت منسوخ نہ کی جن پر للکارنے یا سازش کرنے کا الزام تھا ڈویژن بنچ نے منسوخی ضمانت کے اس مقدمہ کی بطور خاص سماعت اسی قانونی نکتہ کی وضاحت کے لیے کی کہ

Marfat.com

آیا ایسے ملزمان کی ضمانت درست ہے یا غلط۔

1999 PCrLJ 51

☆ کراس مقدمہ درج نہ کرنے پر ضمانت منظور:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جب پولیس نے کراس مقدمہ درج نہ کیا۔ مگر ملزم کے دائر کردہ استغاثہ میں مدعی کی طلبی ہوگئی تو اس وجہ سے ضمانت ہوگئی۔

1995 PCrLJ 859

☆ اقدام قتل کے مقدمہ میں شناخت پریڈ نہ کرانے کے سبب ضمانت:۔

1997 MLD 2687

☆ غیر موثر فائر کرنے والے کی ضمانت:۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں جس ملزم نے تین فائر کیئے جو کسی کو نہ لگے۔ تو اس کی ضمانت لی گئی۔

1992 PCrLJ 409 PLD 2002 Kar. I

☆ ملزمان کا نام پرچہ میں نہ تھا اور پریڈ شناخت نہ کرائی گئی ضمانت منظور:۔

آتش زنی اور اقدام قتل میں جن ملزمان کا نام پرچہ میں شامل نہ تھا اس کی ضمانت اس لئے لی گئی کہ ان کی شناخت بھی پولیس نے نہ کرائی۔

1997 PCrLJ 637/709/665/670/761

☆ اقدام قتل کا مقدمہ فائرنگ کا الزام لیکن گولی کسی کو نہ لگی اس لئے ضمانت منظور کی گئی:۔

پہ جب مدعی کی ملزمان سے دشمنی تھی اور اس پر الزام تھا کہ انہوں نے مدعی اور گواہان پر فائر کی لیکن کوئی شخص زخمی نہ ہوا تو ملزمان کی ضمانت ہوگئی۔

Marfat.com

اقدام قتل کے مقدمہ میں اس ملزم کی ضمانت لی گئی ۔جس کی لگائی ہوئی ضرب خفیف پائی گئی۔

1992 PCrLJ 2256

☆ اقدام قتل میں ضرب کی نوعیت کے سبب ضمانت منظور کی گئی:۔

جب مدعی کو لگی ہوئی ضرب دفعہ F337 میں ہوتی تھی جس کی سزا امتناعی شق میں نہیں آتی ۔تو ضمانت منظور کی گئی۔

PLD 1992 PESH 111

☆ اقدام قتل میں قبل از گرفتاری ضمانت منظور کنفرم کی گئی:۔

جس ملزم پر بے اثر فائرنگ کرنے کا الزام تھا اور جسے پولیس نے بے گناہ قرار دیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے اس کی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کر دی۔

1989 PCrLJ 1602

☆ عورت ملزمہ کی قبل از گرفتاری ضمانت کنفرم ہوئی۔

اقدام قتل کے مقدمہ میں نوجوان لڑکی کی قبل از گرفتاری ضمانت کنفرم کی گئی۔جس نے سوٹی سے غیر اہم حصہ جسم پر ضرب لگائی تھی۔

1992 PCrLJ 796

☆ اقدام قتل میں قبل از گرفتاری ضمانت کنفرم ہوئی۔

جس ساتھی ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری ہوگئی تھی تو اصول مساوات کی بناء پر دوسرے ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کی گئی۔سرکاری ملازمین پر حملہ اور سرکاری کام میں مداخلت کا الزام تھا۔

Marfat.com

1987 PCrLJ 1088/1033 1987 PCrLJ 1168/986/1014

1990 PCrLJ 278 1992 PCrLJ 796/2086

PLD 1992 Pesh 111 1985 SCMR 1949

1991 SCMR 322 1992 MLD 1914

1993 PCrLJ 446 PLD 1993 Lah 500

1994 MLD 1426 PLD 1994 Lah 147

1994 PCrLJ 2507 1995 PCrLJ 862

1991 SCMR 322، 1993 PCrLJ 604

1983 PCrLJ 420/1417/1268/2175/2320

1994 PCrLJ 1448/2523/2021/1454/1769

1989 PCrLJ 603

(سر پر دو کلہاڑیاں ماریں ضربات خفیف تھیں۔ضمانت ہوگئی)

☆ ٹانگوں پر فائرنگ کرنے والے ملزمان کی ضمانت منظور کی گئی:۔

جب ملزمان کی فائرنگ سے مدعی کی ٹانگوں اور رانوں پر نو زخم لگے تو ہائی کورٹ نے ان کی ضمانت اس وجہ سے منظور کر لی کہ ٹانگوں پر فائر کرنے اولے کی نیت اور ارادہ قتل کرنے کا نہیں ہوسکتا تھا۔اس لئے دفعہ 324 ت پ کا اطلاق مزید تحقیقات طلب ہے۔

1997 PCrLJ 1306

Marfat.com

☆ نابالغ طالب علم کی ضمانت ہوئی:۔

